ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | بتاریخ 03 شوال 1447ھ 23 مارچ 2026، صفحات 08 | شمارہ 257
رجسٹرڈ BCm-1 | PTCL 081-2827345 081-2827344 | Email: mashriqqta2008@gmail | قیمت 35 روپے

ہائی آکٹین پر لیوی بڑھا کر 300 روپے کرنیکا فیصلہ

لکڑری گاڑیوں میں استعمال ہونیوالے ہائی آکٹین پر پہلے لیوی 100 روپے تھی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) لکڑری گاڑیوں میں استعمال ہونیوالے ہائی آکٹین فیول پر لیوی 100 روپے سے بڑھا کر 300 روپے کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت ویڈیو لنک کے ذریعے ہونے والے اجلاس میں ..... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں مزید اوپر جاسکتی ہیں، عطا تارڑ

کفایت شعاری سے اس ہفتے قیمتوں کے آگے بند باندھا گیا، پریس کانفرنس

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا کہ آنے والے دنوں میں عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں مزید اوپر جاسکتی ہیں، ہم سب کو مل کر بچت ..... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر سے مختلف شخصیات کی ملاقات، عید کی مبارکباد دی

جعفر مندوخیل نے نماز عید بھی گورنر ہاؤس میں ادا کی، ملی سلامتی کیلئے دعائیں

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے چیف جسٹس کامران خان ملاخیل ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے گورنر ہاؤس کی مسجد میں عید الفطر کی نماز ادا کی اور ملک ..... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت کا آبی وسائل کو بطور ہتھیار استعمال کرنا انتہائی تشویشناک ہے، صدر مملکت

بھارت کا معاہدے کو معطل کرنا، بائیڈرولوجیکل ڈیٹا کی فراہمی میں رکاوٹ ڈالنا بین الاقوامی معاہدے کے منافی ہے، آصف زرداری

اسلام آباد (شاکر رحمان) صدر مملکت آصف علی زرداری نے پانی کے زیادہ ذمہ داری اور احتیاط سے استعمال پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ آبی وسائل کا مجاز انتظام، اس سلسلے میں سرمایہ کاری و منصوبہ بندی اور خواتین کی زیادہ شمولیت ناگزیر ہے، بشرطیکہ آبی وسائل کو بلکو ..... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

عمران کی عید کے دن بیٹوں سے بات کرادی گئی

بانی نے بیٹوں سے 25 سے 30 منٹ تک گفتگو کی، جیل حکام

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) اڈیالہ جیل میں قید بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی عید کے دن بیٹوں سے بات کروادی گئی۔ جیل ذرائع کے مطابق بانی ..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

بانی پی ٹی آئی نمازِ عید ادا نہیں کرسکے، جیل ذرائع

سیکورٹی وجوہات کے باعث اپنے سیل میں ہی قیام کیا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) راولپنڈی اڈیالہ جیل میں بھی عید الفطر کی نماز ادا کی گئی تاہم سیکورٹی وجوہات کے باعث بانی پی ٹی آئی نماز عید ادا نہیں کرسکے۔ جیل ..... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

دیمونا اور عرادمیں ایرانی میزائلوں نے تباہی مچادی، 6 صیہونی ہلاک، سینکڑوں زخمی، نیتن یاہو نے حملوں کو اسرائیل کیلئے انتہائی مشکل شام قرار دیدیا

سقوطِ اسرائیل تک جنگ جاری رہے گی، ایران

24 گھنٹے میں آبنائے ہرمز نہ کھولی تو ایرانی توانائی تنصیبات تباہ کردیں گے، ٹرمپ

ایران نے نطنز میں اپنی جوہری تنصیبات پر امریکا اور اسرائیلی حملے کے جواب میں اسرائیلی ایٹمی مرکز دیمونا پر 2 حملے کیے، عراد پر بھی ایرانی میزائلوں کی بارش، عمارتیں تباہ

ایرانی بجلی گھروں پر حملہ کیا گیا تو خطے میں تمام امریکی توانائی تنصیبات کو نشانہ بنایا جائے گا، ختم الانبیا ہیڈکوارٹر، دشمن کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور کردینگے، ایرانی وزارت دفاع

تہران (ٹی ایچ م ڈ) اسرائیلی وزیراعظم بنجامن نیتن یاہو نے جنوبی اسرائیلی شہر دیمونا اور عراد میں ایران کے جوابی حملوں سے پریشان ہوگئے۔ سوشل میڈیا پر اسرائیلی وزیراعظم بنجامن نیتن یاہو نے جاری بیان میں کہا یہ اسرائیل کے لیے ایک انتہائی مشکل شام ہے۔ بنجامن نیتن یاہو نے کہا کہ انتہائی مشکل شام کے باوجود دشمنوں پر حملے جاری رکھیں گے، یہ ہمارے مستقبل کی جنگ ہے۔ ادھر دیمونا اور عراد پر ایران کے ہولناک حملوں کے بعد اسرائیل نے پورے ملک میں طبی اداروں میں چھٹی دے دی۔ اسرائیلی وزارت تعلیم نے اعلان کیا کہ اتوار اور پیر کے روز کوئی ..... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان بھر میں عیدالفطر مذہبی جوش وجذبہ سے منائی گئی

نماز عید میں لاکھوں فرزندان توحید کی شرکت، سیکورٹی کے فول پروف انتظامات

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں عیدالفطر مذہبی جوش وخروش سے منائی گئی صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں سیکڑوں مقامات پر عیدالفطر کے چھوٹے بڑے ..... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

قوم کا ہر فرد پیٹرول اور گیس کا استعمال آدھا کردے، رانا ثناء اللہ

استعمال کم نہیں ہوتا تو قیمتیں بڑھنے کے اثرات آئیں گے، میڈیا سے گفتگو

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ کا کہنا ہے پوری قوم کا ہر فرد پیٹرول اور گیس کا استعمال آدھا کردے، قوم 50 فیصد استعمال ..... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

شہباز شریف کا بحرین کے شاہ سے رابطہ، حملوں کی مذمت

دونوں رہنماؤں کے درمیان عید الفطر کی مبارکباد کا تبادلہ بھی ہوا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف اور بحرین کے شاہ حمد بن عیسیٰ الخلیفہ کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے شاہ حمد اور بحرین ..... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

سعودیہ کا ایرانی سفارتکاروں کو ملک چھوڑنے کا حکم

ایرانی فوجی اتاشی اور اسسٹنٹ فوجی اتاشی کو ناپسندیدہ شخصیت قرار دیدیا

ریاض (م ذ) سعودی عرب نے اہم سفارتی قدم اٹھاتے ہوئے ایران کے سفارتی عملے کو ملک چھوڑنے کا حکم دے دیا ہے۔ سعودی وزارت خارجہ کے مطابق ایرانی ..... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر



عید الفطر اور نوروز کا سنگم کوئٹہ میں رم جھم خوشیوں کا رنگ دوبالا

تاریخ کا خوبصورت موڑ جہاں عید الفطر اور نوروز ایک ساتھ آئے ہیں، صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بہار کی آمد پر رم جھم سے خوشیاں دوبالا

عید کی خوشیوں کو دوبالا کرنے کے لیے نوجوانوں، بچوں اور خاندانوں نے باہر کھانے کو ترجیح دی، ریستوران روایتی کھانوں سے مہکتے رہے

مختلف ریسٹورنٹس میں خصوصی انتظامات کیے گئے، جہاں فیملی بائز کو خوبصورتی سے سجایا گیا تھا اور بچوں کے لیے بھی تفریحی ماحول فراہم کیا گیا

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) عید الفطر کے دوسرے روز صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں خوشیوں کا رنگ مزید گہرا ہو گیا، جہاں شہریوں کی بڑی تعداد گھروں سے نکل کر شہر کے مختلف ریسٹورنٹس اور ہوٹلز کا رخ کرتی رہی۔ عید کی خوشیوں کو دوبالا کرنے کے لیے نوجوانوں، بچوں اور خاندانوں نے باہر کھانے کو ترجیح دی، جس کے باعث شہر کے معروف کھانے کے مراکز پر غیر معمولی رش دیکھنے میں آیا۔ شام ڈھلتے ہی ریسٹورنٹس میں گہما گہمی بڑھ گئی جو رات گئے تک برقرار رہی اور شہری مختلف لذیذ پکوانوں سے لطف اندوز ہوتے رہے۔ تجربات کے مطابق عید کے دوسرے روز کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں واقع ریسٹورنٹس، ہوٹلز اور فوڈ اسٹریٹس پر لوگوں کا تانتا بندھ گیا۔ خاص طور پر نوجوان طبقہ اپنے دوستوں کے ہمراہ بڑی تعداد میں ریسٹورنٹس پہنچا، جہاں انہوں نے نئی ڈشز کباب، بار بی کیو، کڑاہی، فاسٹ فوڈ اور دیگر روایتی کھانوں کا بھرپور لطف اٹھایا۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ عید کے موقع پر باہر کھانے کا اپنا ہی مزہ ہوتا ہے، جس سے نہ صرف تفریح کا موقع ملتا ہے بلکہ دوستوں اور اہل خانہ کے ساتھ خوشگوار وقت گزارنے کا بھی موقع میسر آتا ہے۔ دوسری جانب بڑی تعداد میں خاندان بھی بچوں کے ہمراہ ہوٹلز میں موجود رہے۔ خواتین اور بچوں کی دلچسپی کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف ریسٹورنٹس میں خصوصی انتظامات کیے گئے تھے، جہاں فیملی بائز کو خوبصورتی سے سجایا گیا تھا اور بچوں کے لیے بھی تفریحی ماحول فراہم کیا گیا۔ والدین کا کہنا تھا کہ عید کی مصروفیات کے بعد گھر سے باہر نکل کر کھانا کھانا بچوں کے لیے خوشی کا باعث بنتا ہے، اسی لیے وہ اس روایت کو برقرار رکھتے ہیں۔ ریسٹورنٹس انتظامیہ کے مطابق عید کے موقع پر کاروبار میں نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ مختلف ہوٹلز کے منیجرز کا کہنا تھا کہ عید کے تین دن شہریوں کا رش معمول سے کہیں زیادہ ہوتا ہے، تاہم دوسرے روز رش اپنے عروج پر پہنچ جاتا ہے۔ صارفین کی سہولت کے لیے خصوصی ڈشز متعارف کرائی گئی ہیں جبکہ سروس کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے اضافی عملہ بھی تعینات کیا گیا ہے تاکہ کسی بھی شہری کو انتظار کی زحمت نہ اٹھانی پڑے۔ کھانوں کی بات کی جائے تو کوئٹہ کے ریسٹورنٹس میں روایتی ہوٹیاں اور چپشوں کھانوں کے ساتھ ساتھ باربی کیو، چکن کڑاہی، مٹن کڑاہی، بکرا، بریانی اور فاسٹ فوڈ آئٹمز کی مانگ میں بھی نمایاں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ شہریوں نے خاص طور پر گرم گرم کڑاہی اور باربی کیو کو ترجیح دی، جبکہ میٹھے میں کھیر، فرنی اور آئس کریم بھی خوب پسند کی گئی۔ کئی مقامات پر شہریوں کو اپنی پسندیدہ ڈشز کے لیے انتظار بھی کرنا پڑا، تاہم خوشگوار ماحول کے باعث لوگوں نے اس انتظار کو بھی برداشت کیا۔ شہر کے معروف فوڈ پوائنٹس اور ہوٹلز کے باہر گاڑیوں کی طویل قطاریں بھی دیکھنے میں آئیں، جس کے باعث بعض علاقوں میں ٹریفک کا دباؤ بھی بڑھ گیا۔ ٹریفک پولیس کی جانب سے صورتحال کو کنٹرول کرنے کے لیے خصوصی اقدامات کیے گئے تھے تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ ہو۔ شہریوں نے مجموعی طور پر انتظامات کو تسلی بخش قرار دیا اور عید کی خوشیوں کو بھرپور انداز میں منایا۔ واضح رہے کہ کوئٹہ میں عید کے دنوں میں رات گئے تک ریسٹورنٹس کھلے رہتے ہیں اور شہری بڑی تعداد میں باہر کھانے کو ترجیح دیتے ہیں۔ اس بار بھی یہی رجحان دیکھنے میں آیا، جہاں شہر کے مختلف علاقوں میں موجود ہوٹلز اور ریسٹورنٹس پر دیر رات تک رش برقرار رہا۔ شہریوں نے عید کی خوشیوں کو بھرپور انداز میں مناتے ہوئے مزیدار کھانوں سے لطف اٹھایا اور اپنے پیاروں کے ساتھ یادگار لمحات گزارے۔ عید کے دوسرے روز کوئٹہ کا یہ منظر اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ شہر کے باسی نہ صرف اپنی روایات کو زندہ رکھے ہوئے ہیں بلکہ جدید طرز زندگی کے تقاضوں کو بھی اپناتے ہوئے خوشیوں کو نئے انداز میں مناتا جانتے ہیں

عید ہمیں اتحاد، اخوت اور محبت کا درس دیتی ہے، شیخ زرک مندوخیل

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے عید الفطر کے موقع پر اپنے ایک خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ عید ہمیں اتحاد، اخوت اور محبت کا درس دیتی ہے رمضان المبارک میں ہم نے صبر، تقویٰ اور انسانیت کی خدمت کا جو سبق سیکھا ہے، اسے اپنی عملی زندگی میں جاری رکھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام ہمیشہ سے امن پسند اور مہمان نواز رہے ہیں اور عید کے موقع پر یہ جذبہ مزید نکھر کر سامنے آتا ہے۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ اپنے اور کرد موجود ضرورت مند افراد کا خاص خیال رکھیں اور انہیں اپنی خوشیوں میں شریک کریں۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ موجودہ حالات میں ہمیں باہمی اختلافات کو بھلا کر قومی یکجہتی کو فروغ دینا ہوگا یہی وقت ہے کہ ہم مل کر پاکستان کی ترقی اور استحکام کے لیے کردار ادا کریں۔ انہوں نے اپنے پیغام کے اختتام پر دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس عید کو ہم سب کے لیے خوشیوں، برکتوں اور کامیابیوں کا ذریعہ بنائے۔

صادق گزئی کی شہادت المناک سانحہ ہے، علی مدد جتک

کوئٹہ (ٹی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما وصوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے ممتاز سیاسی و قبائلی رہنما صادق گزئی کی شہادت کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اسے ایک بزدلانہ اور قابل افسوس واقعہ قرار دیا ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ صادق گزئی کی شہادت نہ صرف ایک المناک سانحہ ہے بلکہ علاقے کے امن کو سبوتاژ کرنے کی ایک مذموم کوشش بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے اوچھے ہتھکنڈوں سے عوام کے حوصلے ہرگز پست نہیں کیے جاسکتے اور نہ ہی امن کے قیام کی جدوجہد کو روکا جاسکتا ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ مرحوم صادق گزئی ایک مخلص، نڈر اور عوام دوست رہنما تھے، جنہوں نے ہمیشہ اپنے علاقے کے عوام کے حقوق کے لیے آواز بلند کی۔ ان کی خدمات کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا اور ان کی کمی ایک مدت تک محسوس کی جاتی رہے گی

عید الفطر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک عظیم انعام ہے، تیمور خان درانی

کوئٹہ (اے این این) سیاسی وقبائلی رہنما تیمور خان درانی نے عید الفطر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ عید الفطر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک عظیم انعام ہے جو رمضان المبارک کی عبادات کے بعد عطا ہوتا ہے یہ دن ہمیں صبر، بھائی چارے اور ایثار کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ مشکل حالات میں بھی صبر اور حوصلے کا مظاہرہ کیا ہے، اور یہی جذبہ ہمیں آگے بڑھنے میں مدد دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عید کے موقع پر ہمیں چاہیے کہ خود اپنے معاشرے کے کمزور طبقات کو نہ بھولیں اور ان کی مدد کریں۔ تیمور خان درانی نے کہا کہ قبائلی نظام میں روایات اور اقدار کو بڑی اہمیت حاصل ہے، اور عید کے موقع پر ان اقدار کو مزید مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ مثبت کردار ادا کریں اور ملک کی ترقی میں اپنا حصہ ڈالیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس عید کو ہم سب کے لیے رحمت، برکت اور خوشیوں کا ذریعہ بنائے اور پاکستان کو ترقی و استحکام عطا فرمائے۔

امن وامان کا قیام ترقی اور خوشحالی کیلئے ناگزیر ہے، میر علی احمد ابابکی

کراچی (پ ر) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما میر علی احمد ابابکی نے کہا کہ بلوچستان ایک حساس صوبہ ہے جہاں امن و امان کا قیام ترقی اور خوشحالی کے لیے ناگزیر ہے۔ میر ضیاء اللہ لانگو کی بطور وزیر داخلہ تقرری ایک مثبت پیش رفت ہے، جس سے صوبے میں استحکام آئے گا اور عوام کو تحفظ کا احساس ملے گا۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ نئی قیادت پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مل کر جرائم کے خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائے گی۔ میر علی احمد ابابکی نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی ہمیشہ عوامی خدمت اور صوبے کی ترقی کے لیے کوشاں رہی ہے، اور میر ضیاء اللہ لانگو کی تقرری بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ پارٹی قیادت کی جانب سے میر ضیاء اللہ لانگو پر اعتماد کا اظہار اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ اس اہم عہدے کے لیے موزوں ترین شخصیت ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما میر ضیاء اللہ لانگو کو وزیر داخلہ بلوچستان کا حلف اٹھانے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے مزید کہا کہ میر ضیاء اللہ لانگو ایک باصلاحیت، مخلص اور عوامی مسائل سے بخوبی آگاہ رہنما ہیں، جن کی قیادت میں صوبے میں امن وامان کی صورتحال مزید بہتر ہوگی۔ میر ضیاء اللہ لانگو نے ماضی میں بھی بطور عوامی نمائندہ اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے سرانجام دی ہیں اور ان کی کارکردگی ہمیشہ قابل ستائش رہی ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ وہ اپنی نئی ذمہ داریوں کو بھی اسی جذبے اور لگن کے ساتھ نبھائیں گے اور بلوچستان کو درپیش سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مؤثر اقدامات کریں گے۔

عید الفطر اجتماعی شعور کی بیداری کا دن ہے، حافظ حبیب الرحمٰن

یہ دن ہمیں باہمی اخوت کے سبق کی یاد دہانی کراتا ہے، عابد اللہ حنفی

خدمت خلق ہی ایک صالح اور متوازن معاشرے کی بنیاد ہے، حافظ اکرام اللہ

کوئٹہ (اے این این) جمعیت طلباء اسلام ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمٰن جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ حنفی سیکرٹری اطلاعات حافظ اکرام اللہ سیکرٹری مالیات حافظ عبدالمنتقم کاکڑ اسماعیل مری نعیم حیدری حفیظ بلوچ محمد امین بھنگر نیک محمد ولی سعید احمد ربانی حافظ طاہر قاری ملتان نجت اللہ شیر احسان اللہ ذہیب محمد قیصر خان رحمت اللہ سلیمان ٹیلی سلطان ایوبی نے دیگر نے عید الفطر کے موقع پر جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ عید الفطر دراصل رمضان المبارک کی تربیت کا عملی مظہر اور اجتماعی شعور کی بیداری کا دن ہے یہ دن ہمیں صبر تقویٰ نظم وضبط اور باہمی اخوت کے ان اسباق کی یاد دہانی کراتا ہے جو ماہ صیام میں ہمیں عطا کئے گئے انہوں نے کہا کہ جمعیت طلباء اسلام ایک فکری ونظریاتی تنظیم کی حیثیت سے اس بات پر یقین رکھتی ہے کہ عید کی خوشیاں صرف ذاتی مسرت تک محدود نہ رہیں بلکہ انہیں معاشرے کے ہر فرد بالخصوص یتیموں مسکینوں اور پسماندہ طبقات تک منتقل کیا جائے خدمت خلق اور اجتماعی ہمدردی ہی ایک صالح اور متوازن معاشرے کی بنیاد ہے موجودہ حالات میں امت مسلمہ کو درپیش چیلنجز اس بات کے متقاضی ہیں کہ ہم عید کے موقع پر اتحاد و یکجہتی کا عملی مظاہرہ کریں اور باہمی اختلافات کو پس پشت ڈال کر ایک مضبوط اور باشعور معاشرہ تشکیل دیں جمعیت طلباء اسلام اپنے کارکنان اور نوجوانوں کو ہدایت کرتی ہے کہ وہ اس دن کو سادگی وقار اور اسلامی تعلیمات کے مطابق منائیں اور ہر قسم کی فضول رسومات اسراف اور غیر سنجیدہ طرز عمل سے اجتناب کریں ضلعی ترجمان نے مزید کہا کہ جمعیت طلباء اسلام ضلع کوئٹہ اپنے کارکنان کو اس بات کی تلقین کرتی ہے کہ وہ عید کے موقع پر اپنی سماجی ذمہ داریوں کو مدنظر رکھتے ہوئے معاشرے میں مثبت کردار ادا کریں لوگوں کے دکھ درد میں شریک ہوں اور اتحاد علم اور شعور کا پیغام عام کریں جمعیت طلباء اسلام ضلع کوئٹہ نے پوری امت مسلمہ اور اہل وطن کو عید الفطر کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس عید کو امت کے لیے رحمت اتحاد اور استحکام کا ذریعہ بنائے۔

کوئٹہ: چیمبر آف کامرس کے صدر اختر محمد کاکڑ کو مختلف وفود عید کی مبارکباد دے رہے ہیں

کوئٹہ: پولیس اہلکار مشکوک افراد سے پوچھ گچھ کر رہے ہیں

مسلمانوں کیخلاف جارحیت اور جنگیں بند کی جائیں، بلال احمد مندوخیل

کفری قوتوں کے مظالم روکنے کیلئے مسلم ممالک کے حکمران باہم اتحاد قائم کریں، سینیٹر

اسلام آباد / کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے عید الفطر کے بابرکت موقع پر پوری امت مسلمہ کو دلی کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ عید صرف خوشیوں کا دن نہیں بلکہ صبر، قربانی اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتی ہے۔ انہوں نے عالمی برادری اور مسلمان ممالک کے حکمرانوں سے پرزور اپیل کی کہ نہ صرف جاری مسلمانوں کے خلاف جنگیں اور تصادم فوراً بند کیے جائیں۔ خاص طور پر فلسطین، لبنان، شام اور ایران کے مظلوم مسلمانوں کو انصاف اور سکون ملنا چاہیے تاکہ ہر گھر میں امن اور خوشیاں قائم ہو سکیں۔ سینیٹر مندوخیل نے عوام خصوصاً نوجوانوں سے درخواست کی کہ وہ اپنے علاقوں میں یتامیٰ، یتیم، سٹیپ پوش اور غریبوں کی مدد کریں، ان کے ساتھ خوشیاں بانٹیں اور عید کے حقیقی معنوں کو زندہ رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ عید کا اصل پیغام انسانیت کی خدمت اور دوسروں کے دکھ درد میں شریک ہونے کا ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ امت مسلمہ کو امن، بھائی چارہ، محبت اور خوشیوں سے بھرپور عید نصیب فرمائے اور مظلوم مسلمانوں کو ہر طرح کی مشکلات سے نجات دے

عید الفطر شکر گزاری اور بھائی چارے کا عظیم تہوار ہے، بابر خان

یہ دن ہمیں صبر برداشت اور باہمی تعاون کا عملی درس بھی دیتا ہے

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے عید الفطر کے پُرمسرت موقع پر صوبے کے عوام بالخصوص محکمہ مواصلات وتعمیرات کے اہلکاروں اور پوری نصف مسلمہ کو دلی مبارکباد پیش کی ہے اپنے تہنیتی پیغام میں انہوں نے عید الفطر کی مذہبی، سماجی اور اخلاقی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے اسے خوشی شکر گزاری محبت اور بھائی چارے کا عظیم تہوار قرار دیا سیکرٹری بابر خان نے کہا کہ عید الفطر نہ صرف رمضان المبارک کی عبادات کے اختتام کی خوشی کا اظہار ہے بلکہ یہ دن ہمیں صبر برداشت اور باہمی تعاون کا عملی درس بھی دیتا ہے انہوں نے واضح کیا کہ رمضان المبارک ایک تربیتی مہینہ ہے جو انسان میں تقویٰ ایثار ہمدردی اور انسانیت کی خدمت کا جذبہ بیدار کرتا ہے اور عید کا دن انہی صفات کو اپنی عملی زندگی میں اپنانے کی یاد دہانی کراتا ہے انہوں نے اپنے پیغام میں اس امر پر زور دیا کہ عیدی کی حقیقی خوشیاں اسی وقت مکمل ہوتی ہیں جب معاشرے کے کمزور اور محروم طبقات کو بھی ان خوشیوں میں شریک کیا جائے ان کا کہنا تھا کہ ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے اردگرد موجود غریب نادار اور ضرورت مند افراد کا خاص خیال رکھیں اور انہیں بھی عیدی کی خوشیوں میں برابر کا شریک بنائیں تاکہ ایک متوازن اور ہمدرد معاشرہ تشکیل پا سکے سیکرٹری مواصلات وتعمیرات نے مزید کہا کہ موجودہ حالات میں قومی یکجہتی بھائی چارے اور ہم آہنگی کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے اور عید الفطر ہمیں یہی پیغام دیتی ہے کہ ہم اختلافات کو پس پشت ڈال کر ایک مضبوط اور متحد قوم سیکرٹری مواصلات وتعمیرات بابر خان نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ پاکستان بالخصوص بلوچستان میں امن ترقی اور خوشحالی عطا فرمائے اور ہم سب کو باہمی محبت رواداری اور خدمت خلق کے جذبے کے ساتھ آگے بڑھنے کی توفیق دے۔

تنظیم الاخوان کے سربراہ عبداللہ بیرامعوان اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ: چیمبر آف کامرس کا وفد دی فورٹ کی قیادت میں عادل بازئی کے ادارے کی دکانت پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کوئٹہ: سماجی شخصیت قیصر محمود سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

حاجی علی مدد جتک کا شیری رحمان سے بیٹی کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما وصوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے شیری رحمان کی بیٹی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں انہوں نے سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس دکھ کی گھڑی میں وہ برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اولاد کا غم ایک بہت بڑا صدمہ ہوتا ہے جسے برداشت کرنا آسان نہیں، اور وہ شیری رحمان اور ان کے اہل خانہ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ حاجی علی مدد جتک نے مرحومہ کے لیے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے درجات بلند کرے، جبکہ لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

پی ایس او ضلع کوئٹہ کے عہدیداران کا احسن آغا سے والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن ضلع کوئٹہ ضلعی سیکرٹری یار محمد بریال، ضلع سینئر معاون واصع منزر اور دیگر ضلعی معاونین نے اپنے تعزیتی بیان میں پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے ضلعی معاون احسن آغا کے والدہ سید ہاشم آغا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے درجات کی بلندی، مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی گئی۔ تنظیم کے عہدیداران اور کارکنان نے احسن آغا اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ اس غم کی گھڑی میں دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔

محمد اسلم بھوتانی کا شیری رحمٰن کی بیٹی کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) سابق رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی نے سینیٹر شیری رحمٰن کی صاحبزادی ماروی ملک کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ غم کی اس گھڑی میں بھوتانی خاندان کی ہمدردیاں شیری رحمٰن اور اہل خانہ کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماروی ملک کے انتقال سے شیری رحمان اور لواحقین کو ناقابل تلافی نقصان ہوا ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت۔

اوستہ محمد: دو ملزمان زخمی حالت میں گرفتار

اوستہ محمد (آئی این پی) اوستہ محمد میں سٹی پولیس نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کی واردات میں ملوث دو ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا، جبکہ شہریوں نے پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔ تفصیلات کے مطابق اوستہ محمد کے علاقے افغان گلی میں دو مسلح افراد نے بندوق تاجر مریش کمار کی کریانہ ہول سیل دکان پر ڈکیتی کی واردات کی اور موقع سے فرار ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او سی عبدالرؤف جمالی فوری طور پر موقع پر پہنچے اور ملزمان کا تعاقب شروع کیا۔ تعاقب کے دوران وش رائس مل کے قریب پولیس اور ملزمان کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ بھی ہوا، تاہم ایس ایچ او عبدالرؤف جمالی نے جرات اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے ڈاکوؤں کی موٹر سائیکل کو ٹکر مار دی، جس کے نتیجے میں دونوں ملزمان شدید زخمی ہو گئے اور انہیں گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق زخمی ملزمان کی شناخت فیاض اور امداد جمالی کے نام سے ہوئی ہے، جن سے مزید تحقیق جاری ہے۔ واقعے کے بعد شہریوں نے پولیس کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے ایس پی، ڈی ایس پی اور ایس ایچ او عبدالرؤف جمالی کا تھانے پہنچنے پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کر کے استقبال کیا۔ اس موقع پر ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمان بھی موقع پر موجود تھے، جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ پولیس کی بروقت اور جرات مندانہ کارروائی سے علاقے میں امن وامان کی صورتحال بہتر ہوئی ہے

ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر تربت نے ڈیوٹو کلیکشن ایجوکیشن سینٹر کا دورہ کیا

تربت (این این آئی) ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ تربت افتیار نعمی نے عید کے پُرمسرت موقع پر ڈیوٹو کلیکشن ایجوکیشن سینٹر تربت کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے زیر علاج مریضوں کے ساتھ وقت گزارا اور ان کے مسائل سنے۔ دورے کے دوران انہوں نے مریضوں سے ملاقات کی اور ان کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ وہ زندگی کے ایک مشکل مرحلے سے گزر رہے ہیں، تاہم بحالی کے اس عمل میں وہ تنہا نہیں بلکہ پورا معاشرہ ان کے ساتھ کھڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عید کے دن ان افراد کے ساتھ وقت گزارنے کا مقصد انہیں یہ احساس دلانا ہے کہ ان کی نئی شروعات کا سب کو انتظار ہے۔ اس موقع پر مریضوں کے ساتھ مل کر کیک بھی کاٹا گیا، جہاں خوشگوار ماحول میں سب نے ایک دوسرے کے ساتھ وقت گزارا۔ مریضوں نے انتظامیہ کی جانب سے فراہم کی گئی اس محفل میں دوبارہ ملنے کی خواہش ظاہر کی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ تربت افتیار نعمی نے کہا کہ عید کے موقع پر ڈیوٹو کلیکشن ایجوکیشن سینٹر کا دورہ کرنا ہمارے لیے انتہائی اطمینان بخش تھا۔ مریضوں کے ساتھ وقت گزارنا اور ان کی حوصلہ افزائی کرنا ہمارا فرض ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ یہ مریض اس مشکل وقت میں تنہا نہ چھوڑا جائے۔ صاحب استطاعت افراد کو چاہیے کہ وہ اپنی خوشیوں میں مستحق خاندانوں کو شامل کریں اور انہیں بھی عید کی خوشیاں میسر آنے میں مدد دیں۔ انہوں نے کہا کہ عید الفطر عالم اسلام کا ایک پاکیزہ دن ہے جو انسانی رشتوں کو مضبوط سے مضبوط تر بناتا ہے، اخوت اور مساوات کا سبق دیتا ہے، عید الفطر دنیا بھر کے مسلمان خوشیاں مناتے ہیں، زندگی میں انسان کو بہت ساری خوشیاں ملتی ہیں مگر عید کی خوشی اور دوسری خوشیوں میں ایک بنیادی فرق ہے، روزے داروں کو اجر و ثواب اور ان کی محنتوں کا صلہ دینے کے لئے اللہ تعالیٰ نے عید الفطر کا دن رکھا ہے

23 مارچ کا دن پاکستان کی تاریخ میں اہمیت کا حامل ہے، چوہدری نعیم کریم

اس دن مسلمانوں نے قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں سفر آزادی کا عہد کیا تھا

بزرگوں نے وطن حاصل کیا اب ہماری ذمہ داری اسے مستحکم اور مضبوط بنائیں

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعظم یوتھ پروگرام کے فوکل پرسن و پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ 23 مارچ کا دن وطن عزیز پاکستان کی تاریخ میں انتہائی اہمیت کا حامل ہے اس دن کو مسلمان قیادت نے قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں نئے عزم اور ولولے سے سفر آزادی کا عہد کیا تھا ہمارے بزرگوں نے بڑی مشکلات سے گزر کر یہ وطن حاصل کیا اب ہماری ذمہ داری اسے مستحکم اور مضبوط بنانی ہمیں ایک قوم اور ایک سوچ کو لیکر آگے بڑھنا ہوگا مسلم لیگ (ن) (ملک کے دفاع کیلئے پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، پاکستان مسلم لیگ) ن (بلوچستان کے رابطہ آفس سے یوم پاکستان کے حوالے سے یہاں جاری ہونے والے اپنے ایک پیغام میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ 23 مارچ کا دن برصغیر کی تاریخ میں ایک منفرد مقام رکھتا ہے آج کے دن قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں لاہور میں علیحدہ وطن کے حصول کے لیے قرارداد پاکستان منظور ہوئی تھی اس قرارداد نے مسلمانوں کو نئی سمت اور سوچ عطا کی اور تحریک آزادی کو نیا جوش اور ولولہ بخشا۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح نے اسلام، امن، برداشت اور انسانیت سے محبت کے اصول کو اپنا شعار بنایا، قائداعظم کے رہنما اصولوں سے صرف مسلمانان ہند بلکہ برصغیر میں بسنے والی دیگر اقلیتیں بھی متاثر ہوئیں۔ انہوں نے کہا کہ قائداعظم کی مدبرانہ قیادت اور مقصد کے حصول سے ہمیں مکمل اپنائیت مضبوط تھی۔ انہوں نے کہا کہ قرارداد پاکستان کی منظوری کے صرف سات برسوں کے قلیل عرصے میں مسلمان اپنا علیحدہ وطن حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے، آج کے دن ہمیں بحیثیت مجموعی آپس کے اختلافات کو بھلا کر ملک کی تعمیر و ترقی میں کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانیوں نے بحیثیت قوم مل کر دہشت گردی کے عفریت کا مقابلہ کیا، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی مسلح افواج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے مسلم لیگ (ن) کے کارکن ملک کے دفاع اور سلامتی کیلئے ہر قسم کی قربانی کیلئے تیار ہیں۔

کوئٹہ: اقبال علی رہنما حاجی خان اچکزئی سے مختلف وفود عید کے موقع پر ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ: ایم این اے عادل خان بازئی کے ساتھ عید ملنے والوں کا گروپ فوٹو

کوئٹہ: پولیس اہلکار پر مفت گوشت لینے کا الزام غلط فہمی قرار

الزام لگانے والے نے اپنے بیان کو غلط فہمی قرار دیتے ہوئے الفاظ واپس لئے

ملک اجمل بازئی، ملک نعیم اچکزئی اور ڈی ایس پی ایئرپورٹ نے مسئلہ حل کرایا

کوئٹہ (آئی این پی) ایئرپورٹ روڈ پر پولیس پر مفت گوشت لینے کے الزام کے حوالے سے وضاحتی بیان جاری، ایئرپورٹ روڈ پر پولیس کے خلاف مفت گوشت لینے کا الزام لگانے والے شخص نے اپنے بیان کی تردید کرتے ہوئے حقیقت واضح کر دی۔ اپنے وضاحتی بیان میں انہوں نے کہا کہ ان کی جانب سے لگایا گیا الزام غلط فہمی پر مبنی تھا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ملک نعیم بازئی کے بیٹے ملک اجمل اور ملک نعیم اچکزئی نے فوری طور پر معاملے کو سنجیدگی سے لیا اور ان کا مسئلہ خوش اسلوبی سے حل کر دیا۔ اس کے ساتھ ساتھ ڈی ایس پی ایئرپورٹ اور ایس ایچ او ایئرپورٹ نے بھی ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے بروقت کارروائی کی اور مکمل تعاون فراہم کیا۔ متعلقہ شخص نے پولیس کے رویے کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایئرپورٹ پولیس نے پیشہ ورانہ انداز اپناتے ہوئے انصاف فراہم کیا، جس پر وہ ان کے مشکور ہیں۔ عوام سے اپیل ہے کہ بغیر تصدیق کسی بھی جرم کی معلومات یا الزامات پھیلانے سے گریز کریں تاکہ یہ بنیاد خبروں سے اداروں کی ساکھ متاثر نہ ہو۔

حاجی کفایت اللہ آغا نے عید الفطر کا پہلا دن مریضوں کیساتھ گزار

چیئرمین نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی نے انسانی ہمدردی کی اعلیٰ مثال قائم کی

منشیات کے عادی افراد کو معاشرے میں واپس لانا مقدس فریضہ ہے اور مشترکہ ذمہ داری ہے

کوئٹہ (پ ر) چیئرمین نجات ڈرگ ٹریٹمنٹ اینڈ ویلفیئر سوسائٹی حاجی کفایت اللہ آغا نے عید الفطر کا پہلا دن زیر علاج مریضوں کے ساتھ گزار کر انسانیت، ہمدردی اور سماجی ذمہ داری کی اعلیٰ مثال قائم کر دی۔ اس موقع پر انہوں نے نہ صرف مریضوں سے ملاقات کی بلکہ ان کے ساتھ عید کی خوشیاں بھی بانٹیں، جس سے مری

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

ملک میں مہنگائی میں مزید اضافہ ریکارڈ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ملک میں مہنگائی میں اضافہ کا رجحان ریکارڈ کیا گیا اور حالیہ ہفتے مہنگائی میں 0.21 فیصد اضافہ ہوا ہے اور سالانہ بنیاد پر بھی مہنگائی میں اضافے کی رفتار کی شرح بھی 6.44 فیصد سے بڑھ کر 7.04 فیصد ہوگئی ہے۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے جاری ہفتہ وار مہنگائی رپورٹ کے مطابق حالیہ ہفتے میں مجموعی طور پر 18 اشیائے ضروریہ مہنگی جبکہ 9 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی ہے اور 24 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں استحکام رہا ہے۔

افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال کرنیکی اجازت نہیں دی جائے گی، فیلڈ مارشل

مسلح افواج پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کیلئے ہر وقت تیار ہیں، پاکستان کی خودمختاری کا دفاع ہر قیمت پر جاری رہے گا، شہدا کی قربانیاں ہی ہماری کامیابی کا ضامن ہیں، سید عاصم منیر

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا کرم کا دورہ، جوانوں کے ساتھ نماز عید ادا کی، فوجیوں اور افسران کو عید کی مبارکباد پیش کی اور ان کے غیر متزلزل لگن، بلند حوصلے اور مثالی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (زاہد احمد خان) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ افغانستان سے سرگرم دہشت گردوں کو کوئی سٹراٹیجی نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے فوجیوں اور افسران کے ساتھ عید الفطر گزارنے کے لیے کرم کا دورہ کیا جہاں انہوں نے جوانوں کے ساتھ نماز عید ادا کی اور پاکستان کے پائیدار استحکام اور خوشحالی کے لیے دعا کی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے فوجیوں اور افسران کو عید کی مبارکباد پیش کی اور فوجیوں کی غیر متزلزل لگن، بلند حوصلے اور مثالی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے آپریشن غضب حق کے دوران کامیابیوں کو بھی سراہا اور آپریشن غضب حق میں دہشت گرد افسران کو عید کی مبارکباد پیش کی اور فوجیوں کی غیر متزلزل لگن، بلند حوصلے اور مثالی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے آپریشن غضب حق کے دوران کامیابیوں کو بھی سراہا اور آپریشن غضب حق میں دہشت گرد ڈیتھ ورکس کے خاتمے پر عسکری کامیابیوں کی تعریف کی۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ افغان سرزمین پاکستان کے خلاف دشمن عناصر کی سرگرمیوں کیلئے استعمال نہیں ہونی چاہیے انہوں نے کہا کہ پاکستان کی خودمختاری کا دفاع ہر قیمت پر جاری رہے گا۔ کور کمانڈر پشاور کی جانب سے استقبال کے بعد فیلڈ مارشل نے عید کی نماز ادا کرکے ملکی استحکام کے لیے خصوصی دعائیں مانگیں۔ انہوں نے کہا کہ شہدا کی قربانیاں ہی ہماری کامیابی کا ضامن ہیں۔

گورنر جعفر مندوخیل و دیگر نماز عید کے بعد اجتماعی دعا کر رہے ہیں

پاکستان نے مغربی سرحد پر سیز فائر کی کوئی خلاف ورزی نہیں کی، وزارت اطلاعات

افغان طالبان رجیم کا آپریشن غضب حق کی عارضی معطلی کی خلاف ورزی کا دعویٰ مضحکہ خیز ہے

سرحد پار حملے وغیرہ کی صورت میں سیز فائر میں عارضی وقفہ فوری طور پر ختم ہو جائے گا، بیان

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزارت اطلاعات و نشریات نے افغان طالبان رجیم کے نام نہاد ترجمان کے آپریشن غضب حق کی عارضی معطلی کی خلاف ورزی سے متعلق دعوے کو مضحکہ خیز قرار دیدیا ہے۔ جمعہ کو سماجی رابطے کے پلیٹ فارم ایکس پر اپنی ایک پوسٹ میں فیک نیوز وزارت اطلاعات و نشریات نے افغان طالبان حکومت کی نام نہاد وزارت دفاع کے ترجمان کے اس دعوے کہ پاکستان نے عید الفطر کے پیش نظر خود اپنی جانب سے کئے گئے عارضی وقفے کی خلاف ورزی کی ہے، کو بے بنیاد قرار دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستان کی جانب سے مغربی سرحد پر سیز فائر میں عارضی وقفے کی کوئی خلاف ورزی نہیں کی گئی، ایسے تمام دعوے سراسر بے بنیاد اور غلط ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ اس طرح کا پروپیگنڈا شاید طالبان رجیم کے اندر موجود مخالفین کی طرف سے شروع کیا جا سکتا ہے جس کا مقصد افغان طالبان رجیم کی طرف سے دہشت گردی کی کارروائیوں کا جواز پیدا کرنا ہے، اس بات سے قطع نظر کہ پروپیگنڈا اور جھوٹے دعوے کس نے شروع کئے، پاکستان پہلے ہی واضح کر چکا ہے افغان طالبان حکومت کی عارضی وقفے کی کوئی خلاف ورزی نہیں کی گئی، ایسے تمام دعوے سراسر بے بنیاد اور غلط ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ اس طرح کا پروپیگنڈا شاید طالبان رجیم کے اندر موجود مخالفین کی طرف سے شروع کیا جا سکتا ہے جس کا مقصد افغان طالبان رجیم کی طرف سے دہشت گردی شروع کروایا جائے گا۔

سعودی عرب کے ساتھ معاہدوں کی پاسداری کی جارہی ہے، رانا ثناء

سیاسی و عسکری قیادت اندرونی اور بیرونی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مؤثر اقدامات کر رہی ہے

ایران، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات سمیت اہم ممالک کو پاکستان پر اعتماد ہے،

پاکستان جنگ مسلط کرنا چاہتا نہ ہی افغانستان کے کسی حصے پر قبضے کا ارادہ رکھتا ہے، مشیر وزیراعظم

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) مشیر لیگ (ن) کے رہنما رانا ثناء اللہ نے قوم کو عید کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت اندرونی اور بیرونی چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے، سیاسی اور عسکری قیادت ان مشکلات سے نمٹنے کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے، ایران، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات سمیت اہم ممالک کا پاکستان پر اعتماد موجود ہے، سعودی عرب کے ساتھ معاہدوں کی پاسداری کی جارہی ہے، پاکستان نہ جنگ مسلط کرنا چاہتا ہے اور نہ افغانستان کے کسی حصے پر قبضے کا ارادہ رکھتا ہے، 9 سی کور پاکی وفاقی اداروں کے خلاف سازش کی گئی جبکہ پاکی پی ٹی آئی کے خلاف توشہ خانہ سمیت دیگر لمبہ واضح نوعیت کے ہیں، بعض عناصر ذلیل کے لیے تیار ہیں مگر سیاسی عمل چلانے کے لیے آمادہ نہیں، ایک سی ذلیل کوئی گنجائش نہیں جس کے تحت انہیں دوبارہ موقع دیا جائے۔ رانا ثناء اللہ نے عید کے پر مسرت موقع پر میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ موجودہ حالات میں پاکستان کو عالمی سطح پر اہمیت حاصل ہو رہی ہے، ایران، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات سمیت اہم ممالک کا پاکستان پر اعتماد موجود ہے۔ افغانستان کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستان کا مؤقف اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق ہے، پاکستان نہ جنگ مسلط کرنا چاہتا ہے اور نہ افغانستان کے کسی حصے پر قبضے کا ارادہ رکھتا ہے، پاکستان کا واحد مطالبہ یہ ہے کہ افغان سرزمین پاکستان کے خلاف دہشتگردی کے لیے استعمال نہ ہو، انہوں نے کہا کہ اگر افغانستان اس حوالے سے یقین دہانی کرا دے تو دونوں ممالک کے درمیان کوئی تنازع باقی نہیں رہے گا۔ رانا ثناء اللہ نے بتایا کہ آپریشن غضب حق، پاکستان کے خلاف دہشتگردی کے لوگوں کے خاتمے کے لیے کیا جا رہا ہے اور اگر دوبارہ ایسے مراکز استعمال ہوئے تو ان پر کڑی نظر رکھی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کے ساتھ معاہدوں کی پاسداری کی جارہی ہے

اپر ڈیر ہائی: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نماز عید کے بعد اجتماعی دعا کر رہے ہیں

شیری رحمٰن کی بیٹی ماروی ملک انتقال کر گئیں

ماروی ملک کو چند روز قبل برین ہیمرج ہوا تھا، پیپلز پارٹی کا اظہار تعزیت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سینیٹر پارٹی کی سینیٹر شیری رحمٰن کی بیٹی ماروی ملک انتقال کر گئیں۔ پی پی پی سیکرٹریٹ کے مطابق شیری رحمٰن کی بیٹی ماروی ملک کو چند روز قبل برین ہیمرج ہوا تھا۔ سینیٹر شیری رحمٰن کی بیٹی کے انتقال پر شاذیہ مری نے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ماروی ملک کے انتقال کی خبر سن کر دل انتہائی افسردہ اور صدمے سے دوچار ہے۔ شاذیہ مری نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں شیری رحمٰن اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔

وسائل امانت ہیں، پائی پائی بلوچستان کے عوام پر خرچ کرینگے، میر سرفراز بگٹی

بلوچستان کی بکھری آبادی تک بنیادی سہولیات کی فراہمی کسی چیلنج سے کم نہیں، عوام کو سہولیات کی فراہمی منظم حکمت عملی کے تحت کی جا رہی ہے

دستیاب وسائل اجتماعی منصوبوں کیلئے بروئے کار لارہے ہیں، آئندہ بجٹ میں بھی عوام کی بہبود کے منصوبے شامل کئے جائیں گے، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے عید کے دوسرے دن بھی شہریوں کے مسائل سننے اور حل کے لیے موقع پر ہی احکامات جاری کئے، پاکستان ہاؤس اپر ڈیرہ بگٹی میں انہوں نے عمائدین اور شہریوں سے ملاقات کی اور روایتی قبائلی چال احوال دریافت کیا عید کے اس دوسرے دن عوامی محفل لگائی گئی میں وزیراعلیٰ نے شہریوں کے مسائل سنے اور موقع پر ہی متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کیں، عمائدین اور شہریوں نے وزیراعلیٰ سے ملاقات میں وزیراعلیٰ نے پانی گھنٹے سے زائد وقت عوامی مجلس میں گزارا اور براہ راست شہریوں سے ملاقاتیں کیں جس میں وزیراعلیٰ نے شہریوں کے مسائل سنے اور موقع پر ہی متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کیں، عمائدین اور شہریوں نے وزیراعلیٰ سے ملاقات کی اور روایتی قبائلی چال احوال دریافت کیا عید کے اس دوسرے دن عوامی محفل لگائی گئی میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو: پیٹرو پبلشر سید ممتاز احمد نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو سید ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر: 2821626-2821538-2829164-2830228-2835934 فیکس نمبر:

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

پیر 23 مارچ 2026ء

یوم پاکستان۔ مسرت، ذمہ داری اور قومی یکجہتی کا پیغام!!

آج کا دن ایک منفرد معنویت کا حامل ہے۔ ایک طرف عید الفطر کا تہیوار دن اپنی خوشیوں، ملاقاتوں اور شکر گزاری کے جذبات کے ساتھ جاری ہے، تو دوسری طرف اہل پاکستان آج یوم پاکستان بھی منا رہے ہیں جس مارچ کا تاریخی دن ہمیں ایک قوم کے طور پر ہماری اصل پہچان، جدوجہد اور ذمہ داریوں کی یاد دلاتا ہے۔ یہ ایک ایسا حسین امتزاج ہے جہاں خوشی اور سنجیدگی، جشن اور شعور، روایت اور حقیقت ایک دوسرے سے ہم آہنگ نظر آتے ہیں۔ عید الفطر ہمیں صبر، قربانی، ایثار اور باہمی محبت کا درس دیتی ہے، جبکہ یوم پاکستان ہمیں اتحاد، عزم اور قومی مقصدیت کی طرف متوجہ کرتا ہے۔ جب یہ دونوں مواقع ایک ساتھ آئیں تو ان کی اہمیت کئی گنا بڑھ جاتی ہے۔ یہ ایک موقع ہے کہ ہم اپنی انفرادی خوشیوں کو اجتماعی ذمہ داری کے ساتھ جوڑیں اور اس بات پر غور کریں کہ ہم بطور قوم کہاں کھڑے ہیں اور ہمیں کس سمت میں آگے بڑھنا ہے۔ امسال ہم یوم پاکستان سادگی کے ساتھ منا رہے ہیں۔ اس سادگی کے پیچھے حالات کی سنگینی بھی کارفرما ہے اور ایک شعوری فیصلہ بھی۔ مشرق وسطی میں جاری جنگی صورتحال نے دنیا بھر کے انسانوں کو اضطراب میں مبتلا کر رکھا ہے۔ معصوم جانوں کا ضیاع، بکھرتے خاندان اور تباہ ہوتی بستیاں ہمیں یہ سوچنے پر مجبور کرتی ہیں کہ امن کس قدر قیمتی نعمت ہے۔ ایسے حالات میں بحیثیت پاکستانی ہم سب کا یہ فرض بنتا ہے کہ ہم نہ صرف اپنی داخلی صفوں کو مضبوط کریں بلکہ عالمی سطح پر بھی امن، اعتدال اور انسانی ہمدردی کے اصولوں کو فروغ دیں۔ یہ دن ہمیں اپنی تاریخ کے اس اہم موڑ کی یاد دلاتا ہے جب ایک واضح وژن کے تحت ایک علیحدہ مملکت کا مطالبہ ہوا یہ مطالبہ کسی ایک دن کا نتیجہ نہیں تھا بلکہ ایک طویل جدوجہد، بے شمار قربانیوں اور مضبوط عزم کا ثمر تھا۔ آج جب ہم اس دن کو یاد کرتے ہیں تو ہمیں صرف ماضی پر فخر نہیں کرنا چاہئے بلکہ حال کا جائزہ بھی لینا چاہئے اور مستقبل کی سمت بھی متعین کرنی چاہئے۔ بدقسمتی سے آج ہمیں متعدد چیلنجز کا سامنا ہے۔ دہشت گردی کا خطرہ مکمل طور پر ختم نہیں ہوا، معیشت دباؤ کا شکار ہے، مہنگائی نے عام آدمی کی زندگی کو مشکل بنا دیا ہے اور سماجی ناہمواریاں بڑھتی جا رہی ہیں۔ ان مسائل کا حل صرف حکومتی پالیسیوں میں نہیں بلکہ قومی سطح پر ایک مشترکہ سوچ اور اجتماعی عمل میں پوشیدہ ہے۔ جب تک ہم سب اپنی اپنی جگہ ذمہ داری کا مظاہرہ نہیں کریں گے، تب تک کوئی بڑی تبدیلی ممکن نہیں۔ سیاسی میدان میں بھی ہمیں سنجیدگی کی ضرورت ہے۔ اختلاف رائے جمہوریت کا حسن ہے، مگر جب یہی اختلاف دشمنی، نفرت اور تقسیم کا باعث بن جائے تو یہ قوم کے لئے نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔ آج کے دن ہمیں اس بات کا عہد کرنا ہوگا کہ ہم اختلاف کو دشمنی میں تبدیل نہیں ہونے دیں گے اور قومی مفاد کو ہر حال میں مقدم رکھیں گے۔ سیاسی قیادت پر بھی یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ قوم کو جوڑنے کا کردار ادا کرے، نہ کہ تقسیم کرنے کا۔ یوم پاکستان کا سب سے بڑا پیغام اتحاد ہے۔ اتحاد کا مطلب صرف ایک نعرہ لگانا نہیں بلکہ عملی طور پر ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے ہونا ہے۔ ہمیں لسانی، علاقائی اور مسلکی اختلافات سے بالاتر ہو کر ایک قوم بننا ہوگا۔ جب تک ہم اندر سے مضبوط نہیں ہوں گے، بیرونی چیلنجز کا مقابلہ کرنا مشکل ہوگا۔ یہ دن ہمیں خود احتسابی کی دعوت بھی دیتا ہے۔ ہمیں یہ دیکھنا ہوگا کہ ہم اپنے فرائض کس حد تک ادا کر رہے ہیں۔ کیا ہم قانون کی پاسداری کرتے ہیں؟ کیا ہم اپنے معاشرے میں مثبت کردار ادا کر رہے ہیں؟ کیا ہم اپنے بچوں کو وہ اقدار سکھا رہے ہیں جو ایک مضبوط قوم کی بنیاد بنتی ہیں؟ یہ سوالات بظاہر سادہ ہیں مگر ان کے جوابات ہمارے مستقبل کا تعین کرتے ہیں۔ عید کی خوشیوں کے درمیان ہمیں اپنے ان بھائیوں اور بہنوں کو بھی یاد رکھنا چاہئے جو مشکلات کا شکار ہیں۔ غربت، بے روزگاری اور دیگر مسائل نے بہت سے لوگوں کی زندگی کو متاثر کیا ہے۔ اگر ہم واقعی ایک مضبوط اور متحد قوم بننا چاہتے ہیں تو ہمیں ایک دوسرے کا سہارا بننا ہوگا۔ آئیں، آج کے دن ہم یہ عہد کریں کہ ہم اپنے اختلافات کو پس پشت ڈال کر ایک قوم بنیں گے، اپنے ملک کی ترقی اور استحکام کے لئے اپنا کردار ادا کریں گے اور آنے والی نسلوں کے لئے ایک بہتر پاکستان کی بنیاد رکھیں گے۔ یہی اس دن کا اصل تقاضا ہے اور یہی ہماری کامیابی کی ضمانت بھی ہے ہمیں اپنے گھروں، تعلیمی اداروں، دفاتر اور معاشرتی حلقوں میں دیانتداری، برداشت اور ذمہ داری کے اصولوں کو فروغ دینا ہوگا آج کے اس باعظمت دن پر ہمیں یہ بھی سوچنا چاہئے کہ بطور قوم ہم نے ماضی سے کیا سیکھا اور حال میں ہم کہاں کھڑے ہیں۔ قومیں صرف نعروں سے نہیں بلکہ اجتماعی شعور اور مسلسل محنت سے آگے بڑھتی ہیں۔ اگر ہم واقعی ترقی یافتہ اور باوقار قوم بننا چاہتے ہیں تو ہمیں تعلیم، تحقیق اور اخلاقیات کو اپنی ترجیحات میں سرفہرست رکھنا ہوگا۔ علم اور کردار کا امتزاج ہی وہ طاقت ہے جو کسی بھی ملک کو دنیا میں ممتاز مقام دلا سکتی ہے۔ اسی طرح ہمیں اپنے قومی وسائل کی قدر بھی سیکھنی ہوگی۔ پانی، توانائی، وقت اور انسانی صلاحیتیں یہ سب قیمتی اثاثے ہیں جنہیں ضائع کرنے کے بجائے بہتر انداز میں استعمال کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ ایک ذمہ دار قوم وہی ہوتی ہے جو اپنے وسائل کو دانشمندی سے بروئے کار لائے اور آنے والی نسلوں کے لئے محفوظ رکھے۔ یہ لمحہ ہمیں اپنے اجتماعی بیانیے کو بھی درست کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ ہمیں مایوسی، شکایت اور تنقید کے دائرے سے نکل کر امید، حل اور مثبت سوچ کو اپنانا ہوگا۔ مسائل اپنی جگہ موجود ہیں، مگر ان کا حل بھی ہم نے ہی نکالنا ہے ضرورت صرف اس بات کی ہے کہ ہم اپنی توانائیوں کو درست سمت میں استعمال کریں اور ایک دوسرے کا سہارا بنیں۔ یوم پاکستان اور عید الفطر کے اس حسین امتزاج پر ہمیں یہ یاد رکھنا چاہئے کہ خوشی کا اصل حسن تبھی ہے جب وہ دوسروں کے لئے آسانی اور بھلائی کا سبب بنے۔ اگر ہم نے اس دن کو محض ایک روایت کے طور پر گزار دیا تو شاید ہم اس کی روح سے محروم رہ جائیں گے، لیکن اگر ہم نے اسے ایک نئے عہد، نئی سوچ اور نئے عزم کے ساتھ منایا تو یہی دن ہمارے قومی مستقبل کے لئے ایک روشن موڑ ثابت ہو سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں صحیح فیصلے کرنے، متحد رہنے اور اپنے وطن کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرمائے، تاکہ ہم ایک مضبوط، پرامن اور خوشحال پاکستان کی تعمیر کو حقیقت میں بدل سکیں۔

امریکی سینٹ کمیٹی کی ہمیں "خبردار" کرنے کی کوشش

برملا

نصرت جاوید

ایران کے خلاف امریکہ اور اسرائیل نے جب سے دہشتناک جنگ کا آغاز کیا ہے پاکستان کی اکثریت سوشل میڈیا کے متعدد پلیٹ فارموں پر تواتر سے اس خدشے کا اظہار کرتا شروع ہوگئی ہے کہ اگلا نشانہ وطن عزیز ہو سکتا ہے۔ سوشل میڈیا پر پاکستان کو اگلا نشانہ بیان کرتے تبصرے پڑھتا/سنتا تو عوام کے دل ودماغ پر چھائی جہالت پریشان کر دیتی۔ بسا اوقات یہ سوچنا کہ مزید نیازی کی طرح ہم مرنے کے شوق میں مبتلا ہو چکے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ خیال بھی ذہن میں آتا کہ اپنی اصل اوقات بھلا کر پھنے خان کی طرح اس گھمنڈ کا شکار ہیں کہ امریکہ اور اسرائیل جیسے طاقتور ترین ممالک ہم سے گھبرائے ہوئے ہیں۔

ہماری اجتماعی سوچ پر نظر بظاہر چھائی خام خیالی جھٹلانے کے لئے یہ شمار کالم لکھے ہیں۔ علم وشعور کے بھرپور استعمال کے ذریعے ان کالموں میں منطقی دلائل کے ذریعے اپنے تئیں لوگوں کو سمجھانے کی کوشش کی کہ اپنی اوقات کو پہچانتے ہوئے ہماری سے اعتراف کرتے ہوئے باآخر درپافت کر لیا جائے کہ امریکہ جیسے ممالک ہم سے کسی بھی نوعیت کا کوئی خطرہ محسوس نہیں کرتے۔ انہیں خبر ہے کہ ہر تین ماہ بعد ہمیں اپنے ریاستی کاروبار کے کھاتے آئی ایم ایف کے سامنے رکھ کر گفتگو کی کا کاروبار مزید تین ماہ تک چلانے کے لئے ایک ارب ڈالر کی قسط درکار ہوتی ہے۔ قرض کی شرطوں سے چلائے ملک سے امریکہ جیسے ملک کیوں گھبرائیں؟

بدھ کی شام سے مگر ذہن پر گزشتہ تین سے زیادہ دہائیوں سے چھائی رعونت کے بارے میں شرمندہ محسوس کر رہا ہوں۔ شدت سے احساس ہو رہا ہے کہ بلیٹ شاہ نے علم سے چان چھڑانے کا فیصلہ کیوں کیا تھا۔ اقبال نے مثل کو بیشوا لب بام دیئہ کر محو تماشہ کیوں پکارا۔ بدھ کی شام فی وی شو کے لئے سوشل میڈیا کا پھیرا لگاتے ہوئے کسی انوکھے موضوع کی تلاش میں تھا تو اچانک ایک ویڈیو کلپ پر نگاہ پڑ گئی۔ مذکورہ کلپ میں امریکہ کے تمام جاسوسی اداروں کی حتمی سربراہ سینٹ کی مصدد وافراد پر مشتمل کمیٹی کو ان خطرات سے آگاہ کر رہی تھی جو آنے والے دنوں میں اس کے ملک کو درپیش ہو سکتے ہیں۔ امریکہ کی سلامتی کو ممکنہ طور پر پیش خطرات کا ذکر کرتے ہوئے امریکہ کے تمام جاسوسی اداروں کی حتمی سربراہ نام جس کا تھی گیبرڈ ہے سینٹ کی انٹیلی جنس کے معاملات پر نگاہ رکھنے والی کمیٹی کو یہ تیاری کی کہ روس، چین، شمالی کوریا اور ایران کے علاوہ پاکستان۔ بی باب پاکستان۔ بھی ایسے دور مار میزائل کے حصول میں مصروف ہیں جو ایشیا اور یورپ کے ممالک کی فضاں سے گزر کرنے کے بعد سمندروں کے اس پار واقع امریکہ کے شہروں کو نشانہ بنا سکتے ہیں۔

ٹیک ٹوزی کی بھرمار کے موسم میں مجھے اپنی آنکھوں اور کانوں پر اعتبار نہیں آیا۔ یہ فرض کر لیا کہ پاکستان کے کسی دشمن نے مصنوعی ذہانت کے ذریعے مذکورہ کلپ تخلیق کی ہوگی۔ مقصد اس کا ہمارے لوگوں میں امریکہ کیخلاف بدگمانیاں بھڑکانا ہے۔ ذات کا رپورٹر تحقیق میں مصروف ہو گیا۔ جس وقت وہ کلپ دیکھی/اگنٹن میں بدھ کے دن کا آغاز ہو چکا تھا۔ امریکی سینٹ کی ویب سائٹ پر گیا تو دریافت ہوا کہ سینٹ کی انٹیلی جنس امور پر نگاہ رکھنے والی کمیٹی کا اجلاس بدھ کی صبح واقعتاً دس بجے شروع ہونا تھا۔ امریکی حکومت کی گرانٹ سے چلایا ایک فی وی نیٹ ورک ہے۔ C-Span اس کا نام ہے۔ وہاں عموماً سینٹ یا امریکہ کی قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹیوں کے اجلاس لائیو دکھائے جاتے ہیں۔ مضطرب دل سے موبائل کے بٹن دبا کر اس کمیٹی کی براہ راست نشریات تک پہنچ گیا۔ حتمی گیبرڈ وہاں بی آئی اے اور ایف بی آئی کے سربراہان کے ساتھ بیٹھی امریکی سینٹ کی کمیٹی کو بریف کر رہی تھی۔ نوجوان ساتھیوں کی مدد سے مذکورہ ویڈیو کلپ کو آغاز سے سنا۔ بیفنگروں کے سوالات لینے سے قبل حتمی نے نہایت غور وخوض کے بعد لکھا/ایک تحریری بیان پڑھا تھا۔

مذکورہ بیان کے ذریعے امریکی سینٹ کو آگاہ کیا گیا کہ امریکہ کی آئی سی-IC (انٹیلی جنس کمیونٹی) یا جاسوسی کا رکنہ سے مصر میں کہ روس، چین، شمالی کوریا اور ایران کے علاوہ پاکستان۔ بی باب پاکستان۔ بھی ایسے دور مار میزائل کے حصول میں مصروف ہیں جو امریکہ کے ممالک کو زد پر آسکتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ہر تین ماہ بعد ہمیں اپنے ریاستی کاروبار کے کھاتے آئی ایم ایف کے سامنے رکھ کر گفتگو کی کا کاروبار مزید تین ماہ تک چلانے کے لئے ایک ارب ڈالر کی قسط درکار ہوتی ہے۔ قرض کی شرطوں سے چلائے ملک سے امریکہ جیسے ملک کیوں گھبرائیں؟

بدھ کی شام سے مگر ذہن پر گزشتہ تین سے زیادہ دہائیوں سے چھائی رعونت کے بارے میں شرمندہ محسوس کر رہا ہوں۔ شدت سے احساس ہو رہا ہے کہ بلیٹ شاہ نے علم سے چان چھڑانے کا فیصلہ کیوں کیا تھا۔ اقبال نے مثل کو بیشوا لب بام دیئہ کر محو تماشہ کیوں پکارا۔ بدھ کی شام فی وی شو کے لئے

لیڈروں کو مار کر جنگ جیتنے کی حکمت عملی

گزشتہ دو روز کے دوران اسرائیلی حملوں میں متعدد اہم ایرانی لیڈروں کو ہلاک کیا گیا ہے۔ ان میں سر فہرست ایرانی قومی سلامتی کے سربراہ علی لاریجانی تھے جو گزشتہ روز اسرائیلی حملے میں جاں بحق ہوئے۔ اس کے علاوہ بسیج فورس کے سربراہ غلام رضا سلیمانی کو بھی ہلاک کیا گیا ہے۔ آج اسرائیلی صدر نے اعلان کیا ہے کہ وزیر برائے انٹیلی جنس اسماعیل خطیب بھی اسرائیلی حملے میں مارے گئے ہیں۔ اسرائیل نے چند گھنٹے پہلے ان کی ہلاکت کا اعلان کیا تھا۔ ہفتہ کے روز امریکی حکومت نے ایران کے نئے رہبر اعلیٰ مجتبیٰ خامنہ ای کے علاوہ متعدد ایرانی لیڈروں کے بارے میں معلومات دینے والے کو 10 ملین ڈالر انعام دینے کا اعلان کیا تھا۔ ان میں علی لاریجانی کا نام بھی شامل تھا۔ ان کا تعلق ایران کے ایک بااثر خاندان سے تھا اور مرحوم سپریم لیڈر علی خامنہ ای نے امریکہ کے ساتھ جنگ میں انہیں پالیسی سازی اور مضبوط بندی کی اہم خدمات سونپ رکھی تھیں۔ وہ ایران کی مذہبی حکومت میں اعتدال پسند اور سفارتی لب ولہجہ رکھنے والے لیڈر کے طور جانے جاتے تھے۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے ایک بیان میں واضح کیا ہے کہ ایران کا نظام حکومت تہ دار ہے اور کسی ایک فرد کے سر پر نہیں چلتا۔ ایک آدمی جاتا ہے تو وہ سر اس کی جگہ لے لیتا ہے۔ مثلاً مجھے بھی کل کیا جاتا ہے تو خاجہ امور کی دیکھ بھال کے لیے دوسرے لوگ سامنے آ جائیں گے۔ ایران کا نظام حکومت کے مضبوط ستونوں پر استوار ہے۔ اسی لیے 28 فروری کو رہبر اعلیٰ علی خامنہ ای کے مارے جانے کے باوجود ملک کا نظم ونسق حکومت مسلسل کام کرتا رہا ہے۔ پہلے ہی ہفتے میں امریکہ واسرائیل نے ایران کی اعلیٰ قیادت کو نشانہ بنایا تھا۔ یہ اندازہ قائم کیا گیا تھا کہ صف اول کے لیڈروں کی ہلاکت کے بعد نظام حکومت متزلزل ہو جائے گا اور ناراض عوام سڑکوں پر نکل آئیں گے۔ اس طرح امریکہ واسرائیل کی خواہش کے مطابق تہران میں مذہبی رہنماؤں کی حکومت کا تختہ الٹا جا سکے گا۔ تاہم یہ اندازے درست ثابت نہیں ہوئے۔ ایران نے نہ صرف مقابلہ کرنے کا اعلان کیا بلکہ علی خامنہ ای کے پیٹے کو نیا رہبر اعلیٰ بنا کر امریکہ کے سامنے ڈٹنے کا اعلان کیا۔ حالانکہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ یہ دعویٰ کر چکے تھے کہ اگلا لیڈر ان کی مرضی سے بننا چاہیے اور انہیں مجتبیٰ بطور رہبر

تاثرات

سید مجاہد علی

اعلیٰ منظور نہیں ہوں گے۔ اس بیان سے امریکی صدر نے موجودہ حکومتی نظام تبدیل کرنے کے بارے میں اپنی پوزیشن بدلتے ہوئے یہ اشارے دینے شروع کیے تھے کہ وہ موجودہ نظام کو ماننے پر تیار ہیں البتہ ایران کو بھی کچھ لچک دکھانی چاہیے۔ ایران نے یہ لچک دکھانے سے انکار کیا ہے۔ اس کے بعد اب ایرانی لیڈروں کو نشانہ بنا کر مارنے کا نیا سلسلہ شروع کیا گیا ہے۔ امریکہ کے علاوہ واسرائیلی وزیر دفاع کہہ چکے ہیں کہ فوج کو تمام اعلیٰ ایرانی لیڈروں کو ہلاک کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

تہران میں اعلیٰ ایرانی لیڈروں کی اسرائیلی یا امریکی حملوں میں ہلاکت سے ایرانی نظام میں ان دونوں ملکوں کی جاسوسی کی موجودگی اور اثر ورسوخ کا اندازہ بھی ہوتا ہے۔ اس سے ایرانی نظام کی یہ کمزوری بھی سامنے آتی ہے کہ اس کی انٹیلی جنس ایک تو اپنے لیڈروں کی زندگی کو لاحق خطروں کا اندازہ لگانے میں ناکام رہتی ہے تو دوسری طرف جنگ کو تین ہفتے گزرنے کے باوجود امریکہ واسرائیل کا جاسوسی نظام اس حد تک موثر اور طاقتور ہے کہ وہ علی لاریجانی جیسے اعلیٰ لیڈر کو نشانہ بنانے میں بھی کامیاب رہا ہے۔ آج انٹیلی جنس امور کے نگران وزیر اسماعیل خطیب کی ہلاکت سے ملکی انٹیلی جنس کی کمزوری مزید عیاں ہوئی ہے۔ یہ حقیقت تو ثابت ہو رہی ہے کہ ایران کا نظام حکومت کسی ایک شخص کے جانے سے غیر موثر نہیں ہوتا لیکن اس کے ساتھ ہی یہ بھی واضح ہو رہا ہے کہ ایرانی دارالحکومت میں کوئی بھی یقین سے نہیں کہہ سکتا کہ دشمن کا اگلا نشانہ کون ہوگا اور ان کی اپنی صفوں میں اسرائیلی یا امریکی ایجنٹوں کے لیے کام کرنے والے کون لوگ ہیں۔ ان عناصر کو بے اثر کیے بغیر باآخر ایرانی قیادت ناتواں ہو سکتی ہے اور تمام تر مضبوط حکومتی ڈھانچے کے باوجود نظام گرایا جا سکتا ہے۔ ایسی صورت میں حملہ آوروں کا مقصد تو پورا ہو جائے گا لیکن ملک ایک طویل المدت خانہ جنگی کا شکار ہو سکتا ہے۔ ایران جیسے بڑے اور باوسیلہ ملک میں مرکزی حکومت کمزور ہونے کی صورت میں پورا خطہ بے یقینی اور عدم استحکام کا شکار ہوگا۔ یہ صورت حال پاکستان سمیت اس خطے کے تمام ممالک کے لیے تشویش کا سبب ہے۔ رہبر اعلیٰ مجتبیٰ خامنہ ای علی الاعلان یہ دعویٰ کر چکے ہیں کہ وہ ایران کی ہلاکت پر اپنے پیغام تعزیت میں ڈالے رہنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ "خون کے ہر قطرے کی قیمت ہے، جو شہدا کے مجرم قاتلوں کو جلد ادا کرنی پڑے گی"۔ تاہم ایسے جذباتی اعلانات ایک غیر ضروری اور بے مقصد جنگ کو طوالت دینے اور ایران کے علاوہ پورے خطہ عرب کے ممالک میں عدم استحکام پیدا کرنے کا سبب بن رہے ہیں۔ ایران کا مسئلہ یہی ہوگا کہ وہ اس مشکل کا کوئی معقول حل تلاش کرے۔ عرب ممالک میں امریکی اثاثوں یا ملکانوں پر حملے شروع کرتے وقت یہی دعویٰ کیا گیا تھا کہ یہ حملے برادر عرب ممالک کے خلاف نہیں ہیں بلکہ ان اڈوں پر کیے جا رہے ہیں جو اس جنگ میں ایران کے خلاف استعمال ہو رہے ہیں۔ حالانکہ عرب ممالک نے مسلسل اس الزام کو غلط کہا ہے اور واضح کیا ہے کہ یہ جنگ ان کی مشاورت سے شروع نہیں کی گئی اور نہ ہی وہ اس کا حصہ ہیں۔ اب یہ بات صرف امریکی اڈوں اور سفارت خانوں پر حملے کرنے تک محدود نہیں رہی بلکہ آج ایران کے پاسداران انقلاب نے عرب ممالک کی تیل تنصیبات کو نشانہ بنانے کی دھمکی دی ہے۔ ایک فوری وارننگ میں کہا گیا ہے کہ شرقی گیس اور آئل تنصیبات سے دور چلے جائیں۔ ایران ان پر حملہ کرے گا۔ یہ اعلان ہونیلی پارس گیس فیلڈ میں ایران کے پیٹرو کیمیکل کمپلیکس پر خطرناکی حملوں کے بعد کیا گیا ہے۔ ایران پر حملے امریکہ واسرائیل کر رہے ہیں لیکن

من گھڑت بیانیے سے ترقی وخوشحالی کی حقیقت تک



افکار زاہدی

نسیم الحق زاہدی

naseemulhaq.nuhz@gmail.com

کی بنیاد رکھی تھی جس نے دور دراز علاقوں کو مرکزی دھارے سے جوڑ دیا۔ اس سے نہ صرف لوگوں کی آمد ورفت آسان ہوئی بلکہ کاروباری سرگرمیوں میں بھی اضافہ ہوا۔ کوئٹہ ایئرپورٹ بلوچستان کی ترقی کا ایک اور روشن باب ہے جو آج ایک اجڑے ہوئے تجارتی مرکز کے طور پر سامنے آ رہا ہے۔ گوادر کی بندرگاہ نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے لیے اہمیت کی حامل ہے۔ اس کے ذریعے مشرق وسطیٰ، وسطی ایشیا اور دیگر خطوں کے ساتھ تجارت کے نئے دروازے کھلے ہیں۔ گوادر میں جاری ترقیاتی منصوبے، فری زونز، اور بنیادی سہولیات کی فراہمی نے اس شہر کو ایک جدید بندرگاہی مرکز میں تبدیل کر دیا ہے جہاں مقامی افراد کے لیے روزگار کے بے شمار مواقع بھی پیدا ہوئے ہیں۔ ریکوڈک مائنگ پروجیکٹ سونے اور تانبے کی معدنی دولت کو بروئے کار لانے کی ایک بڑی مثال ہے۔ اس منصوبے کے تحت سونے اور تانبے کے ڈھیج ذخائر کو نکالنے اور استعمال میں لانے کا عمل جاری ہے اور یہ ملک کی معیشت کو مضبوط کر رہا ہے۔ بلوچستان میں معدانی وسائل کی تلاش اور ان کے استعمال سے ایک طویل عرصے تک ایک مخصوص اور من گھڑت بیانیہ تشکیل دیا جاتا رہا جس میں محرومیوں، ناانصافیوں اور پسماندگی کا ذکر کر کے بلوچ عوام کو ریاست کے خلاف گمراہ کیا جاتا رہا، حالانکہ ایسا کچھ نہیں۔ اس بیانیے کے ذریعے یہ تاثر دینے کی کوشش کی گئی کہ بلوچستان کو جان بوجھ کر نظر انداز کیا گیا، یہاں کے وسائل سے فائدہ اٹھایا گیا مگر عوام کو ان کا حق نہیں دیا گیا، اور صوبے کو ترقی کے دھارے سے الگ رکھا گیا۔ اس تاثر کو بار بار دہرا کر ایک ایسی فضا قائم کی گئی جس میں بداعتمادی، شکوک وشبہات اور فاصلے پیدا ہوں، مگر حقیقت اس کے برعکس ہے۔ بلوچستان پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے جو قدرتی وسائل، جغرافیائی اہمیت اور ثقافتی تنوع کے حوالے سے ایک منفرد حیثیت رکھتا ہے۔ یہاں معدنیات کے وسیع ذخائر موجود ہیں، ساحلی پٹی عالمی تجارت کے لیے انتہائی موزوں ہے، جبکہ اس کی سرحدیں اسے علاقائی روابط کا ایک اہم مرکز بناتی ہیں۔ ان تمام عوامل کے باوجود اگر کسی دور میں ترقی کی رفتار سست رہی تو اس کے مختلف اسباب ہیں، جن میں خانہ ساز سرداری نظام اور ذاتی مفادات شامل تھے، مگر اسے دانستہ محرومی کا نام دینا درست نہیں۔ گذشتہ برسوں میں ریاست کی طرف سے اس تاثر کو ختم کرنے کے لیے جو اقدامات کیے گئے ہیں، وہ واضح طور پر اس بات کا ثبوت ہیں کہ بلوچستان ترقی اور خوشحالی کی راہوں پر گامزن ہے۔ آج بلوچستان میں ترقی کا سفر کئی بڑے منصوبوں کی صورت میں نظر آتا ہے جنہوں نے نہ صرف صوبے بلکہ پورے ملک کی معیشت کو ایک نئی سمت دی ہے۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) اس سلسلے کا ایک اہم سنگ میل ہے جس کے ذریعے بلوچستان کو چین سے ایک طویل عرصے تک ایک مخصوص اور من گھڑت بیانیہ تشکیل دیا جاتا رہا جس میں محرومیوں، ناانصافیوں اور پسماندگی کا ذکر کر کے بلوچ عوام کو ریاست کے خلاف گمراہ کیا جاتا رہا، حالانکہ ایسا کچھ نہیں۔ اس بیانیے کے ذریعے یہ تاثر دینے کی کوشش کی گئی کہ بلوچستان کو جان بوجھ کر نظر انداز کیا گیا، یہاں کے وسائل سے فائدہ اٹھایا گیا مگر عوام کو ان کا حق نہیں دیا گیا، اور صوبے کو ترقی کے دھارے سے الگ رکھا گیا۔ اس تاثر کو بار بار دہرا کر ایک ایسی فضا قائم کی گئی جس میں بداعتمادی، شکوک وشبہات اور فاصلے پیدا ہوں، مگر حقیقت اس کے برعکس ہے۔ بلوچستان پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے جو قدرتی وسائل، جغرافیائی اہمیت اور ثقافتی تنوع کے حوالے سے ایک منفرد حیثیت رکھتا ہے۔ یہاں معدنیات کے وسیع ذخائر موجود ہیں، ساحلی پٹی عالمی تجارت کے لیے انتہائی موزوں ہے، جبکہ اس کی سرحدیں اسے علاقائی روابط کا ایک اہم مرکز بناتی ہیں۔ ان تمام عوامل کے باوجود اگر کسی دور میں ترقی کی رفتار سست رہی تو اس کے مختلف اسباب ہیں، جن میں خانہ ساز سرداری نظام اور ذاتی مفادات شامل تھے، مگر اسے دانستہ محرومی کا نام دینا درست نہیں۔ گذشتہ برسوں میں ریاست کی طرف سے اس تاثر کو ختم کرنے کے لیے جو اقدامات کیے گئے ہیں، وہ واضح طور پر اس بات کا ثبوت ہیں کہ بلوچستان ترقی اور خوشحالی کی راہوں پر گامزن

میرنی اڈہ، عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء پارلیمانی لیڈر الحیثمز مرگ خان اچکزئی، قبیلے کے سربراہ ملک فرید احمد خان بیرعلیزئی مرکزی سینئر نائب صدر سینیٹر داؤد خان اچکزئی، ملک علی احمد سے عید کے موقع پر مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

اختلافات بھلا کر علاقے کی ترقی و خوشحالی کیلئے ملکر کام کرنا ہوگا، مرگ اچکزئی

قبائلی روایات، باہمی احترام اور مشاورت کے ذریعے ہم اپنے مسائل کو بہتر انداز میں حل کر سکتے ہیں، ملک فرید احمد خان

عوامی خدمت اور علاقے کی بہتری کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے، سینیٹر داؤد خان اچکزئی و دیگر کا اظہار خیال

میرنی اڈہ (نامہ نگار) عیدالفطر کے پُرمسرت موقع پر میرنی اڈہ میں واقع ملک آغا ہاؤس بیرعلیزئی میں عید کی خوشیاں نہایت جوش و خروش، اخوت اور روایتی قبائلی انداز میں منائی گئیں۔ اس موقع پر علاقے بھر سے قبائلی عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات اور معززین کی بڑی تعداد نے شرکت کی، جس سے ماحول خوشگوار اور پُررونق بن گیا۔ تقریب میں عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء پارلیمانی لیڈر الحیثمز مرگ خان اچکزئی، بیرعلیزئی قبیلے کے سربراہ ملک فرید احمد خان بیرعلیزئی، عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی سینئر نائب صدر سینیٹر داؤد خان اچکزئی، سینیٹر ایجاز بلیدی کمیٹی کے کرن مبین خان اچکزئی، اور ملک علی احمد بیرعلیزئی سمیت دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔ مختلف علاقوں سے آئے ہوئے مہمانوں نے ملک آغا ہاؤس پہنچ کر میزبانوں سے ملاقاتیں کیں اور عید کی خوشیوں میں بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر روایتی قبائلی اقدار کے مطابق مہمانوں کی پُرتکلف تواضع کی گئی، جبکہ باہمی ملاقاتوں کے دوران عید کی خوشیاں بانٹی گئیں اور ایک دوسرے کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی گئی۔ شرکاء نے آپس میں اتحاد، بھائی چارے اور باہمی احترام کے جذبے کو فروغ دینے پر زور دیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنماء پارلیمانی لیڈر الحیثمز مرگ خان اچکزئی، بیرعلیزئی قبیلے کے سربراہ ملک فرید احمد خان بیرعلیزئی، سینیٹر داؤد خان اچکزئی اور مبین خان اچکزئی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ عیدالفطر امن، محبت، اتحاد اور اتفاق کا درس دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں ہمیں آپسی اختلافات کو بھلا کر یکجہتی کا مظاہرہ کرنا ہوگا تاکہ علاقے میں پائیدار امن اور ترقی کو یقینی بنایا جا سکے۔ رہنماؤں نے مزید کہا کہ قبائلی روایات، باہمی احترام اور مشاورت کے ذریعے ہم اپنے مسائل کو بہتر انداز میں حل کر سکتے ہیں اور ایک مضبوط، متحد معاشرے کی بنیاد رکھ سکتے ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی خدمت اور علاقے کی بہتری کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے۔ تقریب کے اختتام پر ملک کی سلامتی، ترقی، اور علاقے میں امن و خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں۔

ڈیرہ مراد جمالی بھوبانی مزید محمد صادق عمرانی کے ہمراہ ایڈووکیٹ نثار احمد عمرانی اسرار احمد عمرانی عید کے موقع پر گروپ فوٹو

شہید اکبر بلوچ کی برسی پر یادگار تعزیتی ریفرنس ہوگا، اسد منگلوئی

عظیم دوست کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے تمام ساتھی رابطہ کریں، نیشنل پارٹی

ڈھاڈر (نمائندہ خصوصی) نیشنل پارٹی بچی کے ارگنائزر اور معروف قبائلی رہنما ملک اسد منگلوئی نے مورخہ 23 مارچ کو پارٹی کے اپنائی مخلص مخلص نذر نظریاتی کارکن کی یاد میں منعقدہ تعزیتی ریفرنس کو یادگار اور تاریخی بنانے کے حوالے سے تمام تحصیل اور یونین کے کارکنوں سے کہا ہے وہ اس سلسلے میں اپنی تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔ انکا کہنا تھا کہ عظیم اور بلند سیاسی فکر و پروگرام رکھنے والے ہمیشہ اپنے سیاسی ورکرز کو ہر موڑ پر یاد رکھتے ہوئے انہی کے دم پر سیاسی معرکیں اور اہداف کو عبور کرتی شہید اکبر بلوچ بچی نصیر آباد سمیت بلوچستان کے ان بڑے اور باہمور سیاسی کارکنوں میں سے تھا جنہوں نے ہر دور میں ہر طرح کی حالات سے تجربہ آزماتے ہوئے قوم پرستی اور نظریاتی سیاست کی بڑی دلیری سے آبیاری کی اور پارٹی پروگرام اور تربیت کو ہمیشہ اپنا طرہ و بنائے رکھا انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ نیشنل پارٹی بلوچستان کی کال پر لبیک کہتے ہوئے پروگرام کو تاریخی بنانے کے لیے نیشنل پارٹی بچی اور زمہ دار مقامی دوستوں اور ہمدردوں کے ساتھ تعاون اور رابطے میں رہیں اور اپنی شرکت کو یقینی بناتے ہوئے عظیم دوست کو خراج عقیدت پیش کریں۔

خضدار، وفاقی محتسب اعلیٰ نے خاتون کی داد رسی کردی

برسوں سے التواء کا شکار بینوئلنٹ فنڈ کے لاکھوں روپے کے واجبات ادا

ادارہ مظلوموں کے لیے امید کی کرن ہے، خاتون کی جانب سے اظہار تشکر

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار، وفاقی محتسب اعلیٰ پاکستان کی جانب سے غریب اور مستحق شہریوں کو بیوروکریٹک رکاوٹوں سے نجات دلانے اور ان کے جائز حقوق کی فراہمی کا مشن کامیابی سے جاری ہے۔ ایک حالیہ اہم فیصلے میں وفاقی محتسب کے ریجنل آفس خضدار کی مداخلت پر ایک خاتون درخواست گزار کو برسوں سے التواء کا شکار بینوئلنٹ فنڈ کے لاکھوں روپے کے واجبات ادا کر دیے گئے ہیں۔ خضدار کی رہائشی محترمہ زبیدہ بی بی وفاقی محتسب کے دفتر میں شکایت درج کرائی تھی کہ وہ اپنے جائز حق بینوئلنٹ فنڈ کے حصول کے لیے طویل عرصے سے متعلقہ محکموں کے چکر کاٹ رہی ہیں، لیکن سخت محکمانہ شرائط اور بیوروکریٹک تاخیری حربے سے انہیں شدید مالی مشکلات کا سامنا ہوا وفاقی محتسب کے ریجنل ایجنٹ نے کیس کی سماعت کرتے ہوئے معاملے کا فوری نوٹس لیا اور متعلقہ حکام کو سخت ہدایات جاری کیں کہ زبیدہ خاتون کے کیس میں حائل تمام رکاوٹیں فی الفور دور کی جائیں۔ وفاقی محتسب کے اس سخت موقف اور قانونی دباؤ کے نتیجے میں محکمے نے فوری کارروائی کی اور خاتون کو ان کے تمام واجبات کی ادائیگی یقینی بنائی وفاقی محتسب کے حکم پر محترمہ زبیدہ کو درج ذیل رقوم کے چیک جاری کر دیے گئے ہیں 4 لاکھ 60 ہزار روپے کی یکمشت (sum-Lump) گرانٹ 82,600 روپے کے دیرینہ بقایاجات (Arrears) اور خواست گزار خاتون نے ریفلیف ملنے پر وفاقی محتسب کے ادارے کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ مظلوموں کے لیے امید کی کرن ہے جہاں بغیر کسی سفارش اور خرچ کے انصاف ملتا ہے۔

عید الفطر کے ایام میں صحبت پور انتظامیہ کے خصوصی اقدامات

اجتماعات کے دوران شہریوں کو بہترین سہولتیں اور محفوظ ماحول فراہم کیا

میونسپل کمیٹی صحبت پور کی جانب سے عید گاہوں کی خصوصی صفائی کی گئی

صحبت پور (خ ن) ضلعی انتظامیہ صحبت پور کی ہدایات کی روشنی میں میونسپل کمیٹی کا عملہ ضلع بھر کے تمام عید گاہوں میں صفائی ستھرائی، صفائی کے انتظامات اور دیگر ضروری سہولیات کو یقینی بنانے کے لیے فعال اور متحرک ہے، تاکہ عید کے اجتماعات کے دوران شہریوں کو بہترین سہولتیں اور محفوظ ماحول فراہم کیا جا سکے۔ تمام انتظامات اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے کیے جا رہے ہیں کہ نماز عید کے دوران عوام کو کسی قسم کی دشواری یا تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے مزید برآں، پولیس ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے عید کے موقع پر امن و امان کے قیام کے لیے ایک جامع اور تفصیلی سکیورٹی پلان ترتیب دیا گیا ہے، جس کے تحت تمام حساس اور اہم مقامات پر مکمل نگرانی، اہلکاروں کی تعیناتی اور مؤثر حفاظتی اقدامات کیے جائیں گے۔ تمام متعلقہ اداروں، فیلڈ اسٹاف اور رضا کاروں کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں پیشہ ورانہ انداز میں مکمل چوکس رہتے ہوئے اور باقاعدہ نگرانی کے ساتھ انجام دیں تاکہ عید کی خوشیاں امن و امان کے ساتھ منائی جا سکیں ضلعی انتظامیہ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے کہ شہری عید کی عبادات پُرامن، محفوظ، صاف ستھرا اور منظم ماحول میں ادا کر سکیں۔ عوام الناس سے بھی درخواست کی جاتی ہے کہ وہ انتظامات میں تعاون کریں اور حفاظتی ہدایات پر عمل پیرا رہیں۔

ڈیرہ مراد جمالی بھوبانی شیر سردار پایا غلام رسول عمرانی سے عید کے موقع پر مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

عید الفطر ہمیں محبت، بھائی چارے کا درس دیتی ہے، ڈی سی موسیٰ خیل

مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

عبدالرزاق نجک کی نماز عید کے بعد بزرگوں، بچوں اور نوجوانوں سے بات چیت

موسیٰ خیل (اے پی پی) موسیٰ خیل میں عیدالفطر کے پُرمسرت موقع پر ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نجک نے نماز عید کی ادائیگی کے بعد عوام کے ساتھ گھل مل گئے اور شہریوں کو عید کی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر انہوں نے لوگوں سے گرمجوشی سے ملاقات کی، انہیں گلے لگایا اور عید کی خوشیوں میں شریک ہوئے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عیدالفطر ہمیں محبت، بھائی چارے اور اتحاد کا درس دیتی ہے، اور یہ دن ہمیں ایک دوسرے کے قریب آنے اور خوشیاں بانٹنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے عوام کے ساتھ خوشگوار ماحول میں وقت گزارا اور بچوں اور بزرگوں سے خصوصی طور پر ملاقات کی۔ عبدالرزاق نجک نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کی خدمت کے لیے ہر وقت کوشاں ہے اور عوامی مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر کے اس عوام دوست اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے اقدامات سے عوام اور انتظامیہ کے درمیان فاصلے کم ہوتے ہیں اور باہمی اعتماد میں اضافہ ہوتا ہے۔

افغان باشندوں کے شناختی کارڈز کی جانچ پڑتال کا فیصلہ خوش آئند ہے

مقامی جائیدادیں غیر ملکیوں کو فروخت یا کرایے پر نہ دیں، کسان رہنماؤں کی اپیل

بیلہ مسی (پ این اے) بلوچستان بزنس کمیونٹی جعفر آباد کے رہنماؤں نے وفاقی حکومت کی جانب سے غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے شناختی کارڈز کی نئی نگرانی اور ان کی جانچ پڑتال کے اقدامات کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے ایک مثبت فیصلہ قرار دیا ہے۔ بزنس کمیونٹی کے رہنماؤں نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ حکومت کی جانب سے شناختی کارڈز کی چھان بین کی ہدایت سے غیر قانونی دستاویزات کے خاتمے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ صرف 1947 کے اصل سرکاری ریکارڈ کو بنیاد بنا کر تصدیق کی جائے اور جعلی یا مشکوک دستاویزات جاری کرنے والے اہلکاروں کے خلاف بھی سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے وفاقی حکومت کی جانب سے اسلام آباد سمیت تمام متعلقہ اداروں اور خفیہ ایجنسیوں کو دیے گئے جامع اختیارات کی بھرپور حمایت کی تاکہ ویزہ، پاسپورٹ اور دیگر ریکارڈ کی شفاف جانچ پڑتال ممکن ہو سکے۔ بیان میں جعفر آباد کے عوام سے پرزور اپیل کی گئی ہے کہ وہ اپنی جائیدادیں اور زمینیں غیر ملکیوں کو فروخت نہ کریں اور نہ ہی کرایے پر دیں، کیونکہ اس عمل سے مقامی آبادی کے حقوق بری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔ بزنس کمیونٹی نے مختلف نمائندوں الیم این اے اور ایم پی اے (پ) پر بھی زور دیا ہے کہ وہ محض کمیشن کی خاطر سرکاری کاغذ غیر مقامی تاریخیں وطن کو دینے کے بجائے مقامی نوجوانوں کو ترجیح دیں۔

این اے 256 خضدار ضمنی الیکشن میں سیاسی سرگرمیاں اپنے عروج پر پہنچ گئیں

خضدار کی ترقی عوامی فلاح و بہبود اور دیرینہ مسائل کے حل کے لیے سیاسی ہم آہنگی ناگزیر، سیاسی کارکنوں و رہنماؤں کے رابطے

جماعت اسلامی کے نامزد امیدوار مولانا محمد اسلم گزگی سے وفود کی ملاقاتیں، حلقے کیلئے مستقبل میں مثبت سیاسی اقدامات کا عزم

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار کی سیاست میں درجہ حرارت تیزی سے بڑھتا جا رہا ہے اور این اے 256 کے ضمنی انتخاب سے قبل سیاسی سرگرمیاں اپنے عروج پر پہنچ چکی ہیں۔ اسی سلسلے میں کاروان خضدار کی ایک وفد نے جامعہ اسلامیہ تنظیم القرآن قادر آباد میں جماعت اسلامی بلوچستان کے ڈپٹی جنرل سیکرٹری اور این اے 256 کے نامزد امیدوار مولانا محمد اسلم گزگی سے اہم ملاقات کی، اس ملاقات میں آنے والے 5 اپریل کے ضمنی الیکشن، حلقے کی مجموعی سیاسی صورتحال، عوامی مسائل اور ممکنہ انتخابی حکمت عملی پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد میں بشیر بلنگ ایڈووکیٹ، قدیر چاکر زہری ایڈووکیٹ عبدالسلام لہری، اکبر کنگو اور عبدالرحیم خدرانی سمیت دیگر نمایاں شخصیات شامل تھیں، جن کی موجودگی اس ملاقات کی اہمیت کو دوچند کر رہی تھی ملاقات کے دوران دونوں جانب سے اس بات پر زور دیا گیا کہ خضدار کی ترقی عوامی فلاح و بہبود اور دیرینہ مسائل کے حل کے لیے سیاسی ہم آہنگی ناگزیر ہے کاروان خضدار کی جانب سے این اے 256 میں اتحاد اور تعاون کی باقاعدہ اپیل بھی سامنے آئی، جس پر جماعت اسلامی نے ضلعی و صوبائی سطح پر مشاورت کے لیے وقت مانگ لیا ایک ایسا فیصلہ جو آنے والے دنوں میں سیاسی منظر بدل سکتا ہے۔ اس موقع پر جماعت اسلامی ضلع خضدار کی مقامی قیادت بھی شریک تھی جن میں نائب امراء علی اکبر زہری، الحیثمز وسیم زہری، منظور احمد لہری، مولانا عبدالباسط گزگی، حافظ غلام قادر گزگی، جمیل احمد غلامانی، محمد اسحاق مروندی، محمد رفیق ساسولی اور سرور وحید گزگی زئی شامل تھے۔ ملاقات کھلی رہی نہیں بلکہ این اے 256 میں ممکنہ اتحادوں، سیٹ ایڈجسٹمنٹ اور طاقت کے نئے توازن کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتی ہے ملاقات خوشگوار ماحول میں اختتام پذیر ہوئی جہاں فریقین نے باہمی رابطوں کو مزید مستحکم بنانے اور حلقے میں مثبت سیاسی کردار ادا کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

عید الفطر ہمدردی اور تعاون کا درس دیتی ہے، ارشد جمالی

بہتر انتظامات کئے تاکہ شہری پرامن ماحول میں عید کی خوشیاں منا سکیں

ہرنئی (اے پی پی) ڈپٹی کمشنر ہرنئی، میر ارشد حسین خان جمالی نے عیدالفطر کے پُرمسرت موقع پر ضلع بھر کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے جاری کردہ پیغام میں انہوں نے کہا کہ عیدالفطر خوشیوں، بھائی چارے، محبت اور ایثار کا تہوار ہے جو ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ ہمدردی اور تعاون کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بابرکت موقع پر ہمیں چاہیے کہ ہم مستحق اور نادار افراد کو اپنی خوشیوں میں شامل کریں تاکہ عید کی حقیقی خوشیاں سب تک پہنچ سکیں۔ ڈپٹی کمشنر میر ارشد حسین خان جمالی نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو عید کے دوران بہترین سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام تر اقدامات کر رہی ہے اور صفائی، سکیورٹی اور دیگر انتظامات کو یقینی بنایا گیا ہے تاکہ شہری پرامن ماحول میں عید کی خوشیاں منا سکیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ عید کے موقع پر صفائی کا خاص خیال رکھیں، قانون کی پاسداری کریں اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لیے انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔ آخر میں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس عید کو ہم سب کے لیے خوشیوں، امن، ترقی اور خوشحالی کا باعث بنائے۔

چھتر، میر عبدالباجد ابڑو کے ہمراہ پریس کلب کے صدر عبدالرزاق بنگلزئی و دیگر کا عید کے موقع پر گروپ فوٹو

حبیب اللہ کاکوزئی سے قبائلی و سیاسی عمائدین کی ملاقاتیں

بھائی چارے، محبت اور اتحاد کے جذبے کو فروغ دیا جائے، اسد خان اچکزئی

عید کی خوشیاں تب مکمل ہوتی ہیں جب ہم انہیں ایک دوسرے کے ساتھ بانٹیں

میرنی اڈہ (نامہ نگار) عیدالفطر کے پُرمسرت موقع پر کاکوزئی قبیلے کے معزز قبائلی شخصیت حاجی حبیب اللہ کاکوزئی اور میونسپل کارپوریشن قلعہ عبداللہ کے چیئرمین اسد خان اچکزئی سے مختلف قبائلی، سیاسی اور سماجی عمائدین نے ملاقاتیں کیں اور انہیں عیدالفطر کی دلی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر علاقے بھر سے معززین، قبائلی رہنماؤں اور سیاسی شخصیات کی بڑی تعداد شریک ہوئی، جہاں خوشگوار ماحول میں باہمی ملاقاتوں کا سلسلہ جاری رہا۔ مہمانوں نے ایک دوسرے کے ساتھ عید کی خوشیاں بانٹیں اور بھائی چارے، محبت اور اتحاد کے جذبے کو فروغ دیا۔ تقریب کے دوران کاکوزئی قبیلے کے قبائلی شخصیت حاجی حبیب اللہ کاکوزئی کی جانب سے معزز مہمانوں کے اعزاز میں پُرتکلف ظہرانے کا اہتمام بھی کیا گیا، جس میں روایتی مہمان نوازی کا شاندار مظاہرہ دیکھنے میں آیا۔ مہمانوں کی بھرپور تواضع کی گئی اور انہیں عزت و احترام کے ساتھ خوش آمدید کہا گیا۔ اس موقع پر حاجی حبیب اللہ کاکوزئی نے تمام آنے والے مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ عیدالفطر ہمیں محبت، اخوت، برداشت اور باہمی احترام کا درس دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے مواقع ہمیں ایک دوسرے کے قریب آنے اور معاشرتی ہم آہنگی کو فروغ دینے کا بہترین ذریعہ فراہم کرتے ہیں۔ چیئرمین میونسپل کارپوریشن اسد خان اچکزئی نے بھی اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عید کی خوشیاں تب ہی مکمل ہوتی ہیں جب ہم انہیں ایک دوسرے کے ساتھ بانٹیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت اور علاقائی ترقی کے لیے باہمی تعاون اور اتحاد نہایت ضروری ہے

میرنی اڈہ، ملک محمد سلطان خان اچکزئی اور عوامی نیشنل پارٹی ضلع قلعہ عبداللہ کے ضلعی صدر ملک محمد حنیف خان اچکزئی سے مختلف وفود عید کے موقع پر ملاقات کر رہے ہیں

کچھی پولیس شہریوں کی حفاظت اور قیام امن کیلئے مستعد ہے، ایس ایس پی کچھی

عیدالفطر کے ایام میں اہم شاہراہوں اور عبادت گاہوں کے اندر باہر سکیورٹی کو موثر بنانے کیلئے خصوصی انتظامات کیے گئے

پولیس اہلکاروں کی چھٹیوں کو ممنوع کیا گیا، سادہ لباس میں اہلکاروں کا گشت بڑھایا، تاجر شہری تعاون کریں، غلام مرتضیٰ بھٹو

ڈھاڈر (نمائندہ خصوصی) ایس ایس پی بچی غلام مرتضیٰ بھٹو نے اہلیان بچی کو عیدالفطر کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ بچی پولیس کے افسران اور جوان اپنے گھر اور پیاروں سے دور شہریوں کی سلامتی کے لئے ڈیوٹی پر ہیں انہوں نے کہا کہ امسال عیدالفطر کے موقع پر ساتھ روایات سے ہٹ کر سکیورٹی کے موثر انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے پلان تیار کر لیا گیا ہے جس پر سختی سے عمل درآمد کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ عید کے پہلے روز اہم شاہراہوں اور عید گاہوں کے اندر باہر سکیورٹی کو موثر بنانے کے لیے خصوصی انتظامات عمل کر لیے گئے ہیں جبکہ عید کے بقیہ دنوں میں بھی شہر ڈھاڈر چھ بجے کے سیت ضلع بھر میں نظم گشت کو موثر بنایا جائے گا انہوں نے علماء کرام امام مساجد اور سیاسی رہنماؤں اور شہریوں سے اپیل کی کہ وہ امن و امان والے راستوں کے بجائے دوسرے راستوں کو اختیار کریں اور مشکوک افراد پر گرفت رکھیں اور اگر کوئی مشکوک لگے تو متعلقہ پولیس تھانے کو فوری مطلع کریں انہوں نے کہا کہ عیدالفطر کے موقع پر تمام پولیس اہلکاروں کی چھٹیوں کو بھی منسوخ کر دیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ ضلع بھر کی تمام بڑی اور اہم عید گاہوں مساجد اور امام بارگاہوں پر اضافی نفری کیساتھ سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں تاکہ شہری پرامن اور محفوظ ماحول میں نماز عید ادا کر سکیں ایس ایس پی غلام مرتضیٰ بھٹو نے کہا کہ جن مقامات پر عیدالفطر کی نماز ادا کی جائے گی ان کے ارد گرد متعلقہ ایس ایچ او ز ہمراہ نفری اور سادہ لباس میں گشت کریں گے جبکہ ٹریفک کو رواں رکھنے کیلئے ٹریفک سٹاف کو بھی مامور کیا گیا ہے انہوں نے کہا کہ ضلعی پولیس کا ہر ایک افسر و اہلکار عوام الناس کی خدمت کے لیے دن رات محنت کر رہا ہے پولیس کے ساتھ ساتھ تمام مکاتب فکر کے علماء، امن کمیٹی انجمن تاجران سماجی ورکرز اور عوام کا فرض بنتا ہے کہ وہ پولیس کیساتھ شانہ بشانہ کام کریں۔

قلعہ عبداللہ میں واٹر سپلائی اسکیموں کیخلاف پروپیگنڈہ درست نہیں

بغیر کسی تصدیق کے الزامات لگانا صحافتی اصولوں کی خلاف ورزی ہے

سنگین الزامات لگانا صحافتی اصولوں کی خلاف ورزی ہے، سماجی حلقے

میرنی اڈہ (نامہ نگار) ضلع قلعہ عبداللہ میں واٹر سپلائی اسکیموں سے متعلق سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی خرد برد اور بے ضابطگیوں کی خبروں کو عوامی و سماجی حلقوں نے بے بنیاد من گھڑت اور حقائق کے منافی قرار دے دیا ہے۔ عوامی و سماجی شخصیات نے ان خبروں پر سخت ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ بغیر کسی تصدیق کے اس نوعیت کے سنگین الزامات لگانا نہ صرف صحافتی اصولوں کی خلاف ورزی ہے بلکہ اس کا مقصد عوام میں بے چینی اور بدگمانیاں پیدا کرنا بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ذمہ دار صحافت کا تقاضا ہے کہ کسی بھی خبر کو نشر کرنے سے قبل اس کی مکمل تحقیق اور تصدیق کی جائے۔ ذرائع کے مطابق رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی لیڈر الحیثمز مرگ خان اچکزئی کے قریبی حلقوں نے بھی ان الزامات کو نشانہ بنا کر سخت مسترد کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ضلع میں جاری اور مکمل شدہ واٹر سپلائی منصوبے علاقے میں ترقی اور عوامی فلاح کے واضح ثبوت ہیں۔ ان منصوبوں سے نہ صرف پانی کی فراہمی میں بہتری آئی ہے بلکہ دور دراز علاقوں کے مکین بھی مستفید ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض مخاصر سیاسی مقاصد کے حصول کے لیے منفی پروپیگنڈا کر رہے ہیں اور عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، تاہم ایسے ہتھکنڈے کامیاب نہیں ہوں گے۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ جھوٹی اور بے بنیاد خبریں پھیلانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لانے کے لیے عزت مآب (Defamation) کے تحت نوٹس جاری کرنے پر غور کیا جا رہا ہے۔ دوسری جانب مقامی اخبارات نے بھی سوشل میڈیا پر غلط معلومات پھیلانے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام باشعور ہیں اور حقیقت سے بخوبی آگاہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کو متاثر بنانے کی کوششیں علاقے کی بہتری کے خلاف ہیں، اس لیے ایسے منفی پروپیگنڈے کا فوری طور پر سدباب ہونا چاہیے۔ مقامی لوگوں نے حکام سے مطالبہ کیا کہ سوشل میڈیا کے غلط استعمال کو روکنے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں اور جھوٹے الزامات لگانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے تاکہ آئندہ کوئی بھی اس طرح کی گمراہ کن مہم چلانے کی جرات نہ کرے۔

چھتر، پیپلز پارٹی کے رہنما محمد امین عمرانی سے نصر اللہ بھٹو عید کے موقع پر ملاقات کر رہے ہیں

ہوائی فائرنگ اور قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت کسی نہیں دینگے، ڈی سی چمن

گاڑیوں موٹر سائیکلوں کی بلاوجہ تیز رفتار ڈرائیونگ اور دیگر بے راہ روی سے اجتناب کیا جائے، حبیب احمد بنگلوئی

اللہ کی خوشنودی کیلئے رمضان المبارک میں ہم نے خواہشات کو کنٹرول کیا، عید کے ایام خدمت خلق کا پیغام دیتے ہیں

چمن (نامہ نگار) ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلوئی نے عید الفطر کے بابرکت موقع پر تمام اہل اسلام اور خصوصاً چمن کے عوام کو دلی دی اتقاد کیرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ عید کی آمد پر خوشیاں منانے کا مقصد بھی یہی ہے کہ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں ہم نے جو خشیتیں تالیف اللہ تعالیٰ کی احکامات اور حضرت محمد مصطفیٰ کی پیروی کرتے ہوئے برداشت میں اور پورے مہینے میں جضرح اپنے خواہشات کو اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی حاصل کرنے کی خاطر کنٹرول کیا اسکا تقاضا یہی ہے کہ ہم باقی زندگی بھی انسانیت کی فلاح و بہبود اور خدمت خلق میں گزاریں اور عوام الناس کیلئے عیدالفطر کی خوشیاں منانے کے وقت فائرنگ اور گاڑیوں موٹر سائیکلوں کی تیز رفتاری اور دیگر بے راہ روی سے اجتناب کریں اور لوگوں کیلئے مسائل اور پریشانیوں کا سبب نہ بنیں، ہوائی فائرنگ اور قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت کسی نہیں دینگے، انہوں نے کہا کہ ہم آج جو عیدالفطر کی خوشیاں منا رہے ہیں اسکا تقاضا ہے کہ بالکل اسی طرح اب پورے سال آپس میں ایثار، ہمدردی اور قربانی کا مظاہرہ کرتے باہمی اتفاق و اتحاد کو فروغ دیں انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ تمام پاکستانی ملک کی سلامتی اور استحکام کیلئے عید کے پرمسرت موقع پر خصوصی دعائیں کریں اس موقع پر انہوں نے دعا کی آج کی مبارک رات تمام مسلمانوں کی زندگی میں نئی خوشیوں امیدوں اور مسکراہٹوں سکون محبتوں کامیابی خوشحالی اور رحمتوں کا آغاز کرے آخر میں انہوں نے اہل اسلام کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کیں۔

عباسیہ اقوام وطن عزیز کی ترقی، خوشحالی کیلئے مصروف عمل ہیں، امتیاز عباسی

ہمارے آباؤ اجداد نے اپنا سرمایہ اپنی طاقت سب کچھ ملک پر قربان کر دیا تھا

بچی پور (نامہ نگار) پاکستان تحریک عباسیہ بلوچستان کے صوبائی صدر امتیاز عباسی، نائب صدر عاطف عباسی، سیکریٹری جنرل عمران عباسی، سیکریٹری اطلاعات ارسلان عباسی، ضلع صحبت پور کے صدر التیاز عباسی، جنرل سیکریٹری اقبال عباسی، ضلع کوئٹہ کے صدر داؤد خان عباسی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ عباسیہ اقوام ملک بھر میں وطن عزیز کی ترقی اور خوشحالی کیلئے مصروف عمل ہیں، ہمارے آباؤ اجداد نے بھی ملکی ترقی اور خوشحالی کیلئے اپنا سرمایہ اپنی طاقت غرض کہ اپنا سب کچھ ملک پر قربان کر دیا تھا۔ پاکستان ہماری پہچان ہمارا وقار ہماری غیرت ہے ہم بھی اپنے آباؤ اجداد کے نقش قدم پر چلتے ہوئے وطن عزیز کی حفاظت سلامتی اور خود مختاری کیلئے ہر وقت تیار اور پاک افواج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور پاکستان کی سلامت کیلئے اپنے خون کا آخری قطرہ تک بہانے کا جذبہ اور حوصلہ رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ پاکستان اور طالبان کی جنگ میں پاک افواج کی شاندار کارکردگی پر ہم فخر تحسین پیش کرتے ہیں۔

میرنی اڈہ، سماجی حمید اللہ خان کاکڑ سے ملک نظر جان ٹھیری نیاز محمد اچکزئی عید کے موقع پر ملاقات کر رہے ہیں

ٹیکس نادہندگان کے گرد گھیرا تنگ، سرکاری پلاٹس کی الاٹمنٹ روکنے کا فیصلہ

واجبات کی ادائیگی تک کسی بھی نادہندہ کو سرکاری سکیموں میں شامل نہیں کیا جائے گا

چھتر (پ این اے) محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس بلوچستان کے موثر ویجل آفیسر نصیر آباد میر نذیر احمد جتکلزئی نے ضلع بھر میں سرکاری ٹیکس نادہندگان کے خلاف سخت کارروائی کا اعلان کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ واجبات کی عدم ادائیگی تک کسی بھی فرد کو سرکاری پراپرٹی یا کاروباری الاٹمنٹ جاری نہیں کی جائے گی۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے میر نذیر احمد جتکلزئی نے بتایا کہ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر نصیر آباد ڈویژن (ر) ذوالفقار علی کردار کو ایک باقاعدہ تحریری مراسلہ ارسال کر دیا گیا ہے۔ مراسلے میں سفارش کی گئی ہے کہ جن افراد یا کاروباری شخصیات کے ذمے سرکاری ٹیکس بقایا ہیں، انہیں کسی بھی سرکاری پلاٹ، دکان، مارکیٹ شیڈ یا دیگر سکیموں

روزنامہ مشرق کوئٹہ

اسپورٹس

اولمپک گولڈ میڈلسٹ باکسر لین یونگ کو خواتین کیٹیگری میں لڑنے کی اجازت مل گئی

ورلڈ باکسنگ نے نئے جینڈر پالیسی کے بعد تائیوان کی باکسر کو اہل قرار دے دیا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) اولمپک گولڈ میڈلسٹ باکسر لین یونگ کو خواتین کی کیٹیگری میں لڑنے کی اجازت مل گئی، ورلڈ باکسنگ نے نئے جینڈر ٹیسٹ کے بعد تائیوان کی باکسر کو اہل قرار دے دیا۔ لین یونگ اور الجیریا کی ایمان خلیف کے ساتھ جینڈر تنازع کا شکار رہی تھیں، ورلڈ چیمپئن شپ میں دونوں باکسرز کو نااہل قرار دیا گیا تھا۔ لین یونگ نے اپنی اہلیت کے ساتھ میڈیکل شواہد جمع کروائے، میڈیکل ٹیمیں نے لین یونگ کو خاتون اور اہل قرار دے دیا۔

بابر اعظم شیف بن گئے، شیر خرمہ بنانے کی ویڈیو وائرل

بابر اعظم زندگی کے ہر رنگ کو انجوائے کرنا جانتے ہیں، مداحوں کا ردعمل

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز بیٹر اور سابق کپتان بابر اعظم نے عید الفطر کے موقع پر ایک منفرد انداز اپنا کر مداحوں کے دل جیت لیے۔ تفصیلات کے مطابق کرکٹ کے میدان میں چوکوں اور چھکوں کی برسات کرنے والے بابر اعظم اس بار کچن میں اپنی مہارت دکھاتے نظر آئے اس حوالے سے سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ بابر اعظم نے عید کی مناسبت سے شیف کا روپ دھار رکھا ہے۔ انہوں نے کچن میں خود کھڑے ہو کر عید کی روایتی ڈشز، سویوں اور شیر خرمہ تیار کیا۔ بابر اعظم کا یہ انداز سوشل میڈیا پر تیزی سے مقبول ہونے لگا ہے اور ان کے چاہنے والے اسے خوب پسند کر رہے ہیں۔

ہیں ہال قوانین کی کتاب کے دوسرے ایڈیشن کی رونمائی 29 مارچ کو ملتان میں ہوگی

ملتان (این این آئی) انٹرنیشنل ہیں ہال اسپیکر محمد جمیل کامران کی تحریر کردہ کتاب ہیں ہال قوانین کے دوسرے ایڈیشن کی تقریب رونمائی 29 مارچ پروز اقوار کو بہاؤالدین زکریا لائبریری، سپورٹس کمپلیکس ملتان میں منعقد ہوگی۔ اس تقریب میں ہیں ہال فیڈریشن کے عہدیداران، کوچز، کھلاڑیوں اور مختلف کھیلوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات شرکت کریں گی۔ اس کتاب کا پہلا ایڈیشن 2003 میں اردو زبان میں شائع کیا گیا تھا، جسے ہیں ہال سے وابستہ حلقوں میں کافی پذیرائی ملی۔ اب 23 سال بعد اس کا دوسرا ایڈیشن جدید تقاضوں اور بین الاقوامی قوانین کے مطابق ترتیب دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں ڈویژنل سپورٹس آفیسر ملتان عطاء الرحمن خان کی زیر صدارت ایک اجلاس منعقد ہوا، جس میں مصنف محمد جمیل کامران اور ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر عدنان فہیم نے شرکت کی

کرسٹیانو رونالڈو کی مسلمانوں کو عید کی مبارکباد

امید ہے کہ آپ اپنی فیملی اور اپنے پیاروں کے ساتھ یہ دن اچھے طریقے سے منا رہے ہوں گے

لزبن (این این آئی) دنیائے فٹ بال کے نامور کھلاڑی پرتگال کے کرسٹیانو رونالڈو نے عید کے موقع پر دنیا بھر کے مسلمانوں کو مبارکباد کا پیغام دیا ہے۔ سوشل میڈیا پر اپنے پیغام کے ساتھ رونالڈو نے تصویر بھی شیئر کی ہے، جس میں انہوں نے عید کی مناسبت سے لباس بھی پہن رکھا ہے۔ اپنے پیغام میں رونالڈو نے کہا کہ سب کو عید مبارک، امید ہے کہ آپ اپنی فیملی اور اپنے پیاروں کے ساتھ یہ دن اچھے طریقے سے منا رہے ہوں گے، آپ سب کو عید کی خوشیاں بہت مبارک ہوں۔

ومبلڈن ٹینس میں پہلی بار ویڈیو ریویو سسٹم متعارف کرانے کا فیصلہ

اب کھلاڑیوں کو چیئر امپائر کے مخصوص فیصلوں کو چیلنج کرنے کی اجازت ہوگی

سٹیورن (این این آئی) ومبلڈن ٹینس میں پہلی بار ویڈیو ریویو سسٹم متعارف کرانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، اب کھلاڑیوں کو چیئر امپائر کے مخصوص فیصلوں کو چیلنج کرنے کی اجازت ہوگی۔ ویڈیو ریویو کی سہولت سینٹر کورٹ اور کورٹ نمبر ون کے تمام میچز پر ہوگی، دیگر چار کورٹس میں سنگل کے مقابلوں میں ریویو دستیاب ہوگا۔ الیکٹرانک لائن کالنگ کے بعد لائن جج کا کردار پہلے ہی ختم کیا جا چکا ہے، کھلاڑی الیکٹرانک لائن کالنگ کے فیصلوں کو چیلنج نہیں کر سکیں گے۔ گیند کے ڈبل ہٹس یا ریکیٹ جسم سے لگنے جیسے فیصلوں پر ریویو لیا جائے گا، کھلاڑیوں کے لیے ریویو کی تعداد پر کوئی پابندی نہیں ہوگی، پوائنٹ کے اختتام پر بھی ہنڈرس کی شکایت پر ریویو ممکن ہوگا۔

برازیل، مارکا کا اسٹیڈیم میں علوم سپورٹس کلب برازیلیرو اوریزی اے میچ کے دوران واسکوڈی گاما کے مڈفیلڈر تھیاگو سینڈس تیسرا گول کرنے کیلئے گیند کو ہیڈ کر رہے ہیں

پی ایس ایل کے میچز بغیر تماشائیوں کے کرانے کا فیصلہ منسوخ

افتتاحی تقریب منسوخ

عالمی توانائی اور تیل کے بحران کے باعث پاکستان سپر لیگ کے میچز بغیر تماشائیوں کے منعقد ہوں گے تاہم اوپنر شیڈول کے مطابق جاری رہے گا

نیا شیڈول دیں گے، جس میں کھلاڑیوں کی موومنٹ کم ہوگی، میچز کراچی اور لاہور میں ہوں گے، ٹکٹ کے پیسے واپس کیے جائیں گے، چیئرمین پی سی بی

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی نے کہا ہے کہ عالمی توانائی اور تیل کے بحران کے باعث پاکستان سپر لیگ کے میچز بغیر تماشائیوں کے منعقد ہوں گے تاہم اوپنر اپنے شیڈول کے مطابق جاری رہے گا، افتتاحی تقریب بھی منسوخ کر دی گئی ہے، پی ایس ایل ہمارا انٹرنیشنل برانڈ ہے، وزیر اعظم اور سیکیورٹی اداروں سے مشاورت ہوئی، ٹکٹ کی صورت حال بہتر ہونے تک شائقین کو اسٹیڈیم آنے کی اجازت نہیں ہوگی، سیکیورٹی کا کوئی اثر نہیں ہے، ہمارے پیشہ ور کے سب میچز کی میزبانی واپس لینے پر معذرت چاہتا ہوں، ٹکٹس کے پیسے واپس کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ نیا شیڈول دیں گے، جس میں کھلاڑیوں کی موومنٹ کم ہوگی، ایک چھوڑنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کر رہے ہیں۔ محسن نقوی نے کہا ہماری فرنچائزز سے بھی مشاورت ہوئی ہے، فرنچائزز کا گیٹ منی کا نقصان پی سی بی پورا کرے گا، اگر گیٹ منی کرتے تو آگے وہ ڈوبتیں ہے، سال بھر پی ایس ایل نہیں کرا سکتے تھے، اس مرتبہ پی ایس ایل کا ریکارڈ دیکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس ایل 26 مارچ سے ہی شروع ہوگی، افتتاحی تقریب منسوخ کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیوچر فنکشن کے پیسے واپس لے سکیں گے، ڈیلر سے معذرت خواہ ہیں، دعا ہے ٹیلے کے حالات جلد معمول پر آ جائیں، پی سی بی کے فن ہائم لوگ پی ایس ایل میں کہیں جا سکتے، پارٹ ہائم لوگ پی ایس ایل کی ٹیموں کے ساتھ کام کر سکیں گے۔

نیوسائوتھ ہمقابلہ کوئنز لینڈ گریس ہیرس اپنی سنچری مکمل کرنے کے بعد خوشی کا اظہار کر رہی ہیں

پاکستان ٹیم کیساتھ کام کے دوران مداخلت نے خاصی مشکل کر دی تھی، گیری کرسٹن

ایسے ماحول میں کھلاڑیوں کے ساتھ واضح حکمت عملی ترتیب دینا اور اس پر عملدرآمد کروانا ایک بڑا چیلنج بن جاتا ہے، انٹرویو

اگر کسی کوچ کو ذمہ داری سونپی جائے تو اسے اپنی حکمت عملی کے مطابق کام کرنے کی مکمل آزادی دی جانی چاہیے، سابق ہیڈ کوچ

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق ہیڈ کوچ گیری کرسٹن نے پاکستان میں اپنے مختصر دور کوچنگ کے حوالے سے کہا ہے کہ پاکستان ٹیم کے ساتھ کام کے دوران باہر سے غیر معمولی مداخلت اور بیرونی دباؤ نے ان کے لیے حالات کو خاصا مشکل بنا دیا تھا۔ ایک انٹرویو میں گیری کرسٹن نے کہا کہ کوچ کے لیے اس وقت موثر انداز میں کام کرنا دشوار ہو جاتا ہے جب باہر سے مسلسل شور اور دباؤ موجود ہو۔ انہوں نے کہا کہ ایسے ماحول میں کھلاڑیوں کے ساتھ واضح حکمت عملی ترتیب دینا اور اس پر عملدرآمد کروانا ایک بڑا چیلنج بن جاتا ہے۔ سابق کوچ کے مطابق ٹیم کی خراب کارکردگی پر قومی اور سخت ردعمل، تادیبی اقدامات، مجموعی ماحول کو متاثر کرتے ہیں اور عدم استحکام پیدا کرتے ہیں۔ گیری کرسٹن نے کہا کہ جب ٹیم کو توقعات پر پورا نہ اترنے تو کوچ کو محدود کر دینا یا اسے تبدیل کرنا آسان سمجھا جاتا ہے، تاہم گیری کرسٹن کے مطابق یہ رویہ فائدہ مند ثابت نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی کوچ کو ذمہ داری سونپی جائے تو اسے اپنی حکمت عملی کے مطابق کام کرنے کی مکمل آزادی دی جانی چاہیے تاہم انہوں نے پاکستان کھلاڑیوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہیں ٹیم کے ساتھ کام کرنے کا تجربہ خوشگوار رہا۔ ان کے مطابق دنیا بھر کے کرکٹرز کی طرح پاکستانی کھلاڑی بھی باصلاحیت اور پیشہ ور ہیں اور ان کے ساتھ کام کرنا ایک مثبت تجربہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ زبان کا فرق موجود تھا، تاہم کرکٹ ایک ایسی زبان ہے جو سب کو جوڑتی ہے اور میدان میں بہتر رابطے میں مدد دیتی ہے۔ گیری کرسٹن نے کہا کہ جب ٹیم توقعات پر پورا نہ اترے تو کوچ کو محدود کر دینا یا اسے تبدیل کرنا آسان سمجھا جاتا ہے

کھیل اب صرف مقابلہ نہیں ایک عالمی صنعت ہے، صدر مکسڈ مارشل آرٹس فیڈریشن

اسپورٹس کی طویل مدتی ترقی اور عالمی منڈیوں کا حصہ بنانے کو ترجیح دیتے ہیں، عمر احمد

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مکسڈ مارشل آرٹس فیڈریشن کے صدر عمر احمد نے کھیلوں میں کامیابی کو پیشہ ورانہ مواقع سے جوڑنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ دور کی عالمی اسپورٹس انڈسٹری میں اسپورٹس کی بقا کے لیے محض تحفے جیتنا کافی نہیں ہے۔ عمر احمد نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ اگرچہ پاکستان مختلف کھیلوں میں باصلاحیت کھلاڑی اور میڈل جیتنے والے پیدا کر رہا ہے، لیکن منظم پیشہ ورانہ راستوں کی عدم موجودگی کے باعث بہت سے کھلاڑی معاشی مشکلات کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کھیل اب محض ایک مقابلہ نہیں بلکہ ایک صنعت بن چکا ہے، اگر تحفے کھلاڑیوں کے لیے معاہدوں، رسٹلنگ یا آمدنی کا ذریعہ نہیں بنتے، تو ہمیں اپنے موجودہ نظام کا ازسرنو جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ صدر پی ایم ایم ایف نے اپنے ایف کے اس بات کی نشاندہی کی کہ پاکستان کا اسپورٹس ایکوسسٹم اب بھی زیادہ تر داخلی سطح کی پہچان تک محدود ہے اور بین الاقوامی پیشہ ورانہ مارکیٹوں کے ساتھ اس کا رابطہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ ان کے بقول، قومی سطح کی فتوحات اور ایونٹس میں شرکت اکثر کھلاڑیوں کے لیے طویل مدتی کیریئرز میں تبدیل نہیں ہو پاتی۔ مارشل آرٹس کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے عمر احمد نے اولمپک ڈسپلنز اور ابھرتے ہوئے پیشہ ورانہ کھیلوں کے درمیان فرق کو واضح کیا۔ انہوں نے وضاحت کی کہ تائیکوانڈو، کراٹے، ریسلنگ اور باکسنگ جیسے کھیل بین الاقوامی نمائش اور اولمپک کے مواقع تو فراہم کرتے ہیں، لیکن بڑے مقابلوں کے بعد ان میں اکثر منظم پیشہ ورانہ آمدنی کے ذرائع میسر نہیں ہوتے۔ اس کے برعکس، انہوں نے مکسڈ مارشل آرٹس کو ایک تیزی سے بڑھتی ہوئی عالمی صنعت قرار دیا جس کا ترقیاتی ڈھانچہ نہایت واضح ہے۔ انہوں نے بتایا کہ انٹرنیشنل مکسڈ مارشل آرٹس فیڈریشن بڑے پیمانے پر شوقیہ چیمپئن شپ منعقد کرتی ہے، جو کھلاڑیوں کو بین الاقوامی سطح پر اپنی شناخت بنانے اور پیشہ ورانہ کیریئر کی طرف بڑھنے کا راستہ فراہم کرتی ہے۔ عمر احمد نے کہا کہ IMMAF ایک ایسے فیڈریشن سسٹم کے طور پر کام کرتا ہے جہاں باصلاحیت کھلاڑیوں کی نشاندہی کی جاتی ہے اور پیشہ ورانہ پروموٹرز ان کے ساتھ معاہدے کرتی ہیں، جس کے بعد ایک فائٹر پروفیشنل سطح پر فی مقابلہ 25 سے 30 ہزار ڈالر تک کما سکتا ہے۔ عمر احمد نے مزید کہا کہ پاکستان مکسڈ مارشل آرٹس فیڈریشن نے ملک کے اندر اسی طرح کا راستہ بنانے کے لیے کام کیا ہے۔ فیڈریشن نے مستقل بنیادوں پر بین الاقوامی مقابلوں میں شرکت کی، عالمی اور براعظمی سطح پر تمغے حاصل کیے اور بڑے علاقائی ایونٹس کی میزبانی کی۔

بیلا کے گوٹھ مکانہ کے مکین پینے کے صاف پانی سے محروم، عوام کو مشکلات

مکینوں کا وفاقی وزیر اور پارلیمانی سیکرٹری سے واٹر سپلائی اسکیم کے قیام کا مطالبہ

بیلا (پی این اے) گوٹھ مکانہ بیلا کے مکین پینے کے پانی سے شدید محروم تھت سے مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے یہ بات گوٹھ مکانہ بیلا کے نوجوان شاہد خاص ٹیلی نی بخش خاص ٹیلی ماسٹر افضل رو گھو سلیمان، رو گھو نور خاص ٹیلی نے عوامی پریس کلب، رشنڑ بیلا میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کی انہوں نے کہا کہ کثیر آبادی پر مشتمل اس گوٹھ میں سرکاری اور غیر سرکاری اداروں کی طرف سے مکینوں کے لے اٹوٹی کی ج تک کوئی اسکیم نہیں مکین پانی سے محروم اور مشکلات سے دوچار ہیں گوٹھ میں موجود مسجد عیدگاہ اور بوائز سکول میں بھی پانی کی اشد ضرورت ہے رمضان المبارک اور گرمی کے موسم میں پانی کی ضرورت بڑھ جاتی ہے اس وقت گوٹھ کی خواتین بچیاں اور مرد پینے کے پانی کے حصول کے لے در بدر ہیں ان کی حالت زار اور مشکلات کا کسی کو احساس نہیں انہوں نے وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور پارلیمانی سیکرٹری سیاحت و ثقافت نواب زادہ زرین لغاری سے مطالبہ کیا ہے گوٹھ مکانہ بیلا میں پینے کے پانی کی سہولت مہیا کر کے مکینوں کی مشکلات دور کریں فوری طور پر واٹر سپلائی اسکیم کی منظوری دیتے ہوئے مشکلات کا ازالہ کیا جائے۔

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، ڈاکٹر مرشد دشتی

مقررہ مدت سے عمل عمل کرنے کے لیے اقدامات جاری ہیں، دورے کے دوران ڈی کشنر نے ایمرجنسی کے مختلف شعبہ جات، دفاتر، مرکزی ہال، انتظار گاہوں، پارکنگ ایریا اور دیگر سہولیات کا باریک بینی سے معائنہ کیا انہوں نے تعمیراتی معیار، کام کی رفتار اور استعمال ہونے والے میٹریل کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ منصوبے میں اعلیٰ معیار کو ہر صورت برقرار رکھا جائے انہوں نے واضح کیا کہ مقررہ مدت کے اندر کام کی تکمیل یقینی بنائی جائے اور کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی ڈی کشنر محمد رمضان پال نے کہا کہ ڈسٹرکٹ کمپلیکس کی تکمیل سے ضلع کے مختلف سرکاری دفاتر ایک ہی چھت تلے منتقل ہو جائیں گے

کوادر (ن ن) ڈسٹرکٹ منیجر پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی نے بنیادی مرکز صحت (BHU) نگور شریف کا مانیٹرنگ و تکمیلی جائزہ لیا دورے کے دوران انہوں نے مرکز صحت میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا ڈاکٹر مرشد دشتی نے پی ایچ او میں طبی عملے کی حاضری، او پی ڈی رجسٹر، ای پی آئی سائنس اور ادویات کے ریکارڈ کا معائنہ کیا، جبکہ مرکز صحت میں دستیاب سہولیات کا بھی جائزہ لیا اس موقع پر انہوں نے پی ایچ او نگور شریف کو ضروری ادویات فراہم کیں تاکہ مریضوں کو بروقت اور بہتر علاج کی سہولت میسر آ سکے دورے کے دوران ضلع منیجر پی ایچ آئی نے عملے کو ہدایت کی کہ عوام کو معیاری اور باا تفعل طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔

ڈیرہ مراد جمالی میں دن دھاڑے مسلح افراد کی ڈکیتی کی واردات

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں دن دھاڑے ڈکیتی کی دو وارداتیں مسلح افراد نے میڈیکل اسٹور میں گھس کر عملے کو یرغمال بنا کر ایک لاکھ روپے نقدی و دیگر سامان چھین لیا جبکہ دوسری واردات میں نوجوان سے موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین لیا گیا ملزمان فرار ہو گئے پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی شہر میں دن دھاڑے مسلح افراد نے ڈی ای چوک پر گن پوائنٹ پر نوجوان قمر یزدانی سے موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے جبکہ مین بازار میں دن دھاڑے نقاب پوش مسلح افراد نے ہومیو میڈیکل اسٹور میں گھس کر عملے کو یرغمال بنا لیا

پی ایس ایل کے میچز بغیر تماشائیوں کے کرانے کا فیصلہ منسوخ

افتتاحی تقریب منسوخ

عالمی توانائی اور تیل کے بحران کے باعث پاکستان سپر لیگ کے میچز بغیر تماشائیوں کے منعقد ہوں گے تاہم اوپنر شیڈول کے مطابق جاری رہے گا

نیا شیڈول دیں گے، جس میں کھلاڑیوں کی موومنٹ کم ہوگی، میچز کراچی اور لاہور میں ہوں گے، ٹکٹس کے پیسے واپس کیے جائیں گے، چیئرمین پی سی بی

لاہور (این این آئی) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی نے کہا ہے کہ عالمی توانائی اور تیل کے بحران کے باعث پاکستان سپر لیگ کے میچز بغیر تماشائیوں کے منعقد ہوں گے تاہم اوپنر اپنے شیڈول کے مطابق جاری رہے گا، افتتاحی تقریب بھی منسوخ کر دی گئی ہے، پی ایس ایل ہمارا انٹرنیشنل برانڈ ہے، وزیر اعظم اور سیکیورٹی اداروں سے مشاورت ہوئی، ٹکٹ کی صورت حال بہتر ہونے تک شائقین کو اسٹیڈیم آنے کی اجازت نہیں ہوگی، سیکیورٹی کا کوئی اثر نہیں ہے، ہمارے پیشہ ور کے سب میچز کی میزبانی واپس لینے پر معذرت چاہتا ہوں، ٹکٹس کے پیسے واپس کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ نیا شیڈول دیں گے، جس میں کھلاڑیوں کی موومنٹ کم ہوگی، ایک چھوڑنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کر رہے ہیں۔ محسن نقوی نے کہا ہماری فرنچائزز سے بھی مشاورت ہوئی ہے، فرنچائزز کا گیٹ منی کا نقصان پی سی بی پورا کرے گا، اگر گیٹ منی کرتے تو آگے وہ ڈوبتیں ہے، سال بھر پی ایس ایل نہیں کرا سکتے تھے، اس مرتبہ پی ایس ایل کا ریکارڈ دیکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس ایل 26 مارچ سے ہی شروع ہوگی، افتتاحی تقریب منسوخ کر دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیوچر فنکشن کے پیسے واپس لے سکیں گے، ڈیلر سے معذرت خواہ ہیں، دعا ہے ٹیلے کے حالات جلد معمول پر آ جائیں، پی سی بی کے فن ہائم لوگ پی ایس ایل میں کہیں جا سکتے، پارٹ ہائم لوگ پی ایس ایل کی ٹیموں کے ساتھ کام کر سکیں گے۔

سابق کپتان اظہر علی کا بابر اعظم کو کرکٹ سے بریک لینے کا مشورہ

شاہین آفریدی بھی دو سے تین ماہ کا بریک لیں اور فٹنس کو بہتر کریں، سابق کپتان

لاہور (این این آئی) قومی ٹیم کے سابق کپتان اظہر علی نے بابر اعظم کو کرکٹ سے بریک لینے کا مشورہ دے دیا۔ نجی ٹی وی کے عید سپیشل پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے سابق کرکٹر اظہر علی نے کہا کہ بابر اعظم کو مشورہ ہے کہ وہ 6 ماہ کیلئے کرکٹ سے بریک لے لیں۔ انہوں نے کہا کہ شاہین آفریدی بھی دو سے تین ماہ کا بریک لیں اور فٹنس پر کام کریں، انہوں نے کہا کہ سابق کپتان سرفراز احمد کو مشورہ ہے کہ ایک جاب کو لے کر اس پر فوکس کریں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ شاہین آفریدی، سلمان علی آغا اور محمد رضوان سے بابر اعظم بہترین کپتان ہیں۔ سابق کپتان نے کہا کہ سکلز کے اعتبار سے شاہین آفریدی سے زیادہ بہتر بابر نہیں شاہین ہیں جبکہ عرفی کی بار کرسب سے بہترین ہے، بھارت کے بہترین کپتان کپل دیو ہیں۔ اظہر علی نے کہا کہ حسن علی اور شاداب خان میں ویپ کردار حسن علی کا ہوتا ہے، اگر کوئی آفر ہوئی تو کوچ بننا پسند کروں گا۔

فیفا ورلڈ کپ 2026 کے باضابطہ البم کا پہلا گانا عالمی سطح پر ریلیز

فٹ بال کے دیوانوں اور موسیقی کے دلدادہ افراد میں جوش و خروش کی لہر دوڑا دی ہے

نیویارک (این این آئی) دنیا کے سب سے بڑے کھیل فٹ بال اور موسیقی کے چاہنے والوں کے لئے فیفا ورلڈ کپ 2026 کے باضابطہ البم کا پہلا گانا Lighter عالمی سطح پر ریلیز کر دیا گیا ہے، جس نے فٹ بال کے دیوانوں اور موسیقی کے دلدادہ افراد میں جوش و خروش کی لہر دوڑا دی ہے۔ تین ممالک، ایک آواز، اس گانے کی خاص بات نو رتمند کے تین میزبان ممالک امریکہ، میکسیکو اور کینیڈا کے نامور فنکاروں کا اشتراک ہے۔ امریکی گلوکار جیلی رول (Jelly Roll)، میکسیکو کے کارین لیون (Carn Len) اور کینیڈا سے تعلق رکھنے والے عالمی شہرت یافتہ پروڈیوسر سرکٹ (Cirkut) نے مل کر ایک ایسی دھن ترتیب دی ہے جو مختلف ثقافتوں اور براعظموں کو ایک لڑی میں پروتی ہے۔ فیفا صدر جیانی انفینٹینو نے اس موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ فیفا ورلڈ کپ وہ منفرد لمحہ ہوتا ہے جب پوری دنیا ایک ہی تال پر دھڑکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ گانا محض موسیقی ہی نہیں بلکہ اس عالمی کھیل کے پھیلتے اور اثر و رسوخ کا عکاس ہے۔ Lighter دوستانی اور خوشی سے جو سٹیڈیمز سے لے کر گلی کوچوں تک لاکھوں کے دلوں کو جوڑ دے گی۔ موسیقی کے ذریعے ثقافتی ہم آہنگی کے فروغ کے حوالے سے گلوکار کارین لیون نے اس منصوبے کا حصہ بننے پر فخر کا اظہار کرتے ہوئے اسے اپنی ثقافت کو دنیا بھر میں پہنچانے کا بہترین ذریعہ قرار دیا۔ دوسری جانب پروڈیوسر سرکٹ نے امید ظاہر کی کہ یہ گانا فٹ بال شائقین میں ایک نئی روح پھونک دے گا۔ واضح رہے کہ 2026 کا ورلڈ کپ تاریخ کا سب سے بڑا ٹورنامنٹ ہوگا

دوسرا ٹی 201 ویسٹ انڈیز بمقابلہ آسٹریلیا ویمنس ورلڈ کپ 28 گیندوں پر 42 رنز بنا رہے ہیں

جنوبی افریقہ کے ریزا ہینڈرکس کراچی کنگز کے اسکواڈ میں شامل

ویسٹ انڈین کے جونسن چارلس ذاتی وجوہات کی بنیاد پر پی ایس ایل سے دستبردار ہو گئے تھے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) سیزن 11 کیلئے جنوبی افریقہ کے ریزا ہینڈرکس کراچی کنگز کے اسکواڈ میں شامل ہو گئے۔ ریزا ہینڈرکس کو جانسن چارلس کے متبادل کے طور پر سائن کیا گیا ہے، ویسٹ انڈین کے جونسن چارلس ذاتی وجوہات کی بنیاد پر پی ایس ایل سے دستبردار ہو گئے تھے، کراچی کنگز نے جانسن چارلس کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ واضح رہے کہ چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی نے کہا ہے کہ پی ایس ایل 11 اپنے شیڈول کے مطابق 26 مارچ سے شروع ہوگی تاہم شائقین کو نہیں بلایا جائے گا۔ میڈیا کو بریفنگ کے دوران چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ پی ایس ایل کے انعقاد سے متعلق مشاورت جاری تھی اور فیصلہ کیا ہے کہ لیگ شیڈول کے مطابق 26 مارچ سے شروع ہوگی۔

آسٹریلیا کے کرکٹر اسٹیو اسمتھ پاکستان سپر لیگ کے منتظر

نیو یارک کے بعد اب پی ایس ایل کے لیے پاکستان جانے کا وقت ہے، بیان

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کے کرکٹر اسٹیو اسمتھ پاکستان سپر لیگ کے منتظر ہیں۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ نیو یارک میں اچھا وقت گزارا، نیو یارک کے بعد اب پی ایس ایل کے لیے پاکستان جانے کا وقت ہے۔ آسٹریلوی کھلاڑی اسٹیو اسمتھ پی ایس ایل کے لیے ملتان سلطانز کی ٹیم میں شامل ہیں، وہ پہلی بار پاکستان سپر لیگ میں ایکشن میں ہوں گے۔ واضح رہے کہ پاکستان سپر لیگ 26 مارچ سے شروع ہو گی۔ پی ایس ایل میچوں کی ٹریننگ 24 مارچ سے لاہور میں شیڈول کی گئی ہے۔

چیئرمین پی سی بی کا پی ایس ایل 11 سے دستبردار کھلاڑیوں کیخلاف کارروائی کا اعلان

سری لنکا کے دانش شاکا اور زمبابوے کے بلیسنگ مزارابانی ان کھلاڑیوں میں شامل ہیں جنہوں نے پی ایس ایل 11 چھوڑ کر آئی پی ایل جوائن کیا

کچھ کھلاڑی لیگ سے علیحدہ ہو کر دیگر لیگز، خصوصاً آئی پی ایل میں شامل ہوئے ہیں، جس پر بورڈ نے سخت نوٹس لیا ہے، چیئرمین پی سی بی کی میڈیا سے گفتگو

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین محسن نقوی نے پاکستان سپر لیگ 11 سے دستبردار ہونے والے کھلاڑیوں کے خلاف قانونی کارروائی کا اعلان کر دیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ کچھ کھلاڑی لیگ سے علیحدہ ہو کر دیگر لیگز، خصوصاً انڈین پریمیئر لیگ میں شامل ہوئے ہیں، جس پر بورڈ نے سخت نوٹس لیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دو سے تین کھلاڑی لیگ چھوڑ گئے ہیں اور ہم اس معاملے پر قانونی کارروائی کر رہے ہیں۔ پی سی بی چیئرمین کے مطابق یہ مسئلہ دوسرا سال ہے جب پی ایس ایل اور آئی پی ایل ایک ہی ونڈو میں کھیلے جا رہے ہیں، تاہم انہوں نے اس تصادم کو بڑا مسئلہ قرار دینے سے گریز کیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر کچھ کھلاڑی جا رہے ہیں تو دوسری جانب نئے اور باصلاحیت کھلاڑی بھی لیگ کا حصہ بن رہے ہیں۔ رپورٹس کے مطابق سری لنکا کے آل راؤنڈر دانش شاکا نے زمبابوے کے کاسٹ پلیرز بلنگ مزارابانی ان کھلاڑیوں میں شامل ہیں جنہوں نے پی ایس ایل 11 چھوڑ کر آئی پی ایل جوائن کیا۔ محسن نقوی نے واضح کیا کہ اس سے قبل بھی ایسے کیسز سامنے آئے تھے اور قواعد کے مطابق کارروائی کی گئی تھی، اس بار بھی اسی طرز پر ایکشن لیا جائے گا۔ واضح رہے کہ پی ایس ایل 11 کا آغاز 26 مارچ سے ہوگا اور اوپنر کراچی میں منعقد کیا جائے گا جبکہ حالیہ حالات کے باعث ابتدائی میچز بند دروازوں کے پیچھے کھیلے جانے کا امکان ہے۔ پی سی بی کا کہنا ہے کہ لیگ کی ساکھ برقرار رکھنے اور معاہدوں کی پاسداری یقینی بنانے کے لیے ایسے اقدامات ناگزیر ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ دو سے تین کھلاڑی لیگ چھوڑ گئے ہیں اور ہم اس معاملے پر قانونی کارروائی کر رہے ہیں۔ پی سی بی چیئرمین کے مطابق یہ مسئلہ دوسرا سال ہے

چوتھا ٹی 201 نیوزی لینڈ بمقابلہ ساؤتھ افریقہ باؤنڈری پر کیچ پھینک رہا ہے

فلائیڈ مے ویدر اور میتی پیکیاؤ کے درمیان دوبارہ مقابلے کا باضابطہ اعلان

مے ویدر نے چوتھی مرتبہ ریٹائرمنٹ ختم کرنے کا اعلان کیا، میتی پیکیاؤ اب تک کے 50 مقابلوں میں ناقابل شکست رہے ہیں، 27 بار کھلاڑیوں کو ناک آؤٹ کیا

فلپائنی باکسر میتی پیکیاؤ اور امریکی فلائیڈ مے ویدر اس سے قبل 2015 میں آمنے سامنے آئے تھے، اس مقابلے کو صدی کی سب سے بڑی فائٹ قرار دیا گیا تھا اس ویکاس (این این آئی) باکسنگ کی دنیا کے دو عظیم ترین کھلاڑیوں فلائیڈ مے ویدر اور میتی پیکیاؤ نے رواں سال تیسرا میں ایک بار پھر پیشہ ورانہ مقابلے کے لیے میدان میں اترنے کا باضابطہ اعلان کر دیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق 47 سالہ فلپائنی باکسر میتی پیکیاؤ اور 48 سالہ امریکی فلائیڈ مے ویدر اس سے قبل 2015 میں آمنے سامنے آئے تھے، اس مقابلے کو صدی کی سب سے بڑی فائٹ قرار دیا گیا تھا اور یہ باکسنگ کی تاریخ کا سب سے زیادہ آمدنی دینے والا مقابلہ ثابت ہوا تھا جس میں امریکی باکسر نے ویدر نے متفقہ فیصلے سے کامیابی حاصل کی تھی۔ مے ویدر نے گزشتہ ہفتے پوچھی مرتبہ ریٹائرمنٹ ختم کرنے کا اعلان کیا، ان کا آخری پیشہ ورانہ مقابلہ 2017 میں تھا جب انہوں نے کونر میک گریگر کو دس

بقیہ 1 ایران

شخص جسمانی طور پر کسی تعلیمی ادارے میں نہ جائے۔ واضح رہے کہ ایرانی میزائل حملوں نے جنوبی اسرائیلی شہر دیمونا اور عراد میں بڑی تباہی مچا دی، کئی عمارتیں تباہ، 6 افراد ہلاک، 150 سے زائد زخمی ہوگئے۔ دنیا کو ایران نے خطرہ میں اپنی جوہری تنصیبات پر امریکا اور اسرائیلی حملے کا جواب میں اسرائیلی ایٹمی مرکز دیمونا پر کیے بعد دیگرے 2 حملے 51 افراد زخمی ہوئے۔ اس کے علاوہ جنوبی اسرائیل کے شہر عراد پر بھی ایرانی میزائلوں نے بارش کی۔ اسرائیلی میڈیا نے عراد پر ایرانی حملے میں 6 اسرائیلیوں کی ہلاکت اور 100 سے زائد زخمیوں کی تصدیق کر دی۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو فوجی دھمکیاں دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر 48 گھنٹوں کے اندر آبنائے ہرمز کو مکمل طور پر بحال نہ کیا گیا تو امریکہ سخت ردعمل دے گا۔ اپنے تازہ بیان میں ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ امریکہ مرحلہ وار ایران کے اہم پاور پلانٹس کو نشانہ بنا سکتا ہے، جس کا آغاز بڑے بجلی گھروں سے ہوگا۔ ایران نے بھی خبردار کیا ہے کہ اگر اس نوعیت کی کوئی کارروائی کی گئی تو مشرق وسطیٰ میں امریکی توانائی تنصیبات کو نشانہ بنایا جا سکتا ہے، جس سے خطے میں کشیدگی مزید بڑھنے کا خدشہ ہے۔ امریکی صدر نے ایک اور موقع پر میڈیا پر بھی برہمی کا اظہار کیا اور کہا کہ امریکہ ایران کے خلاف اپنے اہداف حاصل کر چکا ہے، جبکہ بعض رپورٹس اس کے برعکس تاثر دے رہی ہیں۔ ایک روز قبل ٹرمپ نے عندیہ دیا تھا کہ امریکہ مشرق وسطیٰ میں فوجی کارروائیاں محدود کرنے پر غور کر رہا ہے اور آبنائے ہرمز استعمال کرنے والے ممالک کو اپنی سکیورٹی خود یقینی بنانا چاہیے۔ پاسداران انقلاب نے کہا ہے کہ جنگ کا توازن تبدیل ہو رہا ہے اور اسرائیل کا فضائی دفاعی نظام کمزور پڑ رہا ہے۔ پاسداران انقلاب کے مطابق دیمونا، بیر السبع (نقب الصبح) اور ایلات میں حملوں کے نتیجے میں سیکڑوں اسرائیلی ہلاک اور زخمی ہوئے ہیں۔ دوسری جانب ایران کی جانب سے امریکی دھمکیوں پر سخت ردعمل سامنے آیا ہے۔ خاتم الانبیا ہیڈ کوارٹرز نے خبردار کیا کہ اگر امریکی بجلی گھروں پر حملہ کیا گیا تو خطے میں تمام امریکی توانائی تنصیبات کو نشانہ بنایا جائے گا۔ بیان میں کہا گیا کہ خطے کے آئی ایل (آئل انٹرسٹ پھر اور ڈی سلینیشن پلانٹس) بھی ممکنہ اہداف میں شامل ہوں گے ادھر ایرانی وزیر توانائی نے کہا کہ حالیہ حملوں کے باعث پانی اور بجلی کے اہم نظام کو شدید نقصان پہنچا ہے، ان کے مطابق پانی کی ترسیل اور صفائی کے درجنوں مراکز کو نشانہ بنایا گیا، جبکہ امریکی و اسرائیلی حملوں میں اہم نیوکلیئر درس کے کچھ حصے تباہ ہو گئے ہیں۔ وزیر توانائی کے مطابق نقصانات کے ازالے اور مرمت کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ اسرائیلی فوج کے مطابق جنگ کے آغاز سے اب تک ایران نے 400 میزائل داغے، ایران کے داغے گئے 92 فیصد میزائل انٹرسیپٹ کر دیے گئے۔ ایرانی وزارت دفاع کے ترجمان نے کہا ہے کہ دشمن کے مکمل سرنڈر تک جنگ پوری شدت اور طاقت کے ساتھ جاری رکھی جائے گی۔ ترجمان کے مطابق خلیج فارس اور بحیرہ عمان میں دشمن کے کسی جہاز کا کوئی نشان نہیں ملا۔ انہوں نے کہا کہ یہ پیش رفت ایرانی قوم، جنگجوؤں اور مزاحمتی محاذ کی مکمل فتح تک جاری رہے گی۔ ایرانی وزارت دفاع کے بیان میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ خطے میں جاری کشیدگی کے دوران ایران اپنی حکمت عملی پر قائم رہے گا اور اپنے موقف سے پیچھے نہیں ہٹے گا۔

بقیہ 2 صدر مملکت

ہتھیار استعمال کرنا انتہائی تشویشناک ہے۔ عالمی یوم آب پر اپنے پیغام میں صدر مملکت نے کہا کہ اس سال عالمی یوم آب کا موضوع پانی اور صنفی مساوات ہے، جو ہمیں یاد دلاتا ہے کہ پانی کی کمی کا اثر سب پر یکساں نہیں ہوتا، جب محفوظ پانی گھر کے قریب دستیاب نہ ہو تو خواتین اور بچیاں سب سے زیادہ بوجھ اٹھاتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے کئی علاقوں میں اب بھی گھریلو ضروریات کے لیے دور دراز پانا قابل بھروسہ پانی کے ذرائع پر انحصار کیا جاتا ہے۔ خواتین اور بچیاں روزانہ کئی گھنٹے پانی جمع کرنے میں صرف کرتی ہیں جبکہ یہ وقت وہ تعلیم، روزگار یا اپنے خاندان کے ساتھ گزار سکتی ہیں۔ صدر نے کہا کہ محفوظ پانی کی عدم دستیابی صحت کے مسائل کو بھی جنم دیتی ہے اور گھریلو زندگی پر اضافی دباؤ ڈالتی ہے۔ اس خلا کو پُر کرنا صرف عوامی خدمات کی فراہمی کا معاملہ نہیں بلکہ انصاف اور مواقع کی فراہمی کا بھی تقاضا ہے۔ محفوظ پانی اور سینی ٹیشن کی سہولیات تک رسائی ہمارے آئین کا قیمتی بنیادی حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ قابل بھروسہ اور محفوظ پانی کی فراہمی کو قومی ترجیح بنائے رکھنا ضروری ہے۔ اس کے لیے آبی وسائل کا محتاط انتظام، پانی کے نظام میں سرمایہ کاری اور منصوبہ بندی و فیصلہ سازی میں خواتین کی زیادہ شمولیت ناگزیر ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ مقامی کمیونٹیز بارش کے پانی کو محفوظ کرنے (رین واٹر ہارویسٹنگ) اور دیگر سادہ طریقے اختیار کر کے براہ راست اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ یہ اقدامات زیر زمین پانی کے ذخائر کو بھرنے اور پانی کی سطح بلند کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے چھوٹے چھوٹے اقدامات مجموعی طور پر پانی کی دستیابی پر نمایاں اثر ڈال سکتے ہیں۔ صدر مملکت نے پانی کی ترسیل اور صفائی کے درجنوں مراکز کو نشانہ بنایا گیا، جبکہ امریکی و اسرائیلی حملوں میں اہم نیوکلیئر درس کے کچھ حصے تباہ ہو گئے ہیں۔ وزیر توانائی کے مطابق نقصانات کے ازالے اور مرمت کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ اسرائیلی فوج کے مطابق جنگ کے آغاز سے اب تک ایران نے 400 میزائل داغے، ایران کے داغے گئے 92 فیصد میزائل انٹرسیپٹ کر دیے گئے۔ ایرانی وزارت دفاع کے ترجمان نے کہا ہے کہ دشمن کے مکمل سرنڈر تک جنگ پوری شدت اور طاقت کے ساتھ جاری رکھی جائے گی۔ ترجمان کے مطابق خلیج فارس اور بحیرہ عمان میں دشمن کے کسی جہاز کا کوئی نشان نہیں ملا۔ انہوں نے کہا کہ یہ پیش رفت ایرانی قوم، جنگجوؤں اور مزاحمتی محاذ کی مکمل فتح تک جاری رہے گی۔ ایرانی وزارت دفاع کے بیان میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ خطے میں جاری کشیدگی کے دوران ایران اپنی حکمت عملی پر قائم رہے گا اور اپنے موقف سے پیچھے نہیں ہٹے گا۔

بقیہ 3 گورنر بلوچستان

دو قوم کی سلامتی، خوشحالی اور ترقی کیلئے خصوصی دعائیں کیں بعدازاں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل عام شہریوں اور سیاسی کارکنوں میں گھل مل گئے اور انہیں فرداً فرداً عید کی مبارکباد دی۔ اس موقع پر چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ کامران خان ملاخیل، انسپکٹر جنرل پولیس محمد طاہر خان، اعلیٰ سرکاری افسران، وی نیٹز، وکلاء برادری، سول سوسائٹی اور سیاسی کارکن بھی گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے ملے اور عید الفطر کی مبارکباد دی دریں اثناء گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے خورونوش تعطیل موسم بہاری آمد کے موقع پر تمام اہل وطن اور پورے خطے کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔ جشن خورونوش بہار کا آغاز ہے جہاں ہم محنت، نئی امید اور مثبت سوچ کے ساتھ ایک بہتر مستقبل کی بنیاد رکھتے ہیں۔ آیئے آج پوری فطرت نئی بہار اور اپنے پیاروں کے ساتھ دوبارہ جڑنے کیلئے اپنے عزم کی تجدید کرتے ہیں ایک ایسی دنیا بنانے کیلئے جہاں ہر شخص جسمانی طور پر کسی تعلیمی ادارے میں نہ جائے۔ واضح رہے کہ ایرانی میزائل حملوں نے جنوبی اسرائیلی شہر دیمونا اور عراد میں بڑی تباہی مچا دی، کئی عمارتیں تباہ، 6 افراد ہلاک، 150 سے زائد زخمی ہوگئے۔ دنیا کو ایران نے خطرہ میں اپنی جوہری تنصیبات پر امریکا اور اسرائیلی حملے کے جواب میں اسرائیلی ایٹمی مرکز دیمونا پر یکے بعد دیگرے 2 حملے 51 افراد زخمی ہوئے۔ اس کے علاوہ جنوبی اسرائیل کے شہر عراد پر بھی ایرانی میزائلوں نے بارش کی۔ اسرائیلی میڈیا نے عراد پر ایرانی حملے میں 6 اسرائیلیوں کی ہلاکت اور 100 سے زائد زخمیوں کی تصدیق کر دی۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو فوجی دھمکیاں دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر 48 گھنٹوں کے اندر آبنائے ہرمز کو مکمل طور پر بحال نہ کیا گیا تو امریکہ سخت ردعمل دے گا۔ اپنے تازہ بیان میں ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ امریکہ مرحلہ وار ایران کے اہم پاور پلانٹس کو نشانہ بنا سکتا ہے، جس کا آغاز بڑے بجلی گھروں سے ہوگا۔ ایران نے بھی خبردار کیا ہے کہ اگر اس نوعیت کی کوئی کارروائی کی گئی تو مشرق وسطیٰ میں امریکی توانائی تنصیبات کو نشانہ بنایا جا سکتا ہے، جس سے خطے میں کشیدگی مزید بڑھنے کا خدشہ ہے۔ امریکی صدر نے ایک اور موقع پر میڈیا پر بھی برہمی کا اظہار کیا اور کہا کہ امریکہ ایران کے خلاف اپنے اہداف حاصل کر چکا ہے، جبکہ بعض رپورٹس اس کے برعکس تاثر دے رہی ہیں۔ ایک روز قبل ٹرمپ نے عندیہ دیا تھا کہ امریکہ مشرق وسطیٰ میں فوجی کارروائیاں محدود کرنے پر غور کر رہا ہے اور آبنائے ہرمز استعمال کرنے والے ممالک کو اپنی سکیورٹی خود یقینی بنانا چاہیے۔ پاسداران انقلاب نے کہا ہے کہ جنگ کا توازن تبدیل ہو رہا ہے اور اسرائیل کا فضائی دفاعی نظام کمزور پڑ رہا ہے۔ پاسداران انقلاب کے مطابق دیمونا، بیر السبع (نقب الصبح) اور ایلات میں حملوں کے نتیجے میں سیکڑوں اسرائیلی ہلاک اور زخمی ہوئے ہیں۔ دوسری جانب ایران کی جانب سے امریکی دھمکیوں پر سخت ردعمل سامنے آیا ہے۔ خاتم الانبیا ہیڈ کوارٹرز نے خبردار کیا کہ اگر امریکی بجلی گھروں پر حملہ کیا گیا تو خطے میں تمام امریکی توانائی تنصیبات کو نشانہ بنایا جائے گا۔ بیان میں کہا گیا کہ خطے کے آئی ایل (آئل انٹرسٹ پھر اور ڈی سلینیشن پلانٹس) بھی ممکنہ اہداف میں شامل ہوں گے ادھر ایرانی وزیر توانائی نے کہا کہ حالیہ حملوں کے باعث پانی اور بجلی کے اہم نظام کو شدید نقصان پہنچا ہے، ان کے مطابق پانی کی ترسیل اور صفائی کے درجنوں مراکز کو نشانہ بنایا گیا، جبکہ امریکی و اسرائیلی حملوں میں اہم نیوکلیئر درس کے کچھ حصے تباہ ہو گئے ہیں۔ وزیر توانائی کے مطابق نقصانات کے ازالے اور مرمت کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ اسرائیلی فوج کے مطابق جنگ کے آغاز سے اب تک ایران نے 400 میزائل داغے، ایران کے داغے گئے 92 فیصد میزائل انٹرسیپٹ کر دیے گئے۔ ایرانی وزارت دفاع کے ترجمان نے کہا ہے کہ دشمن کے مکمل سرنڈر تک جنگ پوری شدت اور طاقت کے ساتھ جاری رکھی جائے گی۔ ترجمان کے مطابق خلیج فارس اور بحیرہ عمان میں دشمن کے کسی جہاز کا کوئی نشان نہیں ملا۔ انہوں نے کہا کہ یہ پیش رفت ایرانی قوم، جنگجوؤں اور مزاحمتی محاذ کی مکمل فتح تک جاری رہے گی۔ ایرانی وزارت دفاع کے بیان میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ خطے میں جاری کشیدگی کے دوران ایران اپنی حکمت عملی پر قائم رہے گا اور اپنے موقف سے پیچھے نہیں ہٹے گا۔

بقیہ 4 عطا تارڑ

کے حوالے سے آئندہ کا لائحہ عمل بنانا ہوگا۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ اور وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے مشترکہ پریس کانفرنس کی۔ علی پرویز ملک کا کہنا تھا کہ خطے میں اس وقت کشیدگی کا سامنا ہے، وزیراعظم نے اپنی پوری ٹیم کو اکٹھا کر کے نگاہت شعاری کی، وزیراعظم کی ٹیم کی مراعات میں کٹوتیاں کی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ نگاہت شعاری کے باعث اس ہفتے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں کے آگے بند باندھا گیا، وزیراعظم نے عید کی خوشیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں کو برقرار رکھا، حکومت اور عوام دونوں کو توانائی کی بچت میں بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ عوام کو بھی مکمل ذمہ داری کے ساتھ اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، صوبائی حکومتوں کے ساتھ مشاورت سے مضبوط نظام قائم کریں گے، حکومت کفر و طیلے کا مضبوط سہارا بننا چاہتی ہے، ہم سب کو مل کر ملک کو اس بحران سے نکالنا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ عالمی منڈی کے حساب سے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین کیا جاتا ہے، ہمیں ہر حال میں تیل کی بچت کو ممکن بنانا ہے، اس ہفتے پیٹرول کی قیمت میں 150 اور ڈیزل کی قیمت میں 250 روپے اضافہ روکا گیا۔ انہوں نے کہا کہ آنے والے دنوں میں عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں مزید اوپر جا سکتی ہیں، ہم سب کو مل کر بچت کے حوالے سے آئندہ کا لائحہ عمل بنانا ہوگا۔

بقیہ 5 ہائی آکٹین

ہائی آکٹین فیول پر لیوی بڑھانے کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعظم ہاؤس سے جاری ہونے والے اعلامیے کے مطابق پٹرول اور درمیانے طبقے کے زیر استعمال عام گاڑیوں میں استعمال ہونے والے ہائی آکٹین فیول کی قیمت بڑھائی گئی ہے۔ اعلامیے کے مطابق ریگولر پیٹرول پرانی قیمت پر ہی ملے گا اور اس فیصلے سے پبلک ٹرانسپورٹ اور ہوائی جہازوں کے کرایوں میں کوئی اضافہ نہیں ہوگا۔ وزیراعظم آفس کے اعلامیے کے مطابق فیصلے سے حکومت کو ماہانہ 9 ارب روپے کی بچت ہوگی جس سے عوام کو ریلیف دیا جائے گا۔

بقیہ 6 بات چیت

پی ٹی آئی نے بیٹوں سے 25 سے 30 منٹ تک گفتگو کی، اس دوران بیٹوں قاسم اور سلیمان نے والد سے صحت کے بارے میں دریافت کیا۔ ذرائع کے مطابق بانی پاکستان تحریک انصاف بیٹوں سے بات کر کے خوش ہوئے۔

بقیہ 7 بانی

ذرائع کے مطابق عام قیدیوں نے عید کی نماز جیل کی جامع مسجد اور امام بارگاہ میں ادا کی تاہم سکیورٹی وجوہات کے باعث بانی پی ٹی آئی نماز عید ادا نہیں کر سکے۔ پی ٹی وی نے جیل ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی نے عید کی نماز کے دوران اپنے سیل میں ہی قیام کیا۔

بقیہ 8 فول پروف

انتظامات متعلقہ ہوئے پولیس کی جانب سے عید کے موقع پر سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے تھے کوئٹہ میں سب سے بڑا اجتماع مرکزی عیدگاہ طوغی روڈ پر ہوا جبکہ ریلوے پاکی گراؤنڈ، ریلوے اقبال گراؤنڈ، لیاقت پارک، سائنس کالج گراؤنڈ، جامع مسجد شہباز ٹاؤن، جامع مسجد جناح ٹاؤن، مدرسہ محمودیہ فقی کمالو سریاب میں بھی لاکھوں فرزندان توحید نے نماز عید ادا کی عیدگاہوں، مساجد اور امام بارگاہوں پر پولیس، ایف سی کی بھاری نفری تعینات کی گئی تھی اور عیدگاہوں، نماز عید کے اجتماعات کے قریب گاڑیوں کی پارکنگ کی اجازت نہیں تھی۔ نماز عید کے موقع پر ملک کی سلامتی، استحکام اور مسائل کے حل کیلئے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔

بقیہ 9 رانا ثنا اللہ

کم نہیں کرتی تو عالمی سطح پر قیمتیں بڑھنے کے اثرات ہمیں گے۔ نماز عید کی ادائیگی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا پاکستان اندرونی و بیرونی چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے، سیاسی اور عسکری قیادت چیلنجز کو نمٹنے کیلئے سرگرم ہو رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا افغانستان کے حوالے سے پاکستان کا مؤقف اقوام متحدہ کے چارٹرز کے مطابق ہے، پاکستان نہ تو جنگ مسلط کرنا چاہتا ہے اور نہ افغانستان کیلئے حصے پر قبضہ چاہتا ہے، پاکستان کا ایک ہی مطالبہ ہے افغانستان اپنی زمین پاکستان کیخلاف دہشتگردی کے لیے استعمال نہ ہونے دے، افغانستان یقین دہانی کروا دے تو تنازعہ کوئی جھگڑا نہیں۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن غضب الحق پاکستان کے خلاف دہشت گردی کی کمین گاہوں اور ٹھکانوں کے خاتمے کے لیے ہے، ایک مرتبہ صفایا کر دیا ہے، اگر ایسے ٹھکانے استعمال ہوتے تو اس پر نظر رکھی جائے گی۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ پاکستان کو اس وقت تاریخ میں عالمی طور پر اہمیت حاصل ہے، پاکستان نے ایران پر جارحیت کی واضح انداز میں مزمت کی، پاکستان نے ایران کی طرف سے مسلم ممالک پر حملوں کی بھی مذمت کی، دنیا کے کسی اسلامی ملک میں اس طرح رد عمل نہیں آیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ایران، سعودی عرب اور عرب امارات کا اعتماد حاصل ہے، سعودی عرب کے ساتھ معاہدے کے پابند ہیں مگر ضروری نہیں ہم نے کسی پر حملہ کرنا ہے، پاکستان ایران اور سعودی عرب کے مابین اقدام و تکریم سے معاملے کو لے کر چل رہا ہے۔ مشیر وزیراعظم کا کہنا تھا پی ٹی آئی والوں کے خلاف مقدمات ہم نے تو نہیں بنائے، عدالتوں نے فیصلے کیے اور سزا میں دیں، کسی بیگناہ کو سزا نہیں ہوئی، ملک کے دفاع کے ضامن ادارے کیخلاف 9 مئی کو سازش ہوئی، بانی پی ٹی آئی کے خلاف توشہ خانہ اور دیگر کیسز واضح ہیں۔ ان کا کہنا تھا عوام احتجاج کی کال دینے والوں کو مسترد کر رہے ہیں، ہماری سیاسی رواداری اور سیاسی عمل کو چلانے کی پالیسی کو عوام میں پذیرائی مل رہی ہے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ یہ ذیل کیلئے تیار ہیں مگر سیاسی عمل چلانے کے لیے تیار نہیں ہیں، ذیل کی کوئی گنجائش نہیں ہے کہ ان کو دوبارہ موقع دیا جائے، پی ٹی آئی کے لوگوں کو بار بار کہہ رہے ہیں سیاسی ڈائیلاگ کا حصہ بنیں، ایک، دفعہ ان کو موقع مل گیا، اب ذیل کسی صورت نہیں ہو سکے گی۔ کفایت شعاری مہم سے متعلق سوال کے جواب میں رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا چوری قوم کا بار فرد پیٹرول اور گیس کا استعمال آدھا کر دے، قوم 50 فیصد استعمال کم نہیں کرتی تو عالمی سطح پر قیمتیں بڑھیں گی اثرات آئیں گے۔ ایک اور سوال کے جواب میں رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا جناب میں بلدیاتی الیکشن جلد ہوں گے، پنجاب حکومت نے فیصلہ کر لیا ہے، تیاری ہو چکی ہے۔

بقیہ 10 سعودیہ اور ایران

فوجی اتاشی اور اسسٹنٹ فوجی اتاشی سمیت سفارتخانے کے دیگر ارکان کو 24 گھنٹوں کے اندر ملک چھوڑنے کی ہدایت جاری کر دی گئی ہے۔ سعودی حکومت نے ان افراد کو ناپسندیدہ شخصیت قرار دے دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ فیصلہ ملکی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے پیش نظر کیا گیا ہے اور مملکت ہر ممکن اقدام اٹھانے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ سعودی حکام نے ایران پر سخت الزامات عائد کرتے ہوئے کہا کہ ایرانی اقدامات خطے کے امن کے لیے سنگین خطرہ ہیں اور ان کے نتائج بھی نہایت سنگین ہوں گے۔ حکم کے مطابق ایرانی ملٹری اتاشی، اسسٹنٹ ملٹری اتاشی اور سفارتخانے کے مزید تین اہلکاروں کو فوری طور پر سعودی عرب چھوڑنا ہوگا۔

بقیہ 11 شہباز شریف

کے عوام کو عیدی مبارکباد دی جبکہ بحرین کے شاہ محمد بن عیسیٰ نے بھی وزیراعظم کو عید کی مبارکباد دی اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ دونوں رہنماؤں نے امت کی صفوں میں اتحاد اور ہم آہنگی کیلئے دعا بھی کی۔ اعلامیے کے مطابق وزیراعظم نے خطے میں جاری جنگ پالیسیوں، بحرین پر حملوں کی مذمت کا اعادہ کیا اور بحرین میں حملوں میں جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا۔ شہباز شریف نے بحرین اور اس کے عوام کیلئے پاکستان کی یکجہتی اور حمایت کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم نے بحرین کے بادشاہ کو خطے میں امن کیلئے پاکستان کی سفارتی کوششوں سے آگاہ کیا اور کہا کہ پاکستان جاری جنگ کے خاتمے کیلئے تمام سفارتی کوششوں کی حمایت جاری رکھیگا۔ دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ اور علاقائی امور پر قریبی رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 12 بڑھنے کی توفیق دے۔

کرتی ہے انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں معاشرے میں اتحاد، یکجہتی اور بھائی چارگی کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ ہم ایک پرامن اور مضبوط معاشرہ تشکیل دے سکیں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے عوام سے اپیل کی کہ عید کی خوشیوں میں اپنے اردگرد موجود بیوہ اور مستحق افراد کو بھی شامل کریں اور ان کے ساتھ محبت اور خلوص کا مظاہرہ کریں انہوں نے کہا کہ یہی عمل حقیقی عید کی خوشی ہے اور اس سے معاشرے میں باہمی ہم آہنگی اور اخوت کو فروغ ملتا ہے حکومت بلوچستان عید کے موقع پر عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے، اور سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں تاکہ شہری بلا خوف و خطر اپنی خوشیاں منا سکیں عوام قانون توڑنے والے اداروں کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع متعلقہ حکام کو دیں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ملک و صوبے میں امن، استحکام اور خوشحالی عطا فرمائے اور ہمیں باہمی محبت، بھائی چارگی اور یکجہتی کے ساتھ آگے بڑھنے کی توفیق دے۔

بقیہ 13 اضافہ ہو چکا ہے

میر اسرار اللہ خان زہری نے کہا کہ گزشتہ میڈیکل قابل قتل پر دلی رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے اسے ایک ناقابل تلافی نقصان قرار دیا انہوں نے کہا رئیس محمد صادق کرخی ایک قابل نوجوان اور عوامی فلاح کے جذبے سے سرشار قبائلی معتبر تھے۔ جن کی قتل نے علاقے میں سوگ کی فضا پیدا کر دی ہے انہوں نے مقتول کے بھائیوں ڈاکٹر محمد مراد میڈیکل، معظم عابد میڈیکل و دیگر اہل خانہ سے دلی ہمدردی و تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ رئیس محمد صادق زہری کی مغفرت فرمائے اور لواحقین کو اس سانحہ کو برداشت کرنے کی صبر جمیل عطاء کرے میر اسرار اللہ خان زہری نے مزید کہا کہ قبائلی معتبرین سیاسی رہنماؤں کو سرعام نشانہ بنایا جا رہا ہے اور علاقہ میں قتل گردی کے واقعات میں خوفناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے

بقیہ 14 خصوصی توجہ کے مستحق

یتیم بچوں کے ساتھ وقت گزارا، ان میں عیدی اور مٹھائیاں تقسیم کیں اور ان کے ساتھ عید کی خوشیاں بانٹیں۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ عید خوشیاں بانٹنے کا نام ہے اور ہمیں چاہیے کہ ہم اپنی خوشیوں میں ان افراد کو بھی شامل کریں جو خصوصی توجہ کے مستحق ہیں۔

بقیہ 15 بدولت امن قائم ہے

بلوچستان پولیس اپنے بہیرو اور ان کے اہل خانہ کو فراموش نہیں کرتا جنہوں نے ملک کیلئے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ دے کر دہشت گردوں کے عزائم کو ناکام بنایا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے عید کے روز 31 خونریز کو دہشت گردوں کے ساتھ جوانمردی اور بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کرنے والے ڈی ایس پی میر فیصل رشید اور اے ایس آئی انسپکٹر زبیر احمد عبید اور ٹارگٹ کلنگ میں شہید ہونے والے سب انسپکٹر مضافات کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کے موقع پر لواحقین سے بات چیت کرتے ہوئے کیا آئی جی پولیس بلوچستان نے کہا ہے کہ پولیس کے بہادر شہداء نوجوان قوم کا فخر، جن کی لازوال قربانیاں تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی جائیں گی ہمارے افسران اور جوانوں کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی انہوں نے کہا کہ ہمارے حوصلے بلند ہیں بلوچستان پولیس بے ہیشہ عوام کے تحفظ اور امن وامان کی بہتری کیلئے قربانیاں دی ہیں اور آئندہ بھی اپنے فرائض کی انجام دہی سے ادا کرتے ہوئے دہشت گردی کے خلاف صف اول میں موجود رہوں گے آئی جی پولیس نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف کوششیں ہمیشہ کی طرح عوام کے تعاون سے تا کام ہو چکی ہے انہوں نے مزید کہا کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی بلوچستان پولیس شہداء کے لواحقین کے ساتھ کھڑی ہے انہوں نے کہا کہ شہداء اور غازی ہمارے حقیقی ہیرو ہیں، ان کی قربانیاں اور بہادری ہمیشہ یاد رکھی جائے گی شہداء اور غازیوں کی قربانیوں کی بدولت امن قائم ہے

بقیہ 16 منانے کے قابل ہیں

کی کاوش دیتی ہے اور ہمیں چاہیئے کہ اس موقع پر عوام اور مستحق افراد کو بھی اپنی خوشیوں میں شریک کریں میر سلیم احمد خان کھوسہ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ وطن عزیز پاکستان کو ہمیشہ امن استحکام ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن رکھے اور ہمیں باہمی اتحاد و اتفاق کے ساتھ آگے بڑھنے کی توفیق عطا فرمائے انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں قومی یکجہتی اور اتفاق کی اشد ضرورت ہے تاکہ ہم ہر قسم کے چیلنجز کا مل کر مقابلہ کر سکیں انہوں نے اس موقع پر پاک افواج کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے بہادر سپوتوں کی لازوال قربانیاں قوم کیلئے باعث فخر ہیں۔ انہی قربانیوں کی بدولت آج ہم امن وسکون کے ساتھ اپنی مذہبی اور قومی تہوار منا رہے ہیں

بقیہ 17 کا ذریعہ بنائے۔

ہم آئینی کو مضبوط بنانے کا درس دیتا ہے انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں صبر، تحمل اور عبادت کے ذریعے جو تربیت حاصل کی گئی، عید کا دن اس کا عملی اظہار ہے۔ ہمیں چاہیے کہ ان اعلیٰ اقدار کو اپنی روزمرہ زندگی کا حصہ بنائیں شاہد رند نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کی فلاح و بہبود، امن و استحکام اور ترقی کے لیے بھرپور اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے، اور عید کے اس موقع پر ہمیں عہد کرنا ہوگا کہ ہم سب مل کر اپنے صوبے اور ملک کی خوشحالی میں اپنا کردار ادا کریں گے انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس عید کو پاکستان اور بالخصوص بلوچستان کے لیے امن، خوشحالی اور ترقی کا ذریعہ بنائے۔

بقیہ 18 کوشش کرنا ہوگا۔

کی ہے، اپنے ایک پیغام میں صوبائی وزیر آبپاشی نے کہا کہ عید کی خوشیاں منانے کا مقصد بھی یہی ہے کہ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں جس طرح عبادات اور خوش خلقی کے ذریعے ہم نے رب العزت کی رضا حاصل کی اور آج عید الفطر کی خوشیاں منا رہے ہیں بالکل اسی طرح اب پورے سال ہمیں آپس میں ایثار، ہمدردی اور قربانی کا مظاہرہ کرتے باہمی اتفاق و اتحاد کو فروغ دینا ہوگا، میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ خطے میں شعرک کشیدہ صورتحال کے پیش نظر عالم اسلام اور خصوصی طور پر پاکستان کی تعمیر و ترقی اور سلامتی کیلئے عید کے پرمسرت لمحات میں بھی ہمیں خاص دعاؤں کے اہتمام کرنے کی ضرورت ہے، صوبائی وزیر نے کہا کہ موجودہ مشکل حالات میں ہمیں صبر، تحمل اور بردباری کا مظاہرہ کرتے ہوئے حکومت کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات پر مکمل درآمد کو یقینی بنانے کی ہر ممکن کوشش کرنا ہوگا۔

بقیہ 19 ملاقاتیں کیں

عید الفطر ہمیں اخوت، محبت، رواداری اور اتحاد کا درس دیتی ہے، اور ہمیں چاہیئے کہ ہم ان اعلیٰ اقدار کو اپنی روزمرہ زندگی کا حصہ بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے ساتھ براہ راست رابطہ اور ان کے مسائل سے آگاہی ان کی سیاسی ذمہ داری کا اہم حصہ ہے انہوں نے مزید کہا کہ عوام کی خدمت ہماری اولین ترجیح ہے اور وہ اعتماد انتخاب کی ترقی، خوشحالی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری رکھیں گے آخر میں انہوں نے تمام اہل علاقہ اور پوری قوم کو عید الفطر کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس عید کو ہم سب کیلئے خوشیوں، برکتوں اور امن کا ذریعہ بنائے دریں اثناء پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء و صوبائی درجہ حاضری میر علی بلوچ نے عید الفطر کے دوسرے روز آصف آباد جنگ ہاؤس کوئٹہ میں سیاسی، سماجی اور قبائلی عمائدین سے ملاقاتیں کیں

بقیہ 20 منعقد کی جائیں گی

انہوں نے کہا کہ 23 مارچ محض ایک تاریخی دن نہیں بلکہ ایک زندہ پیغام ہے، جو ہمیں اپنے اسلاف کی عظیم قربانیوں، عزم مصمم اور بے مثال جدوجہد کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس جذبے کو بروئے کار لاتے ہوئے ہمیں آج کے چیلنجز ک

جنگلات خطے کی معاشی مضبوطی اور ماحولیاتی توازن کے ضامن ہیں، جنگلات کے تحفظ ناگزیر ہے

موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے چیلنجز کے پیش نظر جنگلات کا تحفظ ناگزیر ہو چکا ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

حکومت جنگلات کے فروغ، تحفظ و دانشمندانہ استعمال کو یقینی بنانے کے لیے دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ جنگلات کی بھی خطے کی معاشی مضبوطی اور ماحولیاتی توازن کے ضامن ہوتے ہیں، اور بلوچستان کے تناظر میں ان کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔ جنگلات نہ صرف قیمتی قدرتی وسائل فراہم کرتے ہیں بلکہ زراعت اور مویشی پالنے جیسے بنیادی شعبوں کو تقویت دیتے ہوئے عوام کے معیار زندگی کو بہتر بنانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں

کوئٹہ جنگلات پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ سے عید کے موقع پر مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

جنگلات کے حامی دن کی مناسبت سے اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی کے بڑھتے ہوئے چیلنجز کے پیش نظر جنگلات کا تحفظ ناگزیر ہو ..... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

ایرانی پاسداران انقلاب کے ترجمان علی محمد نائینی اسرائیلی حملے میں شہید ہو گئے

تہران (م ذ) ایرانی پاسداران انقلاب کے ترجمان علی محمد نائینی اسرائیلی حملے میں شہید ہو گئے۔ پاسداران انقلاب کے ترجمان علی محمد نائینی اسرائیلی حملے میں شہید ہو گئے ہیں، جس کی تصدیق ایرانی میڈیا نے بھی کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق علی محمد نائینی جولائی 2024 سے پاسداران انقلاب کے ترجمان کے طور پر خدمات انجام دے رہے تھے جبکہ وہ ایک یونیورسٹی میں سوشل سائنسز کے استاد بھی تھے۔ مزید بتایا گیا ہے کہ برطانوی حکومت نے 2024 میں علی محمد نائینی پر پابندیاں بھی عائد کی تھیں۔

برطانوی جوہری آبدوز نے بحیرہ عرب میں پوزیشن سنبھال لی

لندن (ریاض) برطانوی جوہری آبدوز نے بحیرہ عرب میں پوزیشن سنبھال لی۔ برطانوی اخبار کے مطابق جوہری آبدوز ٹوماہاک کروز میزائلوں سے لیس ہے۔ دوسری جانب ایرانی فوج نے کہا ہے کہ تو اتانی تنصیبات پر حملہ ہوا تو بھرپور جواب دیا جائے گا، خطے میں امریکی مفادات سے جڑی تمام تو اتانی تنصیبات نشانہ بن سکتی ہیں۔ ایران نے اپنے سمندر سے دور۔ بحر ہند میں امریکا اور برطانیہ کے مشترکہ فوجی اڈے دیگو گارشیا پر طیاتک میزائل داغنے کی تردید کر دی۔ ایک سینئر ایرانی عہدیدار نے غیر ملکی میڈیا کو بتایا کہ دیگو گارشیا پر حملے کے ذمہ دار نہیں ہیں

ایران نے اسرائیل میں حیفہ آئل ریفائنری پر حملہ کر دیا

تہران (م ذ) ایران کی پاسداران انقلاب نے اسرائیل کے مختلف علاقوں پر تازہ میزائل حملوں کا دعویٰ کیا ہے جن میں حیفہ کی آئل ریفائنری کو نشانہ بنانے کی بھی اطلاعات ہیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق حیفہ شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی کی فراہمی منقطع ہو گئی ہے۔ پاسداران انقلاب کے مطابق ان حملوں میں اشدود اور حیفہ آئل ریفائنریز پر پہلی بار ملٹی وار ہیڈ نصر اللہ میزائل کا استعمال کیا گیا، اس کے ساتھ ساتھ قیس شکن، عماد اور حاج قاسم میزائل بھی استعمال کیے گئے، دعویٰ کیا گیا ہے کہ تل ابیب سمیت اسرائیل کے وسطی اور جنوبی علاقوں کو نشانہ بنایا گیا۔ ادھر خطے کے دیگر ممالک میں بھی کھیدی بڑھ گئی ہے۔ سعودی عرب کے شہریوں کے قریب واقع ریفائنری پر حملے کی اطلاعات ہیں

این اے 256 ضمنی انتخابات کیلئے تمام انتظامات مکمل

حلقے میں مرد ووٹر 174336 جبکہ خواتین ووٹرز کی تعداد 144881 ہے' ریٹرننگ آفیسر

خضدار (بیورو رپورٹ) ضلع خضدار کے قومی اسمبلی حلقہ این اے 256 میں ہونے والے ضمنی انتخابات کے تمام انتظامات حتمی ہو چکے ہیں، ریٹرننگ افسر اکبر علی مزارزئی نے اعداد و شمار جاری کرتے ہوئے بتایا کہ حلقے میں کل رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 319217 ہے ان میں مرد ووٹرز کی تعداد 174336 جبکہ خواتین ووٹرز کی تعداد 144881 ..... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

شہداء کا خون رائیگان نہیں جائے گا' میر شفیق الرحمان مینگل

رئیس محمد صادق گزگی کی شہادت ناقابل تلافی نقصان ہے' رہنماء پیپلز پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما میر شفیق الرحمان مینگل نے کہا ہے کہ نظریہ پاکستان کے علمبردار اور پاکستان پیپلز پارٹی خضدار کے رہنما رئیس محمد صادق گزگی کی شہادت ناقابل تلافی قومی نقصان، شہداء کا خون رائیگان نہیں جائے گا' دہشتگردی کے خلاف عوامی و فکری جدوجہد مزید استقامت کے ساتھ جاری رہے گی یہاں جاری ..... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

عیداللہ کی طرف سے عبادات کا خوبصورت انعام ہے' ڈاکٹر ربابہ بلیدی

اللہ تعالیٰ مسلمانوں کی عبادات اور روزوں کو قبول فرمائے' صوبائی مشیر

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے عید الفطر کے مقدس، سعید اور بابرکت موقع پر پوری قوم اور بالخصوص بلوچستان کے غیور عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ عید الفطر کا یہ دن اللہ تعالیٰ کی جا ..... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

چیف جسٹس کامران خان مائیکل اور گورنر ظفر خان مندوخیل مصافحہ کر رہے ہیں

کوئٹہ اندرون بلوچستان گرج چمک کیساتھ بارشیں' نشیبی علاقے زیر آب

بالائی علاقوں میں ژالہ باری، سردی بڑھ گئی، کوئٹہ میں بارش سے جل تھل، سڑکیں ندی نالوں میں تبدیل

نوشکی، خضدار، زیارت، چمن، پشین، قلعہ عبداللہ، قلعہ سیف اللہ، ژوب، قلات، مستونگ، بارکھان بارشیں

کوئٹہ (جنرل رپورٹ) عید الفطر کے پہلے اور دوسرے روز بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری رہا، جس کے باعث عید کی خوشیاں ماند پڑ گئیں اور متعدد علاقوں میں عید کے نماز کے بڑے اجتماعات بھی متاثر ہوئے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق صوبے کے مختلف علاقوں میں کہیں ہلکی تو کہیں موسلا دھار بارش ریکارڈ کی گئی، جبکہ بعض مقامات پر ژالہ باری نے سبی اور ..... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، جمعیت نظریاتی کے مرکزی امیر عبدالقادر لونی سید حاجی عبدالستار شاہ و جنتی سے عید کے موقع پر مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

عیدالفطر کی خوشیاں عروج پر روایتی میلے تفریحی مقامات پر شہریوں کا رش

پہلے و دوسرے روز دعوتوں کا سلسلہ، شہر کی گلیاں مزیدار پکوانوں کی خوشبو سے مہک اٹھی، نئے کپڑے اور عیدی ملنے پر بچے خوش

عارضی عید میلوں میں شہریوں کا تانتا بندھ گیا، شام کے وقت ہوا، فیملیز اپنے بچوں کے ہمراہ تفریح کے لیے نکل پڑیں، بلہ گلہ

کوئٹہ (جنرل رپورٹ) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں عیدالفطر کی خوشیاں اپنے عروج پر پہنچ گئیں، جہاں شہریوں نے روایتی میل جول کے ساتھ ساتھ تفریحی سرگرمیوں کا بھی بھرپور اہتمام کیا۔ عید کے دوسرے روز شام ڈھلتے ہی شہر کے مختلف پارکس، تفریحی مقامات اور عید میلوں میں عوام کا غیر معمولی رش دیکھنے میں آیا، جس نے شہر کو ایک زندہ دل اور خوشگوار منظر پیش کر دیا۔ بچے، خواتین اور نوجوان بڑی تعداد میں گھروں سے نکل کر پارکوں اور میلوں کا رخ کرتے نظر آئے، جہاں ہر طرف قہقہوں، خوشیوں اور رنگ برنگی روشنیوں نے عید کی خوشیوں کو دوبالا ..... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما و صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک سے ایکی رہائش گاہ پر علاقے کے لوگ عید ملنے آ رہے ہیں

حکومت نے فول پروف سیکیورٹی پلان ترتیب دیا ہے' محمد عبدالقادر

پولیس، فرنٹیئر کور اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہائی الرٹ رکھا گیا ہے' سینئر

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ عید کے موقع پر حکومت اور سیکیورٹی اداروں نے غیر معمولی اقدامات کئے تھے تاکہ عوام کو پرامن ماحول فراہم کیا جا سکے صوبائی حکومت نے عید الفطر کے بعد بھی فول پروف سیکیورٹی پلان ترتیب دیا ہے جس کے تحت مساجد، امام بارگاہوں اور عوامی مقامات کی کڑی نگرانی جاری ہے پولیس، فرنٹیئر کور (ایف سی) اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہائی الرٹ رکھا ..... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

حلقہ انتخاب کی خلوص دل سے خدمت کر رہے ہیں' بابا غلام رسول

عوام کے ساتھ دھوکہ کرنے والوں کا احتساب جلد ہوگا' صوبائی وزیر

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) صوبائی مشیر برائے محکمہ لیبر اینڈ مین پاور عمرانی قبیلے کے سربراہ و سینئر چیف سردار بابا غلام رسول عمرانی کے پہلے روز مختلف قبائل سے تعلق رکھنے والے افراد اور سینکڑوں نوجوانوں نے ان سے ملاقاتیں کی اور انہیں عید الفطر کی مبارکباد دی اور سلیلیوں و گروپ فوٹو بناتے رہے بابا غلام رسول عمرانی کی سیاسی و عوامی مقبولیت میں کوئی کمی نہیں آئی ہے بلکہ عوامی مقبولیت میں اضافہ ہوا ہے سیاسی مخالفین چاہے جتنی بھی پروپ ..... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، صوبائی مشیر خیم الرحمن مائیکل سے مختلف وفود عید کے موقع پر ملاقات کر رہے ہیں

صاف پانی تک رسائی پائیدار ترقی کیلئے نہایت ضروری ہے' عبدالرحمن کھیتران

محکمہ پی ایچ ای تمام اضلاع میں پانی کی دستیابی بہتر اور شفاف و جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے مختلف منصوبوں پر عمل پیرا ہے' صوبائی وزیر

ہمارے منصوبوں میں کوئٹہ کیلئے سکھی پانی کے نئے ذرائع کی تلاش اور پسماندہ علاقوں میں نئی اسکیموں کے ذریعے رسائی شامل ہیں' عالمی دن کے موقع پر پیغام

صوبائی وزیر برائے پی ایچ ای سردار عبدالرحمن کھیتران نے عالمی دن برائے پانی کے موقع پر کہا ہے کہ پانی زندگی کا بنیادی جزو ہے اور صاف پانی تک رسائی صحت، وقار اور پائیدار ترقی کیلئے نہایت ضروری ہے۔ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ صوبے کے تمام اضلاع میں پانی کی دستیابی کو بہتر بنانے اور اس شعبے کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے مختلف اہم منصوبوں پر عمل پیرا ہے۔ سردار کھیتران نے کہا کہ گھنٹے کی جانب سے پانی کے تحفظ اور فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے متعدد اقدامات کئے جا رہے ہیں، جن میں بجلی سے چلنے والی واٹر سپلائی اسکیموں کی ..... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان سے آیت اللہ خامنہ ای کو خاص لگاؤ تھا، چیتی خامنہ ای

تہران (م ذ) ایران کے نئے رہبر اعلیٰ چیتی خامنہ ای کو 9 صفحات پر مشتمل ایک تحریری پیغام سرکاری ٹی وی پر پڑھ کر سنایا گیا جس میں انہوں نے کہا کہ ہم نے روز سے اور جہاد کو ایک ساتھ جاری رکھا، اللہ کا شکر ہے دشمن ٹوٹ چکا ہے۔ پی ایس ٹی کے مطابق ایران کے تیسرے رہبر اعلیٰ چیتی خامنہ ای نے اپنے پیغام میں کہا کہ اسرائیل نے ایران اور اس کے پڑوسی ممالک کے درمیان دوریاں پیدا کرنے کی چال چلی ہے۔ خامنہ ای نے پاکستان اور افغانستان کے درمیان بہتر تعلقات کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ دونوں طرف سے ضروری اقدامات کرنے کے لیے تیار ہیں۔

صدر زرداری کو وزیر اعظم کا ٹیلیفون، عید الفطر کی مبارکباد دی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری کو وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ٹیلیفون کیا اور انہیں عید الفطر کی مبارکباد دی۔ ایوان صدر کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم نے صدر مملکت کو خطے کے سربراہان مملکت سے اپنے چالیہ روابط پر بریفنگ دی۔ صدر مملکت اور وزیر اعظم کے درمیان خطے کی مجموعی صورتحال اور اس کے پاکستان پر اثرات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر نے خطے میں جاری صورتحال کے تناظر میں قومی مفادات کے تحفظ اور مربوط حکمت عملی کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ قومی اتفاق رائے اور مضبوط سفارتی روابط کے ذریعے پاکستان کے مفادات کا ہر سطح پر دفاع کیا جائے۔

شہداء قوم کا فخر، قربانیاں سنہرے حروف سے لکھی جائینگی' آئی جی بلوچستان

پولیس نے دہشتگردی کے واقعات میں دیگر اداروں کے ہمراہ موثر کردار ادا کرتے ہوئے لازوال مثال قائم کی' محمد طاہر

عوام کی حفاظت اولین ترجیح' ہمارے بہادر نوجوان آئندہ بھی دہشت گردی کے خلاف صف اول میں موجود رہیں گے

آئی جی بلوچستان کا عید کے روز شہید سب انسپکٹر کے اہل خانہ سے اظہار افسوس' ٹیوسر یاب و صدر تھانوں کا دورہ' نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے کہا ہے کہ تاریخ بلوچستان پولیس کی قربانیوں سے بھری پڑی ہے پولیس نے ہمیشہ کی طرح حالیہ دہشتگردی کے واقعہ میں دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ہمراہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے موثر اور اہم کردار ادا کرتے اپنی جان کی پرواہ نہ کرتے ہوئے ایک لازوال مثال قائم کی انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے جوانوں اور ان کے خاندان کی فلاح و بہبود اور کفالت کو یقینی بنانا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے ..... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، بلوچستان ٹیوسر یاب کے چیئرمین محمود خان اچکزئی سید ہاشم آغا کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا شیری رحمان سے بیٹی کے انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سینیٹر شیری رحمان کی بیٹی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے تعزیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ مرحومہ کی اچانک وفات سے بہت افسوس اور گہرا دکھ ہوا اور وہ اس دکھ کی گھڑی میں سوگوار خاندان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں وزیر اعلیٰ نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطاء فرمائے اور اہل خانہ کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی ہمت اور صبر جمیل عطا کرے۔

عید خوشیوں، محبت، رواداری کا پیغام ہے' میر ضیاء لانگو

معاشرے میں یکجہتی اور بھائی چارگی کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے' صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ و بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی ترجمان میر ضیاء اللہ لانگو نے عید الفطر کے موقع پر اپنے پیغام میں عوام کو دلی مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ عید کا دن خوشیوں، محبت، رواداری اور بھائی چارگی کے فروغ کا پیغام لے کر آتا ہے اپنے چاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک ہمیں صبر، برداشت، ہمدردی اور ایثار کا درس دیتا ہے، اور عید الفطر ان روحانی اقدار کو عملی زندگی میں اپنانے کا بہترین موقع فراہم ..... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

قبائلی وسیاسی رہنماؤں کو نشانہ بنایا جا رہا ہے' بی این پی عوامی

جھالاوان سیاسی کارکنوں، قبائلی معتبرین اور سیاسی قیادت کیلئے غیر محفوظ علاقہ بن چکا ہے

خضدار (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے مرکزی صدر وسابق وفاقی وزیر میر اسرار اللہ خان زہری نے خضدار میں امن و امان کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جھالاوان میں قبائلی شخصیات اور سیاسی رہنماؤں کے خلاف بڑھتے قتل و غارت گری کے واقعات قابل مذمت اقدام ہے۔ میر اسرار اللہ خان زہری نے کہا جھالاوان میں سیاسی کارکنوں، قبائلی معتبرین اور سیاسی قیادت کیلئے غیر محفوظ علاقہ بن چکا ہے ..... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

ڈی سی کوئٹہ کا عید کے موقع پر ڈسٹرکٹ جیل اور یتیم خانے کا دورہ

قیدیوں میں عیدی اور مٹھائیاں تقسیم' جیل کے میڈیکل وارڈ کا بھی دورہ کیا

میر اللہ بادینی نے ایس او ایس میں یتیم بچوں کے ساتھ وقت گزارا

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میر اللہ بادینی نے عید کے پہلے دن انسانیت دوستی اور سماجی ذمہ داری کی عمدہ مثال قائم کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ جیل اور ایس او ایس یتیم خانے کا دورہ کیا، ڈپٹی کمشنر نے ڈسٹرکٹ جیل میں قیدیوں سے ملاقات کی، انہیں عیدی دی اور مٹھائیاں تقسیم کیں اس موقع پر انہوں نے جیل کے میڈیکل وارڈ کا بھی دورہ کیا اور زیر علاج قیدیوں کی خیریت دریافت کی۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے ایس او ایس یتیم خانے کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ..... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کیساتھ براہ راست رابطہ ہماری ذمہ داریوں میں شامل ہے' علی مدد جتک

حلقہ انتخاب کی ترقی، خوشحالی اور انہیں بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہر ممکن اقدامات جاری رکھیں گے' صوبائی وزیر

اللہ تعالیٰ اس عید کو ہم سب کیلئے خوشیوں، برکتوں اور امن کا ذریعہ بنائے' رہائش گاہ پر عید ملنے والوں سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے عید الفطر کے پُرمسرت موقع پر حلقہ انتخاب میں عوام کے ساتھ عید کی بھرپور انداز میں منائی اس موقع پر اس پرخلوص اور محبت بھرے ماحول نے علاقے میں بھائی چارے اور یگانگت کی فضاء کو مزید مستحکم کیا۔ حاجی علی مدد جتک نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ..... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

محمود خان اچکزئی کی سید ہاشم آغا کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا عوامی پارٹی کے محبوب چیئرمین ڈاکٹر محمود خان اچکزئی نے پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری مالیات اور سابق رکن صوبائی اسمبلی آغا سید لیاقت علی کے چھوٹے بھائی مرحوم سید ہاشم آغا کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی اور تو اتیحین سے تعزیت کا اظہار کیا گزشتہ روز پشتونخوا میپ کے مرکزی دفتر صوبائی ایڈیشنز، جنوبی پشتونخوا کے مختلف اضلاع کے عہدیداروں، کارکنوں سمیت مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں، کارکنوں، قبائلی عمائدین، علماء کرام، تاجروں، وکلاء، ڈاکٹروں، زمینداروں، ٹرانسپورٹرز سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے ہزاروں افراد نے پشین اور کوئٹہ میں فاتحہ خوانی کی اور مرحوم کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی۔

عید خوشیوں، محبتوں کو فروغ دینے کا نام ہے' سلیم کھوسہ

اللہ وطن عزیز کو ہمیشہ امن استحکام ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن رکھے' صوبائی وزیر داخلہ نصیر آباد (خ ن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے عید الفطر کے پُرمسرت موقع پر اہل اسلام بالخصوص اپنے حلقہ انتخاب کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ عید خوشیوں محبتوں اور بھائی چارے کو فروغ دینے کا نام ہے انہوں نے کہا کہ عید الفطر ہمیں ایثار قربانی صبر اور دوسروں کے ساتھ ہمدر ..... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

عید الفطر بھائی چارے اور ایثار کا پیغام دیتی ہے' شاہد رند

یہ دن ہمیں معاشرتی ہم آہنگی کو مضبوط بنانے کا درس دیتا ہے' معاون وزیر اعلیٰ سیاسی و میڈیا

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے سیاسی امور و میڈیا شاہد رند نے عید الفطر کے پُرمسرت موقع پر اہل وطن بالخصوص بلوچستان کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کی ہے اپنے تہنیتی پیغام میں شاہد رند نے کہا کہ عید الفطر خوشی، شکر گزاری، بھائی چارے اور ایثار کا پیغام دیتی ہے یہ دن ہمیں ضرورت مندوں کی مدد، باہمی محبت کے فروغ اور معاشرتی ..... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

عید کے پرمسرت لمحات میں خاص دعاؤں کا اہتمام کرنا چاہئے' صادق عمرانی

ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے باہمی اتفاق و اتحاد کو فروغ دینا ہوگا' صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے عید الفطر کے پرمسرت لمحات میں خاص دعاؤں کا اہتمام کرنا چاہئے' صادق عمرانی ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے باہمی اتفاق و اتحاد کو فروغ دینا ہوگا' صوبائی وزیر کے بابرکت موقع پر تمام اہل اسلام اور خصوصاً پاکستان کے عوام کو دلی مبارکباد پیش ..... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ سے عید کے موقع پر مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

23 مارچ قومی تاریخ کا فیصلہ کن سنگ میل ہے' بابر یوسفزئی

قرارداد پاکستان ہمیں اتحاد، ایمان اور نظم و ضبط کے سنہری اصولوں کی یاد دلاتا ہے' معاون محکمہ داخلہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) معاون برائے محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ یہ 23 مارچ کا دن ہماری قومی تاریخ کا ایک عظیم، تاریخی اور فیصلہ کن سنگ میل ہے، جس نے برصغیر کے مسلمانوں کو ایک الگ آزاد اور خودمختار وطن کے حصول کی واضح سمت عطا کی۔ انہوں نے کہا کہ یوم قرارداد پاکستان ہمیں اتحاد، ایمان اور نظم و ضبط کے ان سنہری اصولوں کی یاد دلاتا ہے، جو قیام پاکستان کی بنیاد بنے اور آج بھی ہماری قومی ترقی کا محور ہیں ..... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

بابرکت مہینے کے بعد عید اللہ کی عظیم نعمت ہے' نور محمد دمڑ

ہمیں چاہئے عید کے موقع پر نادار اور مستحق افراد کو اپنی خوشیوں میں شامل کریں' صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خوراک و جنیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ نے عید الفطر کے پرمسرت موقع پر قوم بالخصوص اپنے حلقے کے عوام کے نام اپنے پیغام میں کہا ہے کہ عید الفطر ہمیں محبت، بھائی چارے، ایثار اور باہمی ہمدردی کا درس دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے کے بعد آنے والی یہ خوشی اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے، جس پر ہمیں اس کا شکر ادا کرنا چاہئے انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ عید کے اس موقع پر ہمیں ..... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

فورسز دہشتگردی کے خاتمے کیلئے برسر پیکار ہیں' صوبائی وزیر پی ایچ ای

عید کے موقع پر معاشرے میں حقیقی ہم آہنگی اور مساوات کو فروغ دیا جائے' عبدالرحمان کھیتران

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر سردار عبدالرحمان کھیتران نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ عید الفطر کا عظیم دن انسانیت، باہمی احترام اور اعلیٰ انسانی اقدار کو فروغ دینے کا دن ہمیں رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں سیکھنے کا موقع ملا انہوں نے کہا کہ عید الفطر صرف خوشیاں منانے کا دن نہیں بلکہ یہ ہمیں اپنے اردگرد موجود حق اور نادار افراد کو یاد رکھنے اور انہیں اپنی خوشیوں میں شامل کرنے کا پیغام بھی دیتی ہے، تاکہ معاشرے میں حقیقی ہم آہنگی اور ..... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

عید خوشی، شکر گزاری اور بھائی چارے کا پیغام ہے' شعیب نوشیروانی

ضروری ہے معاشرے میں محبت و رواداری کو فروغ دیا جائے' وزیر خزانہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے عید الفطر کے بابرکت موقع پر تمام اہل اسلام اور خصوصاً پاکستان کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے اپنے ایک پیغام میں صوبائی وزیر خزانہ نے کہا کہ عید کی آمد دراصل خوشی، شکر گزاری اور بھائی چارے کا پیغام لے کر آتی ہے رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں جس طرح ہم نے عبادات، صبر و برداشت اور دوسروں کے ساتھ ہمدردی کا مظہر ہے، ..... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

نوشکی' ڈکیتی کے دوران فائرنگ' راہزن ہلاک

راہزن کے دو ساتھی موٹر سائیکل لے کر فرار ہونے میں کامیاب' پولیس تحقیقات کر رہی ہے

نوشکی (آن لائن) عید الفطر کے پہلے دن مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جان بحق اور ایک شخص شدید زخمی، شہر میں دہشت گردی کی ناخوشگوار واقعہ موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش مسلح ڈاکوؤں نے مزاحمت پر سعود احمد نوجوان کو فائرنگ کر کے زخمی کر دیا جو اپنی موٹر سا ..... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

فائرنگ میں مسلح راہزن جان سے چلا گیا پولیس ذرائع اور زخمی سعود کے لواحقین نے بتایا کہ بوائز ہائی سکول کے قریب موٹر سائیکل پر سفر کرنے والے نوجوان سعود احمد کو تین مسلح راہزنوں نے روک کر

عید الفطر کے موقع پر پھولوں اور عرق گلاب کی قیمتوں میں بھی اضافہ

گلاب کی پتیوں کی قیمت 600 سے بڑھ کر 800 روپے فی کلو تک پہنچ گئی

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں عید الفطر کے موقع پر اشیائے ضروریہ کی طرح پھولوں اور عرق گلاب کی قیمتوں میں بھی نمایاں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے شیری کی معروف پھول منڈی میں گلاب کی پتیوں کی قیمت 600 سے بڑھ کر 800 روپے فی کلو تک پہنچ گئی ہے، جس کے باعث شہریوں کو شدید مالی بوجھ کا سامنا ہے۔ دکانداروں کا موقف ہے کہ عید پر طلب میں غیر معمولی اضافے اور دیگر علاقوں سے پھول منگوانے کے باعث ..... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

عید خوشیاں اور محبتیں بانٹنے کا تہوار ہے' میر لیاقت لہڑی

اللہ تعالیٰ کی جانب سے عید الفطر مسلمانوں کیلئے ایک خوبصورت انعام ہے' پارلیمانی سیکرٹری فرانسپورٹ

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکرٹری فرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا ہے کہ عید خوشیاں اور محبتیں بانٹنے کا تہوار ہے اور مسلمانوں کیلئے عید الفطر اللہ تعالیٰ کی جانب سے خوبصورت انعام ہے عید آپس کے اختلافات بھلا کر ایک دوسرے کے گلے لگنے کا نام ہے، موجودہ حالات میں عوام اور قیادت کے درمیان مضبوط رابطہ ناگزیر ہے پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت عوام کی ترقی و خوشحالی کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے حکومت نے صوبے میں یکساں ..... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ تیل کیلئے ویزے دیلا وایران میں دلچسپی رکھتا ہے، روس

دنیا پھر سے طاقت کے قانون کی طرف واپس جا رہی ہے، وزیر خارجہ

ماسکو (م ذ) روس کے وزیر خارجہ سرگئی لاوروف نے کہا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں زبردستی معاہدے مسلط نہیں کیے جا سکتے۔ سرگئی لاوروف نے اپنے بیان میں کہا کہ روس کے پ